اردو ایڈیشن
TETRA SIGHN REMEDY
ٹیٹرا سائن ریمیڈی
Similia, Smilibus, Curentur
ڈاکٹر سمیع الحق شاد
وائس پرنسپل ہزارہ ہومیوپیتھک میڈیکل کالج مانسہرہ

رَبِّ
زِدنِي
عِلماً

ٹیٹرا سائن ریمیڈی

(TETRA SIGHN REMEDY)

تصنیف

ہومیو پیتھک ڈاکٹر سمیع الحق شاؔد

ایم۔اے۔ڈی۔ایچ۔ایم۔ایس

آر۔ایچ۔ایم۔پی

وائس پرنسپل ہزارہ ہومیو پیتھک میڈیکل کالج مانسہرہ۔

کتاب کا نام	ٹیٹرا اسائن ریمیڈی
مُصنف	ڈاکٹر سمیع الحق شآد
پروف ریڈنگ ومعاونت	ڈاکٹر ابرار احمد شآم سواتی
تعداد	500
صفحات	
سن اشاعت	اپریل 2003ء
کمپیوٹر کمپوزنگ	محمد آصف خان سواتی (کاشی کمپیوٹرز کشمیر روڈ مانسہرہ)
قیمت	150 روپے

ملنے کا پتہ

i۔ مرحبا ہومیو پیتھک کلینک اینڈ سٹور شنکیاری روڈ مانسہرہ

ii۔ الہدٰی ہومیو پیتھک کلینک اینڈ سٹور لنک روڈ ایبٹ آباد

انتساب

پہلی کاوش

اپنے پیارے بھائی

ضیاءالحق شاؔد (مرحوم)

کے نام

فہرست

حرف تحسین

علم العلاج ایک ایسی میڈیکل سائنس ہے کہ جب تک معالج کو شفاء کے ذرائع (ادویات) کا مکمل علم نہ ہوتو وہ امراض کا نہ توصیح اور درست علاج کر سکتا ہےاور نہ ہی مریض کو کامل شفاء سے ہمکنار کر سکتا ہے۔اس لئے معالج کے لئے یہ جاننا ضروری ہے کہ کون سی دوا کس قسم کی خاصیت وصلاحیت کی حامل ہےاوراس دوا میں کہاں تک شفائیہ قوت موجود ہے!

ہومیوڈاکٹر سمیع الحق صاحب جو کہ کافی عرصہ سے میٹریا میڈیکا پر درس وتدریس کا کام سر انجام دے رہے ہیں۔انھوں نے وقت کی ضرورت کے مطابق میٹریا میڈیکا سے ''ٹیٹرا سائن ریمیڈی'' کے موضوع پر قلم اُٹھایا۔اوراس کی تشریح ایسے آسان پیرائے میں کی جس سے نہ صرف ہومیو پیتھک میڈیکل کالجوں کے طلباء وطالبات فائدہ اُٹھا سکتے ہیں بلکہ ہومیوفزیشنز بھی علم العلاج میں بھرپور رہنمائی حاصل کر سکتے ہیں۔

ڈاکٹر سمیع الحق صاحب کی یہ کاوش طلبہ وطالبات اور ہومیوفزیشنز کے لئے علم العلاج میں مشعل راہ ثابت ہوگی۔۔۔۔!

ڈاکٹر محمد عارف رانا سواتی
لیکچرار ہزارہ ہومیو پیتھک میڈیکل کالج مانسہرہ

تاثرات

ڈاکٹر سمیع الحق کی تالیف کا مسودہ بغور پڑھا تو یہ کہنا پڑا کہ ہومیو پیتھی جیسی جدید شاخ یعنی طریقہ علاج کو مزید عام فہم کر دیا گیا ہے اور مجھ جیسے تمام ڈاکٹرز کو "ٹیٹرا سائن ریمیڈی" کے ذریعے استفادہ کرنا اور بھی آسان ہو گیا ہے۔ میری دعا ہے کہ ڈاکٹر سمیع الحق شاد کو اللہ تعالیٰ اسی طرح مشکل کام کو آسان کرنے کی توفیق عطا فرمائے۔

(آمین)

ڈاکٹر محمد صدیق
چیرمین ہزارہ ہومیو پیتھک میڈیکل کالج
غازیکوٹ ٹاؤن شپ مانسہرہ ہزارہ

پیش لفظ

انداز بیاں اگرچہ میرا شوخ نہیں ہے
شاید کہ تیرے دل میں اتر جائے میری بات

ٹیٹرا Tetra لفظ کیمسٹری میں 4 کے عدد کے لئے استعمال کیا جاتا ہے۔یوں اس اعتبار سے ''ٹیٹرا سائن ریمیڈی'' سے مراد چار علامات پر دوا کا انتخاب ہوگا۔

ٹیٹرا Tetra سائن ریمیڈی لکھنے کی ضرورت اس لئے پیش آئی کہ میں تے چار سالہ تدریسی تجربات و مشاہدات میں اس بات کا اندازہ لگایا کہ نئے پریکٹیشنرز کے لئے بالمثل دوا کا انتخاب کرنا آسان کام نہیں ہے۔اس لئے کوئی ایسی کوشش کی جائے جو نئے آنے والے ڈاکٹرز کی مکمل طور پر نہ صحیح لیکن نشانِ راہِ منزل کا کردار ادا کرتے ہوئے مسافروں کو ہمکنارِ منزل کرنے میں راہنما اور معاون ثابت ہو سکے۔

گویا کہ یہ کاوش ہومیوپیتھی کے بحر بیکراں میں ایک قطرہ کی مثال سہی جس طرح حضرت یوسفؑ کے خریداروں میں ایک بڑھیا بڑے بڑے بادشاہوں اور مالدار لوگوں کے قافلہ میں دھاگے کی ایک معمولی سی گنجی لے کر بازارِ مصر پہنچ گئی تھی گو کہ خرید نہ سکتی تھی مگر اس کے دل میں جذبہ تھا، خواہش تھی، اخلاص تھا اور سب سے بڑی بات یہ کہ وہ ایک عظیم کام کی حصہ دار بن رہی تھی۔

میری اس ادنیٰ سی کوشش کا محرک بھی ایسا ہی ہے۔اس لئے تمام ڈاکٹرز اور طلبہ سے گزارش ہے کہ اس کتاب کیساتھ دیگر مستند کتب کو زیر مطالعہ ضرور رکھیں۔امید ہے کہ میری یہ کوشش ہومیوپیتھی سے محبت، جستجو رکھنے اور سمجھنے والوں کے دامنوں کو خالی نہیں چھوڑے گی۔یہ میری پہلی کوشش ہے اس میں بہت سی غلطیاں، خامیاں اور کوتاہیاں ہوں گی تمام قارئین سے گزارش ہے کہ اگر انہیں اس میں کوئی کمی یا خامی نظر آئے تو آگاہ کر کے شکریہ کا موقع دیں تاکہ آئندہ ایڈیشن میں انہیں دور کیا جا سکے۔میں ان تمام احباب کا بھی مشکور ہوں جنہوں نے اس کتاب کی اشاعت میں بھرپور معاونت اور حوصلہ افزائی کی۔

شکریہ

ہومیوپیتھی کا ادنیٰ خادم

ہومیوڈاکٹر سمیع الحق شاد

کتاب سے استفادہ کیسے کیا جا سکتا ہے

i۔ ہر دوا کے شروع میں چار نقاط دیئے گئے ہیں۔انہیں چار نقاط کو نیچے نمبر وار تفصیل سے علامات کی صورت میں بیان کیا گیا ہے۔

ii۔ پہلے چار نقاط کو دوا کی مختلف جسمانی اعضاء کے ساتھ رغبت کے اعتبار سے واضح کیا گیا ہے جس کا زیادہ تعلق فزیالوجی اور پیتھالوجی سے بنتا ہے۔

iii۔ مذید بہتری کے لئے دوا کے آخر میں ''مخصوص'' کر کے دوا کی مرکزی علامات کسی خاص بیماری، خاص جسمانی حصے یا کمی وبیشی کے اعتبار سے مخصوص کر دیا گیا۔

iv۔ اس کتاب میں جو اردو، فارسی یا ہندی کے مشکل الفاظ استعمال ہوئے ہیں انہیں سمجھنے کے لئے الگ ایک صفحے پر انگلش میں ترجمہ کر دیا گیا اسکے علاوہ ایک دوسرے کی متضاد ادویات کو واضح کر دیا گیا ہے جبکہ دو یا تین دواؤں کے بعد ڈاکٹرز کے لئے میڈیکل ٹیکنیکس دی گئی ہے۔

1۔ آرٹی میشیا ولگرس

اعصاب،مرگی،تشنج،چکر

i۔ اعصاب نہایت کمزور رات کی بات صبح تک یاد نہیں رہتی، نیند میں چلنے کی عادت۔

ii۔ ریڑھ یا اس کے اعصاب پر چوٹ لگنے کی وجہ سے تشنج اور مرگی کے پے در پے دورے۔

iii۔ عورتوں میں بے قاعدہ حیض اینٹھن والے درد اور مرگی کے دورے۔

iv۔ مختلف حالتوں کے ساتھ چکر بالخصوص رنگین روشنی کو دیکھنے سے چکر۔

☆ **مخصوص مرگی (EPILEPSY) اور رنگین روشنی سے حساس**

2۔ ابروٹینم

انتقال مرض،سوکھا پن،ٹی بی،متفرق

i۔ مرض اپنی جگہ تبدیل کر کے دوسری جگہ ظاہر ہو جیسے بچوں میں نکسیر اور ہائیڈروسیل بڑوں میں گھٹیا اور بواسیر،قبض اور دست۔

ii۔ بچوں کا سوکھا پن (Marasmus) باوجود اچھی بھوک کے گردن اور ٹانگیں خاص طور پر۔

iii۔ پھیپھڑوں کی جھلی کی سوزش (Pleurisy) اور ٹی بی جبکہ ورم باریطون (Peritonitis) اور ٹی بی۔

iv۔ بڑوں میں قبل از وقت بڑھاپا، بچوں میں ناف سے پتلی رطوبت کا سیلان۔

☆ **مخصوص انتقال مرض۔**

3۔ اُستھنیم ا

مرگی ،دماغ، رعشہ ، بے خوابی

i۔ مرگی کے دورے اس سے قبل جھٹکے یک دم شدت سے سر چکرانا (Vertigo) اور پیچھے گرنے کا رجحان۔

ii۔ دماغی جھلیوں کی سوزش (Meningitis) اور ہذیان (Delirium) اس کے بعد بے ہوشی یا نیند۔

iii۔ جسم کے کسی بھی حصے کا رعشہ (Corrhea) پٹھوں کا کھچاؤ اور تشنجی جھٹکے۔

iv۔ بچوں میں عصبی جوش کی زیادتی اور اس سے ہونے والی بے خوابی (Insominia)

☆ **مخصوص** **مرگی کے جھٹکے رعیشہ اور چکر**

4۔ ایسٹیک ایسڈ

تیزابیت ، کمزوری، دوران خون، سردی سے حساس

i۔ جسم کی رطوبتوں میں کھٹاس معدے میں بھی تیزابیت زخم، جلن متلی و قے اور پیاس کی شدت

ii۔ خون کی کمی پسینے کی زیادت رات کو بالخصوص ٹی بی کے مریضوں میں رنگت زردی مائل۔

iii۔ خون کا دوران کمزور، خون بہنے کا رجحان، رگوں میں گومڑیاں بننا شوگر اور استسقائے عام

iv۔ مریض سردی سے شدید حساس لیکن اندرون جسم گرمی کی لہریں دوڑیں۔

☆ **مخصوص** **کھٹاس اور کمزوری، ذیابطیس**

﴿معالج کا اچھی طرح سے کیس لینا نصف شفا ہے﴾

5۔ **ایکونائٹ نپلس**

حاد بیماریاں ،دماغ، گھبراھٹ،بے چینی

i۔ تمام قسم کی ابتدائی سوزشیں یا خشک سرد موسم کے اثرات بد۔

ii۔ شدید بخاروں میں دماغی سوزش سے ہذیان، خون کے اندر زہر پھیل جانا یا پسینہ دبنے کے اثرات بد۔

iii۔ تمام علامات کے ساتھ گھبراہٹ اور موت کا خوف جبکہ اندرونی اعضاء میں جلن، ٹھنڈک اور سن ہونا ہو۔

iv۔ اعصابی، صفراوی اور دموی مزاج لوگوں میں ہر علامت کے ساتھ زبردست بے چینی۔

☆ **مخصوص** **ذہنی و جسمانی بے چینی اور موت کا خوف**

6۔ **اکالفا انڈیکا**

سیلان خون،معدہ،ٹی بی، کھانسی

i۔ خون جمنے کی صلاحیت کمزور مختلف مخارج سے خون بہنے کا رجحان۔

ii۔ معدے اور آنتوں میں جلن پتلے دستوں کی زیادتی اور خون کا اخراج۔

iii۔ پھیپھڑوں کی ٹی بی جس میں بکثرت خون کا اخراج ہو مریض بتدریج کمزور ہوتا چلا جائے۔

iv۔ کھانسی کا دورہ رات کو ہوتا ہے جبکہ خون آنے کا رجحان صبح سویرے ہوتا ہے۔

☆ **مخصوص** **پھیپھڑوں سے خون آنا اور بتدریج بڑھتا ہوا سوکھا پن۔**

7۔ آرسینکم البم

جلن،بے چینی،پیاس،وقت کی پابندی

i۔ مرض کے ہر درجے اور جسم کے متاثرہ حصے میں شدید جلن دار درد جو گرمی سے آرام اور ٹھنڈ سے تکلیف پائیں۔

ii۔ ذہنی طور پر مریض کو شدید بے چینی، گھبراہٹ اور موت کا خوف ہوتا ہے ذہنی اور جسمانی دونوں قسم کی بے چینی موجود ہوتی ہے۔

iii۔ ٹھنڈے پانی کی شدید پیاس لیکن مریض پانی گھونٹ گھونٹ پیتا ہے۔ جبکہ ٹھنڈے پانی سے مرض میں اضافہ ہو۔

iv۔ مختلف قسم کے شدید بخاروں میں اور پرانی بیماریوں میں علامات مقررہ اوقات پر دوبارہ شدت پکڑتی ہیں۔

☆ **مخصوص** **جلن اور درد، گرمی سے آرام اور ٹھنڈک سے زیادتی**

8۔ آرسینکم آئیوڈائیڈ

آلات تنفس ،جلن دار رطوبتیں ،بلغی جھلیاں، کمزوری

i۔ پھیپھڑوں اور اس کے مراکز کا نزلاوی ورم، ٹی بی، نمونیا، ھے فیور، الرجی اور کھانسی دل کیٹھے کمزور۔

ii۔ نزلاوی کیفیات میں رطوبتیں تیز، خراش دار اور چھلین دار ہوتی ہیں مزمن حالتوں میں شہد جیسی گاڑھی اور سبزی مائل ہوتی ہیں۔

iii۔ سانس کے مراکز کی جھلیاں خاص کر متاثر ہوتی ہیں حاد حالتوں میں شدید نفلوانزہ Influenza

iv۔ کمزوری بتدریج بڑھتی جائے باوجو اس کے مریض کو بھوک اچھی لگتی ہے اور کھانا بھی کافی کھاتا ہے

☆ **مخصوص** **سانس کے مراکز اور دل**

نوٹ ۔۔۔۔۔۔امراض دل میں دوسری مماثل ادویات کے ساتھ بطور ٹانک استعمال کروائیں۔

﴿معالج کا بہترین اصول مریض کے سامنے انتہائی پر اعتماد ہونا ہے﴾

9- ایسکولیس ہپ

بادی بواسیر،دوران خون،جگر،معدہ و آنتیں۔

i- آنتوں کے فعل کی سستی سے بادی بواسیر جس سے عورتوں میں شدید کمر درد، درد تیزی سے جگہ بدلا کرے۔

ii- دل کی کمزوری سے دوران خون بے قاعدہ خون کی رگوں کا پھولنا Varicose Vein اور درد بھری کھچاوٹ۔

iii- جگر کی سستی سے آنتوں میں خرابی اور قبض کا ہونا۔

iv- معدے میں شدید جلن، زخم، بدہضمی بعض اوقات خوراک کا واپس پلٹ جانا۔

☆ **مخصوص بادی بواسیر اور کمر درد**

10- ایتھوزا

معدہ آنتیں،ذہنی انتشار،ذہن،غنودگی

i- معدے کی کمزوری جلن اور درد بدہضمی بالخصوص دودھ پیتے بچوں میں دودھ پیتے ہی قے ہو جائے۔

ii- زبردست ذہنی انتشار بے چینی، چڑچڑا پن خاص کر بچوں میں جب دانت نکل رہے ہوں۔

iii- خیالات کو یکسو کرنا مشکل ہوتا ہے۔خیالات منتشر بکھرے ہوئے اور ہذیان۔

iv- قے، دستوں اور ذہنی علامات کیساتھ غنودگی اور قے کے بعد نیند آجاتی ہے۔

☆ **مخصوص بچوں میں دودھ ہضم نہ ہونا۔**

11۔ آرم ٹرائفلم

نزلہ ذکام،تنفس،چھیلن دار رطوبت،متاثرہ جگہ کو نوچنا

i۔ حاد قسم کے نزلاوی ورم، ھے فیور، نزلہ وزکام پانی جیسا بکثرت اخراج۔

ii۔ سانس کی تنگی، ناک بند محسوس ہو جبکہ مریض منہ سے سانس لے۔

iii۔ تیزابی تیز اور چھیلن دار رطوبتیں بالخصوص نزلاوی حالتوں میں۔

iv۔ مریض ناخنوں، ہونٹوں ناک یا متاثرہ جگہ کو نوچ نوچ کر زخم بنا دے۔

☆ **مخصوص مریض کا جذباتی رجحان اور تیزابی رطوبتیں۔**

12۔ اسافوٹیڈا

ہسٹریکل ،اعصاب،ہڈیاں،درد

i۔ ہسٹریائی کیفیت اور پیٹ میں گیس سے اپھارہ، گلے میں تنگی، معدے و آنتوں میں تشنج۔

ii۔ اعصابی مزاج نازک، وہم نہایت چڑ چڑا پن گیس سے غنودگی اور سستی۔

iii۔ آتشک کے فتور اور ہڈیوں پر ہڈیوں کے گہرے زخم، ناسور یا سڑاؤ۔

iv۔ ہڈیوں اور دیگر متاثرہ جگہوں پر شدید درد جورات کو شدت اختیار کریں۔

☆ **مخصوص ہسٹریائی اپھارہ اور ہڈیاں۔**

﴿ڈاکٹر مریض سے دوستانہ انداز اپنائے﴾

13۔ اسارم یور پئیم

عصبی جوش،حساس،تشنج،لرزہ

i۔ شدید قسم کا عصبی جوش جبکہ تمام جسم اور اعضا ہلکے محسوس ہوں۔

ii۔ نہایت حساس یہاں تک کہ کپڑے کی آواز یا کاغذ کی کڑکڑاہٹ بھی برداشت نہ ہو۔

iii۔ پٹھوں میں کھچاؤ،تناؤ،اینٹھن اور درد۔

iv۔ جذباتی ہیجان سے لرزہ ہر وقت مریض سردی محسوس کرے۔

☆ **مخصوص حساس مزاج**

14۔ آرم میٹلیکم

دوران خون ،ہڈیاں،اعصاب،جنسی اعضاء

i۔ نبض تیز چھوٹی اور بے قاعدہ، ہائی بلڈ پریشر، ذہنی طور پر مایوسی قتل کرنے یا خودکشی کی خواہش۔

ii۔ آتشک کے اثرات سے ہڈیوں کے ناسور، گل سڑ جانا اور ان کے شدید درد جورات کو شدت اختیار کریں۔

iii۔ اعصابی کمزوری نہایت چڑچڑاپن، غصہ، پریشانی، خوف، ڈر اور غمگینی وغیرہ کے اثرات بد۔

iv۔ مردوں میں خصیوں کی کمزوری، نامردی، سوزاک کے اثرات بد، عورتوں میں رحم کا ٹل جانا اور سختی۔

☆ **مخصوص تکلیفات کا رات کو شدید ہونا،خود کشی کا جنون اور پاگل پن۔**

15۔ ایلوز

آنتیں،جگر،مقعد،مراقی مزاج۔

i۔ آنتوں کی کمزوری اور بیٹھے رہنے کی عادت سے بواسیر مسے انگور کے گچھوں کی مانند ٹھنڈے پانی سے آرام۔

ii۔ جگر میں اجتماع خون کے مزمن عوارضات اور صفرادی بیماریاں جبکہ اس سے قبل کافی ادویات استعمال ہوئی ہوں۔

iii۔ گیس کی گڑگڑاہٹ مقعد کا کنٹرول انتہائی کمزور ہوا خارج کرتے وقت پاخانے کا اخراج بالخصوص دستوں میں۔

iv مراقی اور بلغمی مزاج مریض خاص کر بوڑھے افراد آرام طلبی کے نتائج سے مختلف بیماریاں۔

☆ **مخصوص پانی جیسے کثیر دست مقعد میں جلن**

16۔ ایلیئم سیپا

نزلاوی ورم،تنفس،آنکھیں و ناک،دھاگے کا احساس۔

i۔ پانی جیسا پتلا بہتا ہوا حاد زکام اور چھینکوں کی کثرت ہے فیور سرد اور مرطوب موسم میں زیادتی۔

ii۔ حنجرے کا ورم Laryngitis اور شدید کھانسی مریض گلے کو پکڑنے پر مجبور گلا پھٹنے کا احساس۔

iii۔ نزلے میں آنکھوں سے بہنے والا پانی سادہ ہو جبکہ آنکھوں سے نہایت تیز اور جلندار پانی کا اخراج۔

iv۔ جسم کے مختلف اعضا میں دھاگہ رکھا ہونے کا احساس جیسے سر، چہرے، گردن اور سینے وغیرہ پر۔

☆ **مخصوص نزلہ و زکام اور چھینکیں۔**

17۔ ایلیئم سٹائیوا

معدہ آنتیں،دوران خون،بلغمی جھلیاں،درد

i۔ بدہضمی تیزابیت کی زیادتی آنتوں کی سوزش خاص کر موٹے تازے اور گوشت خور لوگوں میں۔

ii۔ دوران خون تیز گاڑھا، چربی کی زیادتی اور دموی مزاج لوگوں میں ہائی بلڈ پریشر۔

iii۔ بلغمی سوزش، کھانسی ٹی۔بی میں خون تھوکنا، دمہ، تھوک اور رال کی زیادتی مسوڑھوں سے خون آنا Scurvy۔

iv۔ متاثرہ جگہوں میں چیرنے پھاڑنے اور اینٹھن والے درد، درد آہستہ آہستہ شدت اختیار کریں۔

☆ **مخصوص رال اور چربی کی زیادتی۔**

18۔ آرنیکا

دوران خون،چوٹ کے اثرات،غم کے اثرات،درد

i۔ خون کی زیادتی والے لوگ خون کی بے قاعدگیاں رگوں میں رکاوٹ پڑنا، گومڑی انکا نیلا پن اور ہائی بلڈ پریشر۔

ii۔ چوٹ، رگڑ، موچ یا کسی عضو پر زیادہ بوجھ یا وزن پڑنے اور لمبے سفر کی تھکاوٹ کے اثرات بد۔

iii۔ اچانک غم، مالی صدمے، کسی عزیز کی موت وغیرہ سے پیدا شدہ تکالیف۔

iv۔ تمام جسم میں شدید چوٹ لگنے جیسا درد جوڑوں، پٹھوں، ملیریا، ٹائیفائیڈ بخاروں میں خاص طور پر۔

☆ **مخصوص چوٹ لگنے جیسا درد، جلد پر سیاہی مائل نیلے نشان۔**

19۔ ارجنٹم میٹ

ہڈیاں ،اعصاب،خون کی کمی،درد

i۔ ہڈیوں، جوڑوں اوران کے پردوں، کری ہڈیوں Cartilages کی بتدریج بوسیدگی، سڑاؤ، ناسور

ii۔ اعصابی کمزوری انتہا کو پہنچ جائے سوچنے، سمجھنے کی صلاحیت ختم ہو جائے، فالجی کیفیات۔

iii۔ جسمانی کمزوری، سرخ خلیوں کی تباہ کاریاں، یرقان اور خون کی مہلک کمی۔

iv۔ جسم کے متاثرہ حصوں، پٹھوں، جوڑوں میں شدت کے درد جو ٹھنڈک اور رات کو بڑھ جائیں۔

☆ **مخصوص اعصابی ،جسمانی کمزوری اور ہڈیوں کی تباہ کاریاں**

20۔ ارجنٹم نائٹریکم

اعصاب اور ریڑھ،معدہ،آنکھیں،آلات تناسل۔

i۔ شدید جذباتی، جلد باز، وقت آہستہ گزرے، فالجی کمزوریاں اور خون کی کمی مریض کسی خاص جگہ یا اونچی جگہوں سے خوف کھائے۔

ii۔ دماغی جذبات سے معدے کی خرابیاں تیزابیت، بدہضمی زخم معدہ مٹھائی کی خواہش جبکہ خوف سے دست ہو جائیں۔

iii۔ آشوب چشم، پیپ ملی رطوبت آنکھوں کو باریک استعمال کرنے سے درد، روہے، ککرے۔

iv۔ مردوں میں پیشاب کی نالی کی جلن اور نامردی جبکہ عورتوں میں سن یاس کے دور کا عصبی جوش اور سیلان خون۔

☆ **مخصوص ذہنی جذباتی حالتیں۔**

21۔ ایگنس کاسٹس

جلق کے بد اثرات،نامردی،موچ کے بد اثرات،زچائیں۔

i۔ اوائل عمر کی بدکاریاں، کثرت مباشرت، جلق وغیرہ سے کمزوری اور اس کے بدنتائج۔

ii۔ بار بار سوزاک ہونا، مردوں مین جنسی کمزوری اور مکمل نامردی۔

iii۔ جسم کے کسی عضو پر، پٹھے پر زیادہ بوجھ، وزن یا موچ پڑنے کے بداثرات۔

iv۔ زچاؤں میں دماغی طور پر موت کا خوف اور پستانوں میں دودھ کی کمی۔

☆ **مخصوص مردانہ امراض۔**

22۔ اگاری کس

اعصاب،رعشہ،دماغ،بے ترتیب علامات۔

i۔ اعصاب اور ریڑھ کی کمزوری سے فالجی حالتیں متاثرہ جگہوں میں برف جیسی ٹھنڈی سوئیاں چبھیں۔

ii۔ سر سے پاؤں تک کانپنا یعنی رعشہ اور تشنجی کھچاؤ جھٹکے ریڑھ انتہائی حساس۔

iii۔ ذہنی جوش کی زیادتی دماغ میں اجتماع خون سے ہذیان مسلسل باتیں کرنا رعشہ کے ساتھ۔

iv۔ علامات کا بے ترتیبی سے چلنا یعنی آڑی، ترچھی علامات جیسے اوپر کا دایاں اور نچلا بایاں حصہ متاثر ہو۔

☆ **مخصوص رعشہ۔(Corrhea)،اور بوائیاں(Chilblains)**

﴿مریض کی دلجوئی اس کا نصف علاج ہوگا﴾

23۔ ایلیٹرلیس فارینوسا

رحم،اسقاط حمل،حیض، کمزوری

i۔ رحم اوراس کے پٹھوں کی کمزوری سے رحم گر جانا یاٹل جانا،لیکوریا۔

ii۔ رحم کی کمزوریوں سے بار بار اسقاط حمل ہونا،(Miscarriage)اور بانجھ پن،(Sterility)

iii۔ حیض قبل از وقت، کثرت سے بڑے چیچھڑوں کی شکل میں، ریاحی بدہضمی، ایام حمل کی متلی و قے۔

iv۔ اعصابی کمزوری سے دماغ کو یکسوئی نہ کر سکنا،خون کی شدید کمی، لاغری، سبز یرقان بالخصوص نوجوان لڑکیوں میں۔

☆ **مخصوص رحم کی کمزوری اور خون کی کمی۔**

24۔ ایلومن

فالجی کمزوریاں،آنتیں،تنفس،دل کی دھڑکن

i۔ پٹھوں،اعضاء وغیرہ کی فالجی کمزوریاں،خون کی کمی خاص کر بوڑھوں میں جب چکر بھی آئیں۔

ii۔ آنتوں کی خشکی اور مقعد کی کمزوری سے مزمن اور ضدی قبض اور بعد میں بواسیر، پیٹ میں شدید درد قولنج

iii۔ نزلہ وزکام سانس کے مراکز کا فالج آواز کا بیٹھ جانا بوڑھوں کا مزمن برانکائٹس، بلغم کی زیادتی اور گلے کی خراش۔

iv۔ غدود بڑھنا رحم کی گردن، پستانوں اور حلق میں ٹانسلز کے غدودوں کا، دائیں کروٹ لیٹنے سے ہمیشہ دھڑکن ہو۔

☆ **مخصوص ٹائیفائیڈ میں آنتوں سے خون بہنا۔**

25۔ <u>ایلومنا</u>

بلغمی جھلیوں کی خشکی ،لو بلڈ پریشر،جلد اعصاب۔

i۔ مبرز اور آنتوں میں خشکی اور فالجی کمزوری سے شدید ضدی قبض اعضا کی سستی بھاری پن، سن پن اور پرانے ڈکار۔

ii۔ شدید جسمانی کمزوری، پٹھوں کی کمزوری سے رعشہ اور تشنج عورتوں میں بکثرت لیکوریا جوایڑیوں تک بہہ جائے۔

iii۔ جلد کی شدید خشکی چہرے پر انڈے کی زردی لگا احساس،شدید خشک خارش جو سردی اور بستر کی گرمی سے شدت اختیار کرے۔

iv۔ اعصاب کمزور پیغام دیر سے پہنچے، ذہنی تھکاوٹ خودکشی کرنے کا رجحان چھری یا خون دیکھنے سے۔

☆ **مخصوص سر تا پائوں تک خشکی اور قبض۔**

26۔ <u>اموئیم کارب</u>

دوران خون،تنفس،ہیضہ،تیزابی رطوبتیں۔

i۔ سیلان خون کا رجحان رنگ سیاہ جو جمتا نہیں،خون مثانہ آنتوں،نکسیر اور حیض کی صورت میں خارج ہوسکتا ہے۔

ii۔ تنفس کی تنگی،کھانسی،دمہ،دل کی شدید دھڑکن اور ٹھنڈے پسینے،آکسیجن کی شدید کمی۔

iii۔ عورتوں میں دوران حیض ہیضے جیسی علامات یعنی الٹیاں،دست شدید اینٹھن یا نکسیر۔

iv۔ اخراج ہونے والی رطوبتیں،خراشدار،تیزابی ہوتی ہیں،جیسے ناک سے،آنکھوں سے،پاخانے سے،لیکوریا سے۔

☆ **مخصوص خون بہنے کا میلان،عورتیں**

27۔ امونیم میور

تنفس،درد،قبض،بے ترتیب علامات۔

i۔ کاہل اور موٹے تازہ لوگ،کم وبیش تمام علامات کے ساتھ کھانسی موجود ہو جس میں چکنا لیسدار مواد بکثرت نکلے۔

ii۔ دوران حیض ہیضہ مختلف حصوں میں شدید درد جیسے حیض میں،لیکوریا میں بواسیر میں جوڑوں میں۔

iii۔ سخت قبض جس کے ساتھ ریاح کی زیادتی ہو،بہت زیادہ کوشش پاخانہ مقعد پر آ کر ٹوٹ جائے۔

iv۔ جسم موٹا،ٹانگیں پتلی سر اور سینے میں تکلیف صبح کے وقت،پیٹ کی بعد دوپہر جبکہ درد،جلدی امراض اور بخار شام کو۔

☆ **مخصوص قبض اور علامتوں کی بے قاعدگی۔**

28۔ امائل نیٹریسیم

دل،دوران خون،سن یاس،تنفس۔

i۔ درد دل Angina شدید بے چینی نبض بھری ہوئی اور تیز دل کو سکیڑنے والے درد ہائی بلڈ پریشر

ii۔ شریانوں اور رگوں کی تنگی جس سے تمام جسم میں تکلیف ہو خون کے جوش سے سکتہ اور سرسام کا خطرہ۔

iii۔ سن یاس کے عوارضات سر درد،سانس کی تنگی ہچکی،گھبراہٹ،تمتماہٹ اور پسینے کھلی ہوا کی خواہش۔

iv۔ امراض دل کے ساتھ تنفس کی تنگی،کھانسی،انفلوانزہ،دمہ،چہرے کی سرخی اور گلے میں گھٹن۔

☆ **مخصوص دل اور سن یاس۔**

﴿نہ سمجھ میں آنے والے کیس کو اپنے سینیئرز سے ڈسکس کرنا چاہیئے﴾

29۔ انا کارڈیم

اعصاب،بد هضمی،جلد،ڈاٹ کا احساس

i۔ یاداشت کمزور،اعصابی کمزوری،قوت فیصلہ کا فقدان،ضمیر اچھائی اور برائی کے درمیان کشمکش میں مبتلا

ii۔ عصبی مزاج لوگوں کی بدہضمی جسے مسلسل کھاتے رہنے سے آرام آئے۔

iii۔ شدید خارش اور چنبل، پتی اُچھلنا زردی مائل آبلے،ہتھیلیوں میں مہاسے۔

iv۔ جسم کے متاثرہ اعضاء وغیرہ میں ڈاٹ لگا ہونے کا احساس بالخصوص قبض میں۔

☆ **مخصوص بددعا، گالیاں اور قسمیں دینے کی زبردست خواهش۔**

30۔ انتھراسینم

جلد،اخراج خون کا رجحان،جلن دار درد،بسھری۔

i۔ دنبل نکلنے کا رجحان (Carbuncls)،زہرباد (Erysipeins) متاثرہ جگہ نیلگوں مائل سیاہ۔

ii۔ جسم کے متاثرہ حصوں اور مخارج سے اخراج،خون کا رجحان جو تارکول کی طرح سیاہ ہو۔

iii۔ جلدی کینسر کا میلان اور متاثرہ حصے میں شدید جلن دار دردیں ہوں۔

iv۔ پھوڑے، پھنسیاں نہ ٹھیک ہونے والے جلدی زخم، سرطان اور بسھری Onychea۔

☆ **مخصوص ضدی قسم کے جلدی امراض۔**

31۔ اینٹی مونیم کروڈم

معدہ ،دست اور قبض،جلد ،اعصاب۔

i۔ بدہضمی جلن ،زخم معدہ گیس واپھارہ ،کھائی ہوئی غذا کی ڈکاریں ،زبان پر دودھ کا سا موٹا میل۔

ii۔ دست اور قبض آپس میں بدلا کریں خاص کر بوڑھوں میں ،بلغمی بواسیر ،نوجوانوں میں موٹاپے کا رجحان۔

iii۔ پتی اچھلنا ،پھوڑے ،پھنسیاں اور ایگزیما جلدی بیماریاں رات کو زور پکڑیں تلوؤں میں درد بھر گئے (Corns) ناخن بدرنگ اور ٹوٹنے والے۔

iv۔ انتہائی چڑچڑا پن اور بے زاری بالخصوص بچے جو اجنبی لوگوں کو قریب نہ آنے دیں دودھ ہضم نہ ہوتے ہو جائے۔

☆ **مخصوص** **تمام بیماریوں کا مرکز معدہ جبکہ علامات دھوپ اور ٹھنڈے پانی سے زیادہ ہوں۔**

32۔ اینٹم ٹارٹ

تنفس،متلی و قے،ہیضہ،پسینہ

i۔ پھیپھڑوں پر فالج گرنے کا خطرہ ،کھانسی اور دم کشی ،سینے میں بلغم کی گڑگڑاہٹ بلغم مقدار میں کم نکلے۔

ii۔ بچوں میں دودھ کا ہضم نہ ہونا فوراً قے کر دینا ،ترش چیزیں کھانے کی خواہش پانی کی شدید پیاس۔

iii۔ پیٹ کے خونی کیڑے ،ہیضہ جس میں جسم ٹھنڈا ،قے ،سستی ،کمزوری اور غنودگی ہو۔

iv۔ پسینے کی کثرت ،غنودگی ،نیند اور جسمانی کمزوری تقریباً ہر ایک علامت کیساتھ ہوتے ہیں۔

☆ **مخصوص** **معدہ اور سانس کے مراکز**

﴾غلط دوا کا انتخاب کرنے سے بہتر ہے مریض کو دوسرے وقت دوا دی جائے﴿

33۔ اپس ملیفیکا

بلغمی جھلیوں کا ورم، استسقائی سوجن، جلدی بیماریاں، پیاس کا فقدان

i۔ جسم کے کسی بھی حصے کی بلغمی جھلیوں کی حاد سوزش جس میں ڈنگ مارنے جیسے درد ہوں۔

ii۔ جسم کی استسقائی سوجن (Odema) بالخصوص ٹانگوں پر جبکہ آنکھوں کے نیچے تھیلی جیسی سوجن۔

iii۔ جلد کا سرخباد اور پتی اچھلنا (Urticarias)، ورم، سرخی اور ڈنگ لگنے جیسے درد۔

iv۔ تمام علامات کیساتھ پیاس کا نہ ہونا، زبردست تکان ٹھنڈ سے کمی اور ہر قسم کی گرمی سے زیادتی۔

☆ **مخصوص ڈنگ لگنے جیسے درد پیاس کا فقدان اور پیشاب کم۔**

نوٹ: اس کے اثرات دیر سے آتے ہیں پیشاب کھل کر آنا اس کے اثر کرنے کی دلیل ہے۔

34۔ ایپوسائینم

استسقائے عام، گردے، تنگی تنفس، پیاس کی زیادتی۔

i۔ دل یا گردوں کی سوزش سے استسقائے عام پیشاب کا رک جانا، بوند بوند آنا۔

ii۔ گردوں کی خرابی سے خون کے اندر Uremia ہونا جس سے گھٹن، غنودگی اور قے ہو۔

iii۔ استسقاء کے ساتھ سانس کی تنگی ہو مریض بار بار گلا گھٹنے، کا احساس کرتا ہے۔

iv۔ پیاس کی زیادتی تمام علامات کے ساتھ ہو جبکہ ٹھنڈی ہوا اور پانی سے زیادتی گرم چیزوں اور گرمی سے آرام ہو۔

☆ **مخصوص ۔ یوریمیا کے ساتھ سانس کی تنگی**

35۔ اریلیاریسی موسا

دمہ،نزلہ و زکام،پسینہ،ھے فیور

i۔ دمے کی تمام حالتیں، کھانسی علامات رات کو شدت اختیار کریں۔

ii۔ نزلہ وزکام، پانی جیسی پتلی اور خراشدار رطوبت کا اخراج خاص کر ناک سے۔

iii۔ سوتے وقت پسینے کی کثرت جس سے کپڑے بھیگ جائیں۔

iv۔ ھے فیور، الرجی، چھینکوں کی کثرت، گردوغبار اور موسم سرما میں زیادتی۔

☆ **مخصوص سانس کے مراکز**

36۔ ارینا ڈیڈیما

ملیریا،تلی بڑھنا،نم موسم میں زیادتی،احساس

i۔ ملیریا، بخار، ہڈیوں میں شدید درد اور ٹھنڈک محسوس ہو علامات وقت مقررہ پر آئیں۔

ii۔ ملیریا بخار کے جراثیم سے تلی کا بڑھنا (Spleen-o-Megelay) اور بوجھ۔

iii۔ نم یا بارش جیسے مرطوب موسم میں تکلیف کا بڑھنا یا پیدا ہونا اور برف جیسی ٹھنڈی درد یں۔

iv۔ مریض احساس کرے کہ اعضاء پھولے بوجھل اور ان کا حجم بڑھا ہوا ہے۔

☆ **مخصوص برساتی موسم میں اضافہ مرض**

﴿مرض کہاں یا کس جگہ ہے اس کا تعین کرلیا جائے﴾

37۔ استر یا زر یونیس

عصبی درد،ہسٹریکل،جلد،غلبہ شہوت

i۔ عورتوں کے پستانوں کا کینسر،گانٹھیں اور شدید،عصبی درد بائیں جانب بالخصوص۔

ii۔ ہسٹریکل اور سائیکوٹک مزاج مختلف اعضاء کا تشنجی درد اور رعشہ،سر میں جھٹکے دار درد۔

iii۔ جلدی بیماریاں جوانی کی کیلیں،چہرہ سرخ۔

iv۔ ہر دو جنسوں میں غلبہ شہوت لیکن عورتوں میں بہت زیادہ۔

☆ **مخصوص پستانوں کا کینسر**

38۔ انکسچورا

ہڈیاں،پٹھے،تشنج،فالج

i۔ لمبی ہڈیوں کا گلنا سڑنا اور ناسور بالخصوص جبڑے کی ہڈی کا۔

ii۔ جوڑوں میں کڑ کڑ کی آوازیں پٹھوں میں اکڑن سختی اور درد۔

iii۔ پٹھوں اور اعضا میں کھچاؤ اور شدید درد حرکت سے اضافہ ہو۔

iv۔ ریڑھ کے اعصاب کی کمزوری سے فالج جبکہ اس سے پہلے تشنج ہو۔

☆ **مخصوص ہڈیاں**

﴿کسی بھی میڈیکل رپورٹ کو رد یا مسترد نہیں کرنا چاہیئے﴾

39۔ اگرافکس نوٹنس

غدود گلے اور ناک کے ،نزلہ و زکام،بلغمی جھلیاں، گونگا پن

i۔ ناک اور گلے کے غدودوں کا بڑھنا خاص کر (Adinoid) غدود کا بڑھتے رہنا۔

ii۔ نزلہ وزکام کا زبردست رجحان بکثرت رطوبت کا اخراج ہو۔

iii۔ بلغمی جھلیوں کی مسلسل سوزش سے ٹانسلز کا ورم۔

iv۔ گلے، کان، ناک سے بکثرت رطوبت نکلے جبکہ گلے کی رطوبت رک جانے سے بچوں کا گونگا پن ہو جا

☆ مخصوص ناک کے غدود بڑھنا۔

40۔ ایبس کین

معدہ،رحم،دل ،اعضا

i۔ معدہ کی جلن اور کمزوری، شدید بھوک قوت ہضم سے بڑھ کر کھانا، معدے کا نزلہ۔

ii۔ ناقص خوراک کے استعمال سے کمزوری جس سے رحم اپنی جگہ سے ٹل جائے۔

iii۔ پیٹ کے اپھارہ سے جگر کے مقام پر گرانی اور دل کی دھڑکن سانس کی تنگی۔

iv۔ عضلات میں اینٹھن اور جھٹکے ہر وقت لیٹے رہنے کی خواہش۔

☆ مخصوص معدے کے کترن جیسے درد اور رحم کا ٹلنا

﴿مریض کے ذاتی احساسات کیس میں اہم ہوا کرتے ہیں﴾

41۔ بیڈ ٹگا

نزلہ و زکام، پٹھے، غدود، حساس

i۔ چھینکوں کے ساتھ بہتا ہوا نزلہ، زکام کھانسی بلغم منہ اور نتھنوں سے دور جا گرے۔

ii۔ جلد میں اور پٹھوں میں شدت کی دکھن جبکہ تنفس کی علامات بھی ساتھ ہوں۔

iii۔ جسم کے غدود سوجنے کا رجحان خاص کر پستانوں کے اور ان کے کینسر۔

iv۔ پٹھے، جسم اور متاثرہ حصہ اتنا حساس کہ کپڑے کی رگڑ سے بھی تیز درد ہو۔

☆ **مخصوص بلغمی جھلیوں کی سوزش اور غدود**

42۔ بیلاڈونا

اجتماع خون، بخار، نبض، متفرق

i۔ مقامی طور پر اجتماع خون جس کا جوش چہرے، دماغ اور گردن کی رگوں کی جانب ہو۔

ii۔ ایسے شدید بخار جن میں دماغی جھلیوں کی سوزش سے ہذیان (Delirium) تشنج، درد اور ورم ہوں۔

iii۔ دل کی دھڑکن نبض بھری ہوئی اور کودنے والی خون کی زیادتی والے لوگوں میں ہائی بلڈ پریشر۔

iv۔ ہر بیماری یا علامت کے ساتھ سرخی، گرمی، جلن اور سوزش رہنما باتیں ہیں۔

☆ **مخصوص لال بخار (Scalaratina)**

﴿کسی بھی ڈاکٹر کے نسخے کو مسترد نہ کریں﴾

[illegible]

جوڑ و پٹھے ، گرم سرد ہو جانا،چوٹ کے بد اثرات،جلق

i۔ چھوٹے بڑے جوڑوں اور پٹھوں میں غضبناک دردیں جن سے بے حد کمزوری ہو۔

ii۔ اندرون جسم یا بیرون جسم ایسی تمام بیماریاں اور حالتیں جب جسم گرم ہو اور سردی کھا جائے۔

iii۔ چوٹ، موچ رگڑ، خراش یا تیز دھار آلے وغیرہ سے آئے زخم کے اثرات بد۔

iv۔ اوائل عمر میں عضو تناسل کو زیادہ استعمال کرنے یا مشت زنی کے بعد کی تمام حالتیں۔

☆ **مخصوص** **گرم، گرم جسم پر باہر سے ٹھنڈی ہوا،ٹھنڈا پانی یا اسی طرح اندر پینے سے کوئی بیماریاں**

44۔ بینزوئیک ایسڈ

آلات بول، گھٹیا،یورک ایسڈ،بائیں جانب۔

i۔ گردوں کا فعل ناقص، پیشاب کی تنگی رکاوٹ جلن گہری رنگت اور تیز چبھنے والی بو۔

ii۔ کم وبیش پیشاب کی بیماریوں کے ساتھ گھٹیاوی درد، گانٹھیں بننا، رسولی بننا اور کڑکڑاہٹ کی آواز

iii۔ یورک ایسڈ کی زیادتی اس کا اجتماع چھوٹے جوڑوں میں جس سے گھٹیاوی ورم اور دردیں ہوں۔

iv۔ علامات بائیں سے دائیں رخ اختیار کریں درد فوراً اپنی جگہ تبدیل کریں درد بعض اوقات دمہ کے
تبدیل ہوں۔

☆ **مخصوص** **پیشاب کی چھبن والی امونیا جیسی بو۔**

45۔ بوریکس

معدہ آنتیں، آلات بول،ڈر اور خوف،لیکوریا۔

i۔ معدے میں جلن متلی قے، درد قولنج، دست، معدے کی خرابی یا دودھ پلانے والی ماؤں میں منہ کی سوزش۔

ii۔ پیشاب میں البیومن، خون، ریت اینٹھن والے درد بچے پیشاب سے پہلے چیخ ماریں۔

iii۔ اچانک شور سے یا نیچے رخ حرکت کرنے سے شدید خوف، ڈر اور گھبراہٹ۔

iv۔ لیکوریا البیومن ملا تیز اور شدید خارش کے ساتھ تو جوان لڑکیوں کی ناک سرخ ہو۔

☆ **مخصوص پلکوں کے بالوں کا آنکھوں میں مڑ جانا(پڑ بال)**

46۔ بوتھراپس

سیلان خون کا میلان،خون کا رگوں میں جمنا،دن کا اندھا پن،فالج

i۔ جسم کے کسی بھی مخرج سے خون بہنے کا رجحان جس کا رنگ سیاہ ہوتا ہے۔

ii۔ خون کا رگوں کے اندر جمنا، لوتھڑے بننا جس سے دوران خون میں رکاوٹ یا گینگرین ہو۔

iii۔ مریض دن کی روشنی یعنی سورج میں کچھ نہ دیکھ سکتا ہو یعنی دن کا اندھا پن(Emphoisbinia)

iv۔ دوران خون میں بے قاعدگی اور رکاوٹ سے آدھے جسم کا فالج(Paraplagia)

☆ **مخصوص دن کا اندھا پن(Emphisbinia)**

47۔ پوسٹا

خون بہنے کا رجحان، جلد، بچے و بوڑھے، لیکوریا۔

i۔ خون جمنے کی صلاحیت کمزور مختلف مخارج سے آسانی کے ساتھ خون بہے۔

ii۔ چنبل، خارش، پرانی پتی اچھلنا، عورتوں میں کاسمیٹک کے اثرات سے چہرے کی خرابیاں۔

iii۔ بچے ٹھیک طرح بول نہیں سکتے تتلاتے ہیں (Steamring) جبکہ بوڑھوں میں دل کی تیز دھڑکن

iv۔ لیکوریا اور خارش، حیض صرف رات کو بہے، پیٹ میں اپھارہ گیس۔

☆ **مخصوص** **پرانی اور ضدی پتی ⟨Urticaria⟩**

48۔ بروملیم

آلات تنفس، خناق، گلہڑ، جھلین دار رطوبتیں۔

i۔ شدید ترین خشک کھانسی، کالی کھانسی (Whooping cough) دم گھٹنے کا احساس۔

ii۔ خناق (Diphtheria) نزخرے، گلے اور سانس کی نالیوں کا تشنج (Cramps)۔

iii۔ تمام غدود بڑھنے کا رجحان بشمول گلہڑ جبکہ ان میں سختی کا رجحان پایا جائے۔

iv۔ جسم کے مخارج سے جاری ہونے والی رطوبتیں تیز اور چھیلن دار ہوتی ہیں۔

☆ **مخصوص** **تشنجی کھانسی کے دورے۔**

﴿مرض کو پیدا کرنے کے بنیادی اسباب پر ضرور غور کریں﴾

49۔ بوفورانا

اعصاب،مرگی،لمف گلینڈ،جنسی بیماریاں

i۔ اعصاب اور ریڑھ کی کمزوریاں، فالج اور تشنج ،وقت سے پہلے بڑھاپا آئے۔

ii۔ مرگی، اینٹھن اور فالجی کمزوریاں خاص کر مشت زنی کے اثرات بد۔

iii۔ لمف گلینڈ بڑھنے کا رجحان بالخصوص عورتوں کے پستان درد اور ان کا کینسر۔

iv۔ مشت زنی کے اثرات بد یعنی سرعت انزال، نامردی، احتلام، مرگی اور خواب میں تشنج۔

☆ **مخصوص مشت زنی کے باعث مرگی۔**

50۔ کیکٹس گرینڈ

امراض دل،دوران خون، گھٹن و سکڑن،تشنجی دردیں

i۔ دل کی جھلی کی سوزش (Endocardis) دل کے خانوں کا بڑھنا شدید درد جو بائیں بازو تک جائے۔

ii۔ خون کا دباؤ کم اور رکاوٹ، شریانوں میں خون کے لوتھڑے جمنا (oronary Artery Occlusion)

iii۔ گھٹن اور سکڑن کا احساس تکالیف والی جگہوں پر اور مثانہ، مبرز اور رحم میں۔

iv۔ علامات وقت مقررہ پر لوٹا کریں کم وبیش تمام علامات کے ساتھ تشنجی دردیں اور گھٹن ہو۔

☆ **مخصوص دل کی بیماریاں۔**

51۔ کیڈمیئم سلف

معدہ و پیٹ،دوران خون،ہیضہ،ٹھنڈ

i۔ معدہ میں شدت کی دردیں اور جلن بار بار قے ہونا،معدہ کا کینسر۔

ii۔ دوران خون بے قاعدہ خون کے اندر مختلف زہر پھیلنے کا رجحان خاص کر کینسر کا۔

iii۔ ہیضے اور زرد بخار میں شدید مہلک اور زندگی ختم ہونے کے آثار جسم ٹھنڈا۔

iv۔ مریض کی حرات عزیزی کم آگ کے قریب بھی سردی سے کانپے۔

☆ **مخصوص　　معدہ کے درد اور جلن**

52۔ کاجوپٹم

ڈایا فرم کا تشنج،اعصاب،ہسٹریا،جوڑ

i۔ غذا کی نالی اور ڈایافرم کا تشنج جس میں پریشان کن ہچکی (Hiccough) ہو۔

ii۔ اعصابی کیفیات اور شکائتیں مریض گھٹن اور سانس کی تنگی محسوس کرے۔

iii۔ ہسٹریائی علامات اپھارہ،گیس اور گلے میں گولے کا احساس۔

iv۔ جوڑوں میں درد چھوٹے بڑے دونوں متاثر ہوسکتے ہیں درد اپنی جگہ تبدیل کرتے ہیں۔

☆ **مخصوص　　ہچکی〈Hiccough〉**

53- <u>کیلیڈیم</u>

جنسی عوارضات،دماغ،پسینہ و بخار،تمباکو نوشی کے بد اثرات

i- مردوں میں سرعت انزال،نامردی،جبکہ عورتوں اور مردوں کے جنسی اعضا پر خارش۔

ii- دماغی اور اعصابی کمزوری یا داشت کمزور جس سے مرض کوئی تسلی بخش کام نہ کر سکے۔

iii- بعض اوقات مسلسل ہذیانی بخار ہو۔ پسینے میٹھی بو والے بکثرت جس پر مکھیاں جمع ہوں۔

iv- تمباکو نوشی کے اثرات دل اور اس کے پٹھوں،سینے کے امراض کھانسی اور دمہ وغیرہ پر۔

☆ **مخصوص جنسی اعضاء اور کمزوری**

نوٹ: سگریٹ نوشی چھڑانے کے لئے بعض لوگوں پر بہت بہتر ثابت ہوتی ہے۔

54- <u>کلکیر یا آرسینکم</u>

مرگی،سن یاس،خون کی کمی،جگر اور تلی

i- مرگی کے دورے جن سے قبل خون کی گردش سر کی جانب ہو۔

ii- سن یاس کے دوران خاص کر موٹی عورتوں کے عوارض معمولی جوش سے شدید دھڑکن اور دم کشی۔

iii- کمزوری اور خون کی کمی جبکہ اس سے قبل گردوں،ملیریا وغیرہ کے اثرات رہے ہوں۔

iv- شراب نوشی یا ملیریا بخاروں کے اثرات سے جگر اور تلی کا بڑھ جانا۔

☆ **مخصوص جگر و تلی بڑھنا**

55۔ کلکیریا کارب

ہڈیاں ،بے قاعدہ نشونما،تیزابیت،پسینہ

i۔ ہڈیوں کی کمزوری، جلدی ٹوٹنا اور دیر سے جڑنا جبکہ عام جسم دیکھنے میں موٹا تازہ لگے۔

ii۔ جسم میں کیلشیئم کی بے قاعدہ تقسیم سے جسم بے ڈھنگا، بے ترتیب موٹا ہوتا ہے۔

iii۔ تمام جسم میں تیزابیت بڑھی ہوئی خاص کر معدے میں جس کی وجہ سے مریض غیر فطری چیزیں کھانا چاہے۔

iv۔ پسینہ کثرت سے آتا ہے، جس میں کھٹی بو ہوتی ہے پسینہ زیادہ تر سر اور پاؤں پر ہوتا ہے۔

☆ **مخصوص پسینے اور تیزابیت کی زیادتی اور کھٹی بو۔**

56۔ کلکیریا فاس

ہڈیاں،البیومن اور خون،سوکھا پن،سُست نشونما۔

i۔ کمزور ہڈیاں ان کا ٹیڑھا پن (Rickts) ہڈیاں جلد ٹوٹیں دیر سے جڑیں جبکہ بچوں میں دانت دیر سے نکلیں۔

ii۔ البیومن اور خون سے کشش رکھنے کی وجہ سے پیشاب میں البیومن کا اخراج اور خون کی کمی واقع ہوتی ہے

iii۔ سوکھا پن (Marsmus) خاص کر گردن اور ٹانگوں پر نمایاں ٹی بی کا رجحان اور شدید کمزوری۔

iv۔ بڑھتے ہوئے بچوں کی نشونما انتہائی سست، غور وفکر یا پڑھائی سے طالبعلموں کا سر درد، دبلے پتلے لوگ۔

☆ **مخصوص یڈیوں کی کمزوریاں،خون کی کمی اور دانت نکلتے وقت کی تکالیف۔**

57- کلکیر یا فلور

غدود ،ہڈیاں،موتیا،دوران خون

i- جسم میں غدود بڑھنے کا رجحان بشمول گلہڑ جن میں پتھر جیسی سختی پائی جاتی ہے۔

ii- ہڈیاں کمزور دانتوں کی قدرتی چمک نہ رہے۔ہڈیوں کا گلنا سڑنا،ناسور اور شدید ترین درد۔

iii- آشوب چشم آنکھون کے سامنے چنگاریاں اور سفید موتیا(Cataract)۔

iv- وریدوں کا پھیل جانا،بڑھ جانا،شریانوں کی سختی اور ہائی بلڈ پریشر

☆ **مخصوص غدودوں کی پتھر جیسی سختی۔**

58- کلکیر یا آئیوڈائیڈ

غدود،زکام،رسولیاں،جلد

i- مختلف حصوں کے غدود بڑھنے کا میلان جیسے گلہڑ،ٹانسلز وغیرہ۔

ii- خنازیری مزاج لوگوں میں نزلہ زکام کی رغبت اور ان سے حساس۔

iii- رحم کے گومڑ چھوٹی گلٹیاں اور ریشے دار رسولیاں۔

iv- نہ مندمل ہونے والے زخم،سر کا ایگزیمہ،جلد کا پھٹنا اور بالوں کا گرنا۔

☆ **مخصوص غدود نما پیدائشیں یا رسولیاں بننے کا رجحان**

59- کلکیر یا سلی کاٹا

اعضا تنفس ، کمزوری ،غدود،سو کھا پن

i- سانس کے اعضا کی پرانی سوزش،کھانسی بکثرت،زرد رنگ کے بلغم کا اخراج۔

ii- نہایت کمزوری اور لاغری جبکہ مریض سردی اور گرمی دونوں برداشت نہ کر سکے۔

iii- غدود بڑھنے کا رجحان پستانوں کے غدود بڑھے ہوئے اور ان پر زخم۔

iv- بچوں میں ہڈیوں کی کمزوری اور سوکھا پن۔

☆ **مخصوص کمزوری،بکثرت بلغم**

60- کلکیر یا سلف

جلد،سانس کے مراکز،پیپ دار ورم،ریشہ دار گومڑ

i- بچوں کے سر پر خشک۔جبکہ بڑوں میں بہنے والا چنبل،جلد گندی پیپ نما دانے اور پھوڑے۔

ii- نزلہ وزکام کا رجحان خراشدار کھانسی،ٹی،بی کا بخار اور پیپ دار بلغم کا اخراج۔

iii- نہ ٹھیک ہونے والے ضدی زخم موٹے موٹے پیپ بھرے پھوڑے ناسور یا زخم۔

iv- چہرے کی جلد کی ٹی،بی (Lupus) اندرون جسم ریشے دار گومڑ اور رسولی بننے کا میلان۔

☆ **مخصوص زرد گاڑھی پیپ کا ہونا۔**

﴿دوا کے ساتھ بیماری پیدا کرنے والے اسباب سے پرہیز کروائیں﴾

61۔ کیلنڈولا

کھلے زخم،نزلہ و زکام،بہرہ پن، کینسر

i۔ خون بہنے کا رجحان، اندرونی اور بیرونی طور پر زخموں کا ہونا، خاص کر کھلے منہ والے زخم۔

ii۔ مریض کی رغبت نزلہ وزکام کی جانب زیادتی مرطوب موسم میں۔

iii۔ بہرہ پن، جلدی بیماریاں ایگزیمیا، دونوں بیماریاں مرطوب جگہ پر زیادہ ہوں۔

iv۔ کینسر اندرونی جسم اور بیرونی جلد، معمولی خراشیں اور زخم پیچیدہ ہو جائیں۔

☆ **مخصوص زخم جو پھٹے یا کھلے ہوئے ہوں۔**

62۔ کیمفر

ہیضہ،دوران خون،نزلہ و زکام،متضاد علامات

i۔ مرونی اور نزع جیسی حالتیں برف جیسا ٹھنڈا جسم خاص کر ہیضے (Cholera) میں۔

ii۔ نبض کمزور، جسم سرد خون کا دباؤ بعض اوقات یکدم کم ہو جائے (Low Blood Pressure)

iii۔ پٹھوں میں درد اور لرزے کے ساتھ انفلوانزا، شدید زکام اور بکثرت چھینکیں۔

iv۔ سردی کے باوجود کپڑا نہ اوڑھنا، درد کے بارے میں سوچنے سے درد کا کم ہو جانا۔

☆ **مخصوص ہیضے جیسی صورتحال**

نوٹ: عارضی طور پر دل کو طاقت دینے کے لئے نہایت عمدہ دوا ہے۔

63۔ کینابس انڈیکا

دماغ واعصاب،اوہام،آلات بول،جنسی اعضا

i۔ دماغی طور پر زبردست مبالغہ یعنی تھوڑا ساوقت اور فاصلہ انتہائی زیادہ لگے۔

ii۔ ضمیر کو دواشخاص کے درمیان دیکھے،مریض کو پاگل ہوجانے کا خطرہ اور وہم۔

iii۔ آلات بول کی سوزش، پیشاب کی بندش تنگی اور قطرہ قطرہ ہونا۔

iv۔ عورتوں میں بانجھ پن (Sterility) مردوں میں نامردی اور پروٹیسٹ کا بڑھنا۔

☆ مخصوص وہم 〈Halliucination〉وقت سست رفتاری سے گزرنا۔

64۔ کینابس سٹائیوا

آلات بول،سوزاک،جنسی اعضا،تنفس

i۔ آلات بول کی سوزش پیشاب کی شدید درد بھری تنگی اور جلن۔

ii۔ مکمل سوزاک (Gonorrhea)، پیشاب کی شدید جلن پیپ اور خون ملا اخراج۔

iii۔ سوزاکی مادے کے اثرات کے زیر اثر ہر دو جنسوں میں جنسی خواہش کا غلبہ۔

iv۔ سانس کی تنگی اور گھٹن مریض سانس لینے کے لئے کھڑا رہے،دل کی دھڑکن کے ساتھ۔

☆ مخصوص آلات بول کی سوزش کیساتھ جسم پر گرم پانی کی بوندیں پڑنے کا احساس۔

﴿اہم علامات اور خاص علامات کی درجہ بندی کر لینی چاہیئے﴾

65۔ کینتھرس

آلات بول،جنسی غلبہ،آلات ھضم،پھیپھڑے اور دل۔

i۔ پیشاب کی بدترین جلن، اینٹھن اور ناقابل برداشت حاجت، قطرہ، قطرہ ہونا خون اور پیپ ملا پیشاب۔

ii۔ مردوں میں درد بھری ایستادگی، پیشاب کی علامات کے ساتھ غلبہ شہوت۔

iii۔ آنتوں و معدے کی سوزش اور جلن خونی پیچش اینٹھن اور آنتوں میں کھرچن۔

iv۔ مثانے اور گردوں کے شدید ورم کے بدولت پھیپڑوں اور دل کے غلاف کا ورم۔

☆ **مخصوص آگ جیسی جلن۔**

نوٹ: آگ پانی سے جلے پر اور جلدی ایگزیما پر بیرونی طور پر مدر ٹنکچر استعمال ہوتا ہے۔

66۔ کیپسیکم

پٹھے کمزور،جلن،تلی،متفرق

i۔ بظاہر موٹے تازہ مریض لیکن پٹھے کمزور اور جسم کا درجہ حرارت کم ہو۔

ii۔ متاثرہ حصوں میں مرچ جیسی جلن خاص کر معدے، آنتوں میں، پیچش اور آنتوں میں اینٹھن۔

iii۔ ملیریا بخاروں اور بیماریاں گزارنے سے تلی کا بڑھ جانا اور لرزہ کا احساس۔

iv۔ کان کی پچھلی ہڈی کی سوزش اور ناسور حلق میں سوزش و خراش جلن کے احساس کے ساتھ۔

☆ **مخصوص مریض گھر سے دور نہ رہ سکے۔**

نوٹ: قوت حیات یا جسمانی ردعمل ابھارنے کے لئے عمدہ دوا ہے۔

67۔ کاربوانیملس

دوران خون،جلن،غدود، کمزوری

i۔ خون میں زہر کا سرایت کر جانا جس سے جلن، زخم، گینگرین، سڑاؤ جبکہ جلد کی رنگت نیلی ہو۔

ii۔ جسم کے متاثرہ حصوں میں آگ جیسی جلن اور گرمائش کا احساس۔

iii۔ غدودوں کا بڑھنے کا رجحان، پستانوں کے غدود جلن اور درد بھرے۔

iv۔ جسمانی رطوبات کے ضیائع یا پلیورسی کے اثرات سے جسمانی کمزوری و ناتوانی۔

☆ **مخصوص غدود بڑھنا اور جلن**

68۔ کاربولک ایسڈ

اعصاب،معدہ، گردے،بدبودار اخراج

i۔ مرکزی اعصابی نظام (C.N.S) کی حس بڑھنے سے مختلف قسم کی مہک محسوس کرنا۔

ii۔ بدہضمی، گیس کی زیادتی معدے کے درد اور جلن، درد تیزی سے آئیں جائیں۔

iii۔ آلات بول کی سوزش گردوں کی خرابی سے خون میں یوریا (Uremia) پھیل جانا۔

iv۔ اندرونی ریشوں کی شدید تباہ کاریاں گلن سڑن اور مخارج سے بدبودار اخراج ہو۔

☆ **مخصوص بدبودار اخراج اور جلن**

﴿مسلسل سانس کی بیماریوں کا تعلق دل یا معدے کے حوالے سے دیکھا کریں﴾

69- کاربوویج

آکسیجن کی کمی، دوران خون، جلن، ٹھنڈک

i- آکسیجن کی کمی سے متاثرہ حصوں کی جلن، ناکارہ پن، سڑاؤ زیادہ اثرات معدے میں گیس اور تیزابیت کی شکل میں ہوں۔

ii- دوران خون بے قاعدہ کمزور، نبض باریک، دم گھٹنے کا احساس مسلسل پنکھے کی خواہش۔

iii- جلن ہو تیزابیت بڑھی ہوئی جلد کی رنگت نیلگوں مائل سبز، وریدیں ابھری ہوئی نیلی۔

iv- جلد ٹھنڈی اور سرد شدید کمزوری اور نقاہت، ہیضے میں نزع جیسی حالتیں، شدید کمزوری۔

☆ **مخصوص آکسیجن کی کمی یا جلن**

70- کارڈوس میریانس

یرقان، جگر وپتہ، دوران خون، متفرق

i- صفراوی علامات، جلد کی رنگت زرد اور مکمل یرقان کی حالتیں متلی اور تیزابی الٹیاں۔

ii- جگر اور پتے کی خرابیاں، پنکریاز کی خرابی سے شکر کے نظام انجذاب میں مشکلات۔

iii- وریدوں کا پھیلاؤ اور جریان خون کا رجحان نکسیر یا خونی بواسیر کی شکل میں۔

iv- انفلوائنزہ کھانسی اور دمہ، جگر کی خرابیوں کے تحت استسقا۔

☆ **مخصوص یرقان اور جگر**

71۔ کیسٹوریم

ہسٹیریا،پسینہ، دن کا اندھا پن، کمزوری

i۔ اعصابی و ہسٹریکل عورتیں، چڑچڑا پن، تشنج، خوفناک خواب اور جمائیوں کی کثرت۔

ii۔ مختلف علامات کے ساتھ کمزوری و تکان پیدا کرنے والا پسینہ بکثرت آتا ہے۔

iii۔ مریض سورج کی روشنی برداشت نہیں کرسکتا۔

iv۔ ہسٹریا و معدے میں بھاری پن کے ساتھ بھاری کمزوری، تکان اور بے قراری پائی جاتی ہے۔

☆ **مخصوص ہسٹیریکل خواتین**

72۔ کالوفائکم

رحم،اسقاط حمل،درد،جوڑ

i۔ رحم کی کمزوری، رحم کے منہ کی شدید سختی اور سکڑن، لرزہ

ii۔ رحم کے پٹھے کمزور ابتدائی ماہ میں اسقاط حمل (Abortion) کا خطرہ۔

iii۔ رحم اور اس کے چاروں طرف پھیلنے والی بدترین تشنجی دردیں، شدید دردزہ۔

iv۔ چھوٹے جوڑوں کی دردیں اور ان کی بدوضعی

☆ **مخصوص رحم کے شدید درد اور کمزوری۔**

نوٹ: ولادت سے کچھ دن پہلے استعمال کرنے سے بچے کی پیدائش آسان ہو جاتی ہے۔

﴿علامات کی کمی و بیشی بعض اوقات بالمثل دوا کے لئے اکیلی راہنما ہوتی ہیں﴾

73۔ کوکا

دل،دھڑکن،اعصابی کمزوری،مثانے کی کمزوری۔

i۔ دل کی کمزوری اور سانس کی تنگی یا گھٹن چلتے وقت بالخصوص اونچائی رخ چڑھنے سے۔

ii۔ دل کی تیز دھڑکن جو پہاڑ کی بلندی پر زیادتی اختیار کرے اس کے ساتھ سر درد۔

iii۔ اعصابی ودماغی کمزریاں گلے یا آواز کے مسلسل استعمال سے آواز کا ختم ہوتے جانا۔

iv۔ مثانے کے پٹھے کمزور رات سوتے وقت پیشاب کا بے اختیار اخراج۔

☆ **مخصوص اعصابی اور دل کی کمزوری**

نوٹ: آواز کا استعمال کرنے سے قبل کم طاقت آواز کو بالکل صاف کر دیتی ہے۔

74۔ کاسٹیکم

اعصاب،پٹھے،جوڑ،جلد

i۔ اعصاب کے تحت کسی بھی عضو کا مقامی فالج ہونا مثلاً نرخرے، چہرے، زبان، پپوٹے، ہاتھ، پاؤں

ii۔ پٹھے کمزور فالجی کمزوریوں درد بھرے سانس کے مراکز کا فالج آواز کا مزمن بیٹھے ہونا اور کھانسی۔

iii۔ چھوٹے، بڑے جوڑوں میں شدید کھچاؤ اور درد جوڑ اپنی قدرتی شکل کھو بیٹھتے ہیں۔

iv۔ جلد گندی اس پر مہاسے (Warts) ور گٹے (Corns) خاص کر ہاتھوں اور چہرے پر۔

☆ **مخصوص کسی عضو کا مقامی فالج**

نوٹ: جلی ہوئی جگہ پر بیرونی طور پر استعمال ہوتا ہے۔

75۔ سیانوتھس

تلی بڑھنا،دوران خون، کھانسی، بائیں طرف

i۔ تلی اور جگر دونوں کی خرابیاں،تلی کا بڑھنا خاص کر ملیریائی بخاروں کے زہر سے۔

ii۔ خون کے سفید ذرات کا بڑھنا (Leukaemius)، ہائی بلڈ پریشر، خون کا رگوں میں لوتھڑے بننا۔

iii۔ تلی کے متاثر ہونے کے ساتھ کھانسی، پرانا برانکائٹس، بکثرت بلغم کا اخراج۔

iv۔ علامات بائیں جانب خاص کر دائرہ بناتی ہیں۔تلی، بائیں پھیپڑے اور دل بالخصوص۔

☆ **مخصوص تلی بڑھنا(Splenomeglay)اور نتائج میں بیماریاں۔**

76۔ سیڈرون

ملیریا بخار،اعصاب، آنکھیں،درد

i۔ ملیریا بخار اور دیگر تمام علامات ٹھیک وقت مقررہ پر دوبارہ آئیں، گرم مرطوب موسم کے بداثرات۔

ii۔ بڑھا ہوا اعصابی جوش اور درد، جوڑوں کے درد گھٹنوں میں پانی پڑنا، جنسی خواہش کا غلبہ۔

iii۔ آنکھوں کے ناقابل برداشت درد جو چاروں طرف پھیلیں گرم، گرم آنسو گریں۔

iv۔ مختلف جگہوں کے اعصابی درد، آنکھوں، جوڑوں، پٹھوں اور سر کے۔

☆ **مخصوص ملیریا بخار**

نوٹ: سانپ، بچھو، بھڑ وغیرہ کے کاٹنے کے لئے اکسیر ہے۔

77۔ چنوپوڈیم

کان، چکر، کندھے کا درد، کیڑے

i۔ کان کی خرابیاں، بہراپن، کمزور سماعت، گاڑیوں کا شور سنا جا سکے انسانی آواز نہ سن سکے۔

ii۔ کان کی اندرونی نالی کی خرابی سے سر چکرانا (Vertigo)۔

iii۔ دائیں کندھے اور شانے میں شدید درد جو سینے سے آر پار ہو جائے، رات کو خراٹے بھرنا۔

iv۔ مقعد کی خارش، آنتوں کے چنونے (Threadworms)۔

☆ **مخصوص کان کی بیماریاں اور کندھے کا درد۔**

78۔ کیمومیلا

دماغ و ذھن، درد، جگر، معدہ آنتیں

i۔ شدید بدمزاج، غصہ، چڑچڑاپن، نہایت حساس دماغی ابتری کے نتائج بد بچوں میں درد قولنج کی شکل میں۔

ii۔ مختلف جگہوں کے شدید درد جس سے مریض نہایت بے زار زندگی پر موت کو ترجیح دے۔

iii۔ جگر کا ورم، درد یرقان، بخار بچوں میں ایک گال سرخ جبکہ دوسرا زرد۔

iv۔ معدے کا درد، آنتوں میں اینٹھن، دست یا پیچش دماغی جذبات یا بچوں میں دانت نکلتے وقت۔

☆ **مخصوص بچوں میں دانت نکلتے وقت کی تکالیف۔**

79۔ چلیڈونیم

جگر،معدہ و پیٹ،تنفس،دائیں جانب

i۔ دردجگر،ورم،پتے کی پتھری،دائیں کندھے کے تکون میں درد،یرقان رنگت زردی مائل۔

ii۔ دردمعدہ،بدہضمی،آنتیں کمزوردست اور قبض باری باری حمل کی متلی وقے،صفراوی قے۔

iii۔ پھیپھڑوں میں پانی پڑنا(Pluresy)خاص کردائیں نمونیہ،شدید کھانسی،حنجرے کی سوزش۔

iv۔ علامات کاتمام دائرہ دائیں جانب دائیاں کندھا،جگر،بڑی آنت وغیرہ وغیرہ۔

☆ **مخصوص امراض جگر**

80۔ چیمافیلا

مثانہ،آلات بول،آلات تنسل،غدود

i۔ مثانے کاپرانا نزلہ،ورم،پیشاب کی تنگی،قطرہ قطرہ ہونا۔

ii۔ تمام آلات بول کی سوزش گردوں کی سوزش اور پیشاب کی بندش وجلن۔

iii۔ مردوں میں پروسٹیٹ گلینڈکی سوزش اور پیشاب کی بندش وجلن۔

iv۔ عورتوں میں چھاتیوں کے غدود بڑھنا یا چھاتیوں کے گومڑ(Tumers)۔

☆ **مخصوص آلات بول اور غدود۔**

﴿سرتاپاؤں تک کوئی بیماری نہیں ہوتی لہذادواکوسرتاپاؤں یادکرنے کی کوشش نہ کریں﴾

81۔ چینیئم سلف

لیو کیمیا،ملیریا، گردے،جوڑ

i۔ خون کے اجزاء میں زبردست تبدیلی، سرخ ذرات،ہیموگلوبین کم جبکہ سفید ذرات بڑھ جائیں۔

ii۔ ملیریا بخار، شدید جاڑ اعلامات وقت کی پابندی سے آئیں جگر اور تلی دونوں متاثر ہوں۔

iii۔ گردوں کی پرانی سوزش، پیشاب کی تنگی۔

iv۔ پیشاب کی بیماریاں اور گردوں کی خرابی سے جوڑوں میں درد اور ورم۔

☆ **مخصوص ملیریا بخار اور اس کے اثرات بد۔**

82۔ کولسٹرینئم

یرقان،جگر،پتہ،بے خوابی

i۔ یرقان، آنکھوں اور جلد کی رنگت زردی مائل اور خون کی کمی۔

ii۔ جگر کی خرابیاں جو جگر کے کینسر تک جائیں جگر میں اجتماع خون۔

iii۔ پتے کی پتھری جس سے شدید جلن دار دردیں ہوں۔

iv۔ جگر اور پتے کی مشترکہ خرابیاں اور نتائج میں ضدی قسم کی بے خوابی۔

☆ **مخصوص جگر و پتے کی علامات**

83۔ چینو تھس

جگر و تلی،اعصابی درد،سر درد،معدہ

i۔ تلی کا بڑھنا،جگر کی جملہ بیماریاں،یرقان،پتے کی پتھری۔

ii۔ تیز ااعصابی درد جسم کے مختلف حصوں میں جیسے پیشانی،آنکھوں میں وغیرہ وغیرہ۔

iii۔ پرانا اور ضدی سر درد جو صفراوی اور حیض کی خرابیوں سے ہوا کرے۔

iv۔ معدے میں جلن،بدہضمی تیز درد شکم۔

☆ **مخصوص صفراوی بیماریاں**

84۔ چینیئم آرسینیکم

کمزوری،معدہ،دمہ،سرد جلد

i۔ سخت کمزوری،نقاہت،خون کی کمی بالخصوص ملیریا بخار کے بعد۔

ii۔ تیزابیت کی زیادتی،انڈا کھانے سے دست شروع ہو جائیں۔

iii۔ دمہ،اعصابی دردیں جبکہ تمام علامات وقت کی پابندی سے آئیں۔

iv۔ ملیریا کے تحت کمزوری کے ساتھ جلد برف جیسی سرد ہوتی ہے۔

☆ **مخصوص عام کمزوری**

85- سیکوٹا ویرو

تشنج ،دماغ،معدہ،جلد

i- شدید تشنج پورا جسم کمان کی طرح اکڑ جائے ،ٹھوڑی ،سر،گردن اور ریڑھ پیچھے کی طرف جھک جائے۔

ii- دماغ کی جھلیوں کی سوزش (Meningitis) گردن توڑ بخار، ہذیان آنکھوں کا بھینگا پن، پتلیاں پھیل جاتی ہیں۔

iii- معدہ کے تشنجی درد، ڈایافرم کا تشنج اور تکلیف دہ ہچکی منہ میں جھاگ آنا۔

iv- جلد پر زرد رنگ کے بکثرت چھلکے اور چنبل۔

☆ **مخصوص مکمل تشنج، ینم تشنج ⟨Cramps⟩ اور ہچکی ⟨Hiccough⟩**

86- سینا

تشنج، آنتوں کی سوزش،پیٹ کے کیڑے، آلات تنفس۔

i- تشنج آنکھوں کا بھینگا پن (Squint) اعضاء میں جھٹکے، ہاتھوں کی انگلیاں اندر مڑ جائیں۔

ii- آنتوں کی سوزش سے دماغی اور اعصابی کیفیات یعنی تشنج یا دست۔

iii- بچوں کے پیٹ کے کیڑے اُوندھے منہ ہوکر سونا، ناک کریدنا، بستر پر پیشاب کر دینا، اور بے قاعدہ بھوک۔

iv- شدت کی خشک تشنجی کھانسی کھانسنے کے بعد گلے سے معدے تک گڑگڑاہٹ ہو۔

☆ **مخصوص پیٹ کے کیڑوں سے بیماریاں۔**

87۔ سمی سی فیوگا

اعصاب،عضلات،امراض رحم، گھٹیاوی درد

i۔ مریض شدید وذہنی مایوسی، ہیجان انگیز خیالات یا بچے کی پیدائش کے بعد جنون، ہیسٹریائی تشنج۔

ii۔ پٹھوں اور اعضا میں سخت ترین، اینٹھن دار، جھٹکے دار دردیں ہوں۔

iii۔ شدت کی رحم میں دردیں اینٹھن پیڑو سے آر پار ہونے والی جو کولہوں تک جائیں۔

iv۔ جوڑوں اور پٹھوں میں کھچاؤ جیسی تیز دردیں جو دل کے درد سے بدلا کریں۔

☆ **مخصوص امراض رحم،پٹھے و جوڑ**

88۔ سینا مونم

سیلان خون،خون کی کمی،رحم بدبودار،اخراج

i۔ جسم کے مختلف مخارج سے خون بہنے کا رجحان ناک سے، آنتوں، پھیپڑوں، رحم وغیرہ سے۔

ii۔ خونی کی کمی، لاغر بدن جبکہ گردش خون بے قاعدہ ہو، چمکدار سرخ خون بہا کرے۔

iii۔ رحم سے خاص کر خون بہنے کا میلان ہو جو کافی عرصے تک رہے بچے کی پیدائش کے بعد رحم میں نیچے دباؤ ہو۔

iv۔ جلد میں یا کسی جگہ کینسر جس میں شدت کا درد اور بدبودار اخراج پایا جائے۔

☆ **مخصوص خون بہنے کی رغبت اور خون کی کمی۔**

﴿مسلسل سانس کی بیماریوں کا تعلق دل یا معدے کے حوالے سے دیکھا کریں﴾

89۔ سسٹس کین

غدود،نزلہ و زکام،زخم و ناسور،جلد

i۔ غدود بڑھنے کی رغبت جیسے گردن، ناک، حلق، ٹانسلز اور عورتوں کی چھاتیوں کے۔

ii۔ نزلہ وزکام آشوب چشم تمام بیماریوں میں سردی سے حساس مختلف اعضا میں ٹھنڈک کا احساس۔

iii۔ نہ ٹھیک ہونے والے اندرونی و بیرونی ضدی زخم اور ناسور وغیرہ۔

iv۔ پھوڑے شدت کی خارش، کٹی پھٹی جلد دراڑیں اور چہرے کی ٹی،بی۔

☆ **مخصوص غدود**

90۔ کلیمیٹس

آلات بول تناسل،غدود،دردیں،جلد

i۔ پیشاب کی تنگی شدت کی جلن، خصیوں کا ورم (Hydrocele) اور درد، منی کی نالیوں کا درد دائیں جانب زیادہ ہو۔

ii۔ غدود بڑھنا مردوں میں پروسٹیٹ جبکہ عورتوں میں چھاتیوں کی رسولیاں اور شدت کا درد۔

iii۔ مختلف اعضا میں غضب کا اعصابی درد کنپٹیوں، جبڑے، دانتوں پپوٹوں وغیرہ میں۔

iv۔ تیز خارش، چنبل جو زیادہ تر سر اور گردن کی پشت کی جانب ہو۔

☆ **مخصوص آلات بول و جلد**

91۔ کوبالٹم

ریڑھ کی کمزوری،آلات تناسل،ہڈیاں،درد

i۔ ریڑھ اور کمر درد، جس کا تعلق منی کے اخراج سے ہوتا ہے بیٹھنے سے درد میں شدت ہو۔

ii۔ سرعت انزال، نامردی اور خصیوں میں درد خاص کر دائیں میں۔

iii۔ عام جسمانی اور اعصابی کمزوری کے ساتھ ہڈیوں میں درد۔

iv۔ کمر، ٹانگوں اور پٹھوں میں تکان اور درد ہو جو کہ صبح شدت اختیار کرے۔

☆ **مخصوص آلات تناسل کی کمزوری میں کمر درد**

92۔ کوکس کیکٹائی

آلات تنفس، آلات بول، حیض، رحم

i۔ تیز تشنجی کھانسی، کالی کھانسی جس کے اختتام پر بلغم کی قے ہو۔

ii۔ گردے، مثانے میں سخت تشنجی دردیں، یورک ایسڈ، اینٹ جیسی سرخ پتھری، استسقا

iii۔ حیض قبل از وقت اور بکثرت ہوتا ہے۔

iv۔ رحم کی کمزوریوں میں سیاہ، گہرے خون کے لوتھڑے اور چھیچھڑے نکلتے ہیں۔

☆ **مخصوص کالی کھانسی**

93- کولنسونیا

بواسیر،قبض،دوران خون،رحم

i- خونی بواسیر مقعد میں تیز نوکدار پرچھوں کا احساس،جلن اور خارش۔

ii- ضدی اور پرانا قبض عورتوں میں دوران حمل اور بچوں میں۔

iii- دوران خون کمزور،وریدیں اُبھری ہوئیں،دل کی دھڑکن بے ہوشی،تنگی سانس،یہ علامات خونی بواسیر سے بدلا کریں۔

iv- رحم کمزور،رحم کا ٹل جانا درد ہونا جمے ہوئے خون کا اخراج اور رحم کی خارش۔

☆ **مخصوص بواسیر اور دل**

94- کاکولس

فالج تشنج،چکر و قے،پٹھے،متفرق

i- جسم کا ایک جانب کا فالج اور تشنج بالخصوص کمر اور نچلے دھڑ کا،جسم کمان کی طرح اکڑ جائے۔

ii- ایام حمل،گاڑی،جہاز کے سفر،کسی بدبو یا کم بلڈ پریشر سے چکر،متلی اور قے کا ہونا۔

iii- پٹھے و جوڑ کمزور سُن ہونے کا احساس،گھٹنوں کا ورم،حرکت سے کڑکڑاہٹ ہو۔

iv- خون کا دوران کمزور ہو،نیند پوری نہ ہونے یا رات کو جاگنے کے نتائج میں تکالیف۔

☆ **مخصوص چکر متلی وقے۔**

95۔ کافیا کروڈا

اعصاب،ہیجان،درد،بے خوابی

i۔ اعصابی جوش بڑھا ہوا ہو ہر احساس اور خوشبو کو بہت جلد محسوس کرے،شدید حساسیت۔

ii۔ خوشی،زندہ دلی اور جوشیلا پن،بے قراری اچانک اچھی خبر کے برے نتائج اور دل کی دھڑکن۔

iii۔ مختلف اعضا میں نا قابل برداشت اعصابی درد،دانت کا درد جو ٹھنڈے پانی سے کم ہو۔

iv۔ ذہنی مصروفیت،اعصابی جوش اور خوشی کے نتائج میں بے خوابی (Insominia)۔

☆ مخصوص **اعصابی جوش اور بے خوابی**

96۔ کالچیکم

ہڈیاں،غلاف و جوڑ،معدہ،آنتیں۔

i۔ ہڈیوں اور چھوٹے جوڑوں میں ورم اور غضب کے درد،ان میں ٹھنڈا پن محسوس ہو رات میں اضافہ۔

ii۔ جوڑوں کے غلاف کی سوجن چیرنے پھاڑنے جیسے درد بالخصوص ایڑی اور انگوٹھے کا بخار کے ساتھ۔

iii۔ معدے میں برف جیسی ٹھنڈک مچھلی اور کھانے کی بو سے غشی کی حد تک متلی و کمزوری۔

iv۔ پیٹ گیس سے ابھرا ہوا،موسم خزاں میں پیچش سفید جھلی کے اخراج کے ساتھ۔

☆ **مخصوص جوڑ اور متلی۔**

﴿معاون دوا کسی ایک عضو کے اعتبار سے معاون ہوتی ہے نہ کہ پورے جسم کے﴾

97- <u>کولوسنتھس</u>

اعصاب،اینٹھن،درد قولنج،درد

i- اعصابی بدمزاجی انتہائی چڑچڑاپن،شدت کا غصہ اوراس کے برے نتائج خاص کر پیٹ کے پٹھوں پر۔

ii- پٹھوں کی اینٹھن و کھچاوٹ مروڑنے اور بل پڑنے کے سے درد جو مرکز سے چاروں طرف پھیلیں۔

iii- پیٹ،معدے و آنتوں کو مروڑنے والے درد،دست اور پیچش جس میں مریض دہرا ہو جائے۔

iv- پٹھوں کمر،رحم،آنتوں،گردوں،عرق النساوغیرہ کے شدید ترین اعصابی اینٹھن دار درد۔

☆ **مخصوص**   **مروڑنے والے تشنجی درد۔**

98- <u>کونڈورینگو</u>

معدے،جلد،گھٹنے،کینسر

i- معدے یا پائلورس (Pyloric) کا السر اور جلن خوراک کی نالی کا تشنج اور قے۔

ii- جلدی کٹاؤ،زخم پھٹنا خاص کر ہونٹوں اور مقعد کا،چہرے کی جلد کی ٹی،بی۔

iii- گھٹنوں میں سکڑن اور اکڑن جنکے ساتھ درد بھری حالتیں ہوں۔

iv- مختلف جگہوں کا کینسر بننے کا رجحان،معدے،ہونٹوں،مقعد اور جلد کا جن میں شدت کی دردیں ہوں۔

☆ **مخصوص**   **پائلورس اور معدے کا کینسر**

99۔ کونیئم

غدود، آلات تناسل، فالجی کمزوریاں، پسینہ

i۔ غدود بڑھنے کا میلان جن میں کینسر یا سرطان سختی اور درد پایا جائے عورتوں میں چھاتیوں کا مردوں میں پرسٹیٹ بڑھنا۔

ii۔ عورتوں اور مردوں میں جنسی بیماریاں،، نامردی کافی عرصہ بیوہ یا مجرد رہنے کے برے اثرات۔

iii۔ پٹھوں واعضا کی فالجی کمزوریاں، سُن ہونا چکر پاؤں ٹھنڈے کمزوری پاؤں سے اوپر کی جانب چلے۔

iv۔ سر کے چکر معمولی سر ہلانے سے، پسینے کی کثرت رات کو آنکھ لگتے ہی پسینے میں شرابور۔

☆ **مخصوص غدود سُوجنا۔**

100۔ کنویلیر یا مجلس

دل، گردش خون، تنفس، درد

i۔ دل کے پردوں کی سوزش اور درد، بے قاعدہ دھڑکن جملہ بیماریاں جو تمبا کو کا نتیجہ ہوں۔

ii۔ دل کے خانوں کا بڑھنا، رگوں میں گومڑی بننے کا رجحان دل کی خرابی سے استقا۔

iii۔ دل کی بیماریوں سے مشروط سانس کی تنگی اور گھٹن محسوس ہونا۔

iv۔ رحم، کمر اور ٹخنوں میں مسلسل شدت کے درد۔

☆ **مخصوص امراض دل**

101- کوبائیوا

مثانہ،آنتیں،جلد،تنفس

i- مثانے کا نزلہ، پیشاب کی شدید مزمن تنگی اور درد قطرہ،قطرہ گدلا اور تیز بو والا پیشاب۔

ii- آنتوں کا ورم پیچش بواسیر خارش اور جلن کا ہونا۔

iii- خارش،سرخ دانے اور پرانی پتی (Chronic urticario)۔

iv- تنگی تنفس کھانسی جس میں بلغم کا بکثرت اخراج ہو۔

☆ **مخصوص پیشاب کی بیماریاں۔**

102- کریٹیگس

دل،دوران خون، کمزوری،استسقا۔

i- دل کے پٹھوں کی سوزش،دل کی چربیلی خرابیاں،نبض بے قاعدہ وکمزور

ii- خون کا دباؤ کم شریانوں کی سختی اور ان میں کیلشیئم کا جماؤ۔

iii- دل کے امراض کے ساتھ بے حد جسمانی کمزوری اور اعصابی تکان۔

iv- تنگی تنفس اور کھانسی دل کی خرابیوں میں ہونے والا استسقا۔

☆ **مخصوص دل کے امراض اور بچوں میں زیابیطس۔**

نوٹ: امراض دل میں بطور ٹانک استعمال کریں۔

103۔ کروکس سٹائیوا

خون بھنے کا میلان،ھسٹیریا،رحم،آنکھیں۔

i۔ ریشہ دار گہرا سیاہ رنگ کا خون بہنے کا رجحان بالخصوص رحم یا ناک سے۔

ii۔ ہسٹریائی مزاج غصہ، ہنسنے کا جنون اور پیٹ میں کسی زندہ چیز کی حرکت کا وہم۔

iii۔ رحم کی کمزوری اور خون بہنے کا رجحان جس سے شدید جسمانی کمزوری۔

iv۔ آنکھوں سے سرد ہوا گزرنے ، دھواں ہونے اور بہت رونے کا احساس۔

☆ **مخصوص ہیسٹریائی مریض اور خون بھنے کا رجحان۔**

•

104۔ کروٹیلس ہور

خون جمنے میں کمزوری،خون کا زھریلا پن،متفرق

i۔ خون کے جمنے کی صلاحیت میں فقدان مخارج سے سیاہ ریشے دار خون با آسانی بہہ نکلے۔

ii۔ دوران خون کمزور، خون کے اندر زہریلی بیماریاں بننے کی رغبت۔

iii۔ زرد رنگت، پیپ بھرے دانے ، خون بھرے نیلگوں مائل کاربنکل۔

iv۔ خون کی کمی یرقان، طاعون، ہیضہ، بخار اور جلدی پھوڑوں کا زہر خون میں شامل ہو۔

☆ **مخصوص خون کی مھلک ترین تباہ کاریاں۔**

﴿نوسوڈ زادویات کم طاقت میں استعمال نہیں ہونی چاہییں﴾

105- کروٹن ٹگلیئم

معدہ آنتیں،جلد،چھاتی کی گلٹیاں، آلات تناسل

i- معدے میں جلن، پانی جیسے پتلے دست بکثرت اور زرد سے نکلیں گرمیوں میں زیادتی ہو۔

ii- نا قابل برداشت خارش، پیپ بھری پھنسیاں، چنبل، جلد گیلی کھال میں بند محسوس ہو۔

iii- عورتوں کی چھاتیوں میں سوجن اور درد جو کمر تک جائے خاص کر بائیں جانب۔

iv- مردوں میں آلات تناسل کے جگہوں میں دانے اور خارش۔

☆ **مخصوص** **دست یا قبض اور جلد**

106- کیوپرم آرسنیکم

ہیضہ، گردے، آنتیں،خون کی کمی

i- ہیضے (Cholera) میں جسم برف جیسا سرد ٹھنڈے پسینے اور پریشان کن ہچکی۔

ii- گردوں کی خرابی خون میں یوریا کا شامل ہونا اس کے ساتھ تشنج اور سانس کی تنگی دوران حمل بالخصوص۔

iii- آنتوں کی سوزش ٹائیفائیڈ میں، دماغ کی جھلیوں، دل کے غلاف کی سوزش اور دورے کی کیفیات۔

iv- خون کی کمی جو بتدریج بڑھے اور دل کی دھڑکن اور سانس کی تنگی کیساتھ کمزوری۔

☆ **مخصوص** **یوریمیا (Uremia)**

107۔ کیوپرم میٹ

تشنج،مرگی،ہیضہ،کالی کھانسی

i۔ پٹھوں کا لرزہ، جسم کا تشنج و اینٹھن شدت کے وقت جسم کمان کی طرح اکڑ جائے، انگلیاں ہتھیلیوں سے لگ جائیں۔

ii۔ منہ میں جھاگ آنا، دانت بجنا اور مرگی کے جھٹکے لگنا اینٹھن کے ساتھ۔

iii۔ ہیضے کی مہلک حالتیں جسم ٹھنڈا پسینے کی کثرت اور جھٹکے۔

iv۔ تنفس کے اعضا کا تشنج دم گھٹنے والی کھانسی، بچوں میں کالی کھانسی۔

☆ **مخصوص تشنجی جھٹکے۔**

108۔ سائکلیمن

معدہ،آنکھیں،رحم،کمزوری

i۔ ہر چیز کا ذائقہ نمکین لگے مرغن غذاؤں سے بدہضمی، حمل کی متلی سر درد اور ہچکی۔

ii۔ آنکھوں کا بھینگا پن، (Squint)، بے شمار تارے اور مختلف رنگوں کے دھبے دیکھے ایک کے دو نظر آنا۔

iii۔ رحم کی کمزوری خون حیض بکثرت سیاہ رنگ کا اخراج۔

iv۔ خون کی بڑھتی ہوئی کمزوری، رنگت زرد اور چکر عورتیں خاص طور پر۔

☆ **مخصوص عورتوں میں خون کی کمی اور رحم کی کمزوریاں۔**

109۔ <u>ڈیجی ٹیلس</u>

دل،معدہ،تنفس،پروسٹیٹ

i۔ نزع جیسی حالتیں، دل کے پٹھے کمزور، پٹھے پھیل جائیں، نبض کمزور اور بے قاعدہ۔

ii۔ نہ ختم ہونے والی متلی، جگر کی خرابی سے یرقان چہرہ نیلا جلد زرد اور دستوں کی زیادتی۔

iii۔ دل اور معدے سے وابستہ سانس کی تنگی، گھٹن اور کھانسی۔

iv۔ بچوں میں فوطوں کی سوجن (Hydroeele) جوانوں میں احتلام (Nightfall) بوڑھوں میں پروسٹیٹ بڑھنا۔

☆ **مخصوص دل و جگر**

110۔ <u>ڈائسکوریا</u>

قولنج،پتہ، آلات بول،اعضاء

i۔ شدید مروڑنے والے پیٹ درد جو مرکز سے چاروں جانب نکلیں حتیٰ کہ انگلیوں تک جائیں۔

ii۔ صفراوی علامات و بدہضمی پتے کی پتھریاں اور شدت کے درد، ہضم کی پرانی خرابیاں۔

iii۔ نچلے پیٹ میں گیس کی زیادتی گردوں کی سوزش، گردے اور مثانے میں پتھری اور درد۔

iv۔ کمر درد (Backache)، عرق النسا (Sciatie0)۔ ہاتھوں یا پاؤں کی بسہری (Ony chea).

☆ **مخصوص پیٹ،پتے، گردے یا مثانے کے شدید اعصابی درد۔**

111۔ ڈروسرا

تنفس،نرخرہ،ٹی،بی،خون آنا

i۔ شدید خشک تشنجی کھانسی،کھانسی کے پے در پے دورے،بولنے سے زیادتی۔

ii۔ گلے اور نرخرے کی سوزش (Laryngitis)،کھانسی بات چیت کرنے اور رات میں شدید

iii۔ آلات تنفس کی علامات اور ٹی،بی جسم کا تیزی سے لاغر ہوتے جانا۔

iv۔ ناک اور منہ سے خون آنے کا رجحان کھانسی کے ساتھ آبکائی یا قے ہونا۔

☆ **مخصوص** **تشنجی کالی کھانسی**

112۔ ڈیوشیا

آنکھیں،تنفس،اعصاب،دماغ

i۔ پردہ شبکی سے اخراج خون،سرخ دھبے،سفید پردے کی مزمن سوزش اور پتلیاں پھیلی ہوئی۔

ii۔ کھانسی جس میں سیاہ ریشے دار بلغم نکلے آواز بگڑی ہوئی اور دم کشی۔

iii۔ اعصاب کی کمزوری پٹھے کمزور ان کے درمیان رابطے کا فقدان۔

iv۔ دماغی طور پر احمق پن،بے شعوری اور غیر حاضر دماغ۔

☆ **مخصوص** **آنکھوں کے امراض**

﴾بیماریاں تین اعتبار سے سمجھیں i۔میازم ii۔وٹامن یا نمکیات iii۔وجاہات﴿

113۔ ڈلکامارا

پٹھے و جوڑ،درد، جلد،اسباب مرض

i۔ واحداعضا کا فالج، پٹھوں اور جوڑوں میں ورم شدید درداور برف جیسی ٹھنڈک۔

ii۔ متاثرہ حصوں میں شدت کے اعصابی درداعضا برف جیسے ٹھنڈے ہوں۔

iii۔ جلدی بیماریاں، خارش جلد کی سرخی، پتی اچھلنا۔

iv۔ جب دن گرم اور راتیں ٹھنڈی ہوں یا گرم سے سرد ہونے سے آنے والی تمام شکایات جیسے (نزلہ وزکام معدے کا ورم یا درد، دست و بخار، جوڑوں کے ورم درد، مثانے کا ورم وغیرہ)

☆ **مخصوص گرم سے سرد ہونے والی کیفیات**

114۔ اری جیرن

سیلان خون،رحم،مثانہ، لیکوریا

i۔ مخارج سے خون آسانی سے بہہ نکلنے کا رجحان۔

ii۔ رحم کمزور، بکثرت خون بہے، بعض اوقات حیض کے بجائے نکسیر آئے (Epistaxis)۔

iii۔ مثانے وآلات بول کی سوزش پیشاب کی تنگی وجلن۔

iv۔ رحم کی سوزشی حالتیں، خون بہنے کے ساتھ لیکوریا کا عارضہ۔

☆ **مخصوص خون بہنا**

115۔ یوپیٹوریم پرف

انفلوانزہ،ملیریا،ہڈیاں،پٹھے

i۔ بلغمی جھلیوں کی حاد سوزش،انفلوانزہ زکام،چھینکیں،کھانسی اور پٹھوں میں شدید درد۔

ii۔ ملیریا بخار اور صفراوی علامات یعنی متلی و قے گردن توڑ، ہڈی توڑ بخار(Deango Fever

iii۔ مذکورہ بالا علامات سے مشروط ہڈیوں کی دردیں اور دکھن منہ کا ذائقہ کڑوا۔

iv۔ بخاروں اور انفلوانزہ کیساتھ پٹھوں میں تھکن اور شدید دکھن و درد۔

☆ **مخصوص بخاروں کے ساتھ دکھن۔**

116۔ یوفریشیا

آنکھیں،بلغمی جھلیاں،تنفس،انفلوانزہ

i۔ آنکھوں کا نزلاوی ورم، دکھن،سرخی دانے،کُکرے،زخم جلندار،خراشدار پانی کا مسلسل اخراج۔

ii۔ بلغمی جھلیوں کی نزلاوی سوزش جس میں آنکھیں زیادہ متاثر ہوں۔

iii۔ آلات تنفس اور حنجرہ کی سوزش کھانسی بلغم کی زیادتی۔

iv۔ بہنے والا زکام ناک سے بکثرت پانی کا اخراج جو سادہ اور بے ضرر ہو۔

☆ **مخصوص آنکھون کی بیماریاں۔**

117۔ لوبیون

رحم ،حیض، کمر درد،اعضا

i۔ رحم کا ٹلنا(Displasement) دائیں بیضۃ الرحم میں جلن لیکوریا جو اچھل کر خارج ہو۔

ii۔ کثرت حیض وقت سے پہلے ،رحم کی نالیوں کی مزمن سوزش ،معمولی محنت سے پسینے میں شرابور۔

iii۔ حیض کی خرابیوں سے شدید کمر درد جو آگے پیڑو تک جائے۔

iv۔ اعضا کی کمزوری خاص کر ٹانگوں اور پنڈلیوں کی اینٹھن (Cramps)۔

☆ **مخصوص رحم کی بیماریاں۔**

118۔ فیل توری

جگر،پتہ،معدہ،جوڑ

i۔ صفرا کا نالیوں میں اجتماع ہونا اور رکاوٹ پڑنا ،یرقان۔

ii۔ صفرا کے بے قاعدہ بہاؤ اور پتے کی پتھریاں (Gallblader Stone)۔

iii۔ آنتوں کی سوزش اور دست ،کھانے کے بعد غنودگی۔

iv۔ گردن کی جڑ میں اور جوڑوں میں اینٹھن زدہ درد۔

☆ **مخصوص پتے کی پتھری و یرقان**

Scanned by CamScanner

119۔ فیرم میٹلیکم

خون کی کمی،سیلان خون،پٹھے ،متفرق

i۔ سبز بُھس (Green sickness) بالخصوص نوجوانوں میں خون کی کمی (Anaemia) بظاہر دیکھنے میں پُرخون نظر آئے۔

ii۔ دوران خون بے قاعدہ جسم کے مخارج سے آسانی سے خون بہے۔

iii۔ پٹھے کمزور شدید نقاہت وکمزوری انتہا کی نازک مزاجی تھوڑی سی محنت سے نڈھال۔

iv۔ جلد اور چہرے پر زردی اور سرخی باری باری آئے خون کی کمی سے پھیپڑوں کی ٹی،بی۔

☆ **مخصوص خون کی کمی سے بیماریاں**

120۔ فیرم فاس

ابتدائی سوزش،خونِ کی کمی،سیلان خون،آبی مزاج

i۔ ہر قسم کی ابتدائی سوزش بخار،آلات تنفس،گلے آنتوں،بچوں کا برانکائٹس اور ٹی،بی کی ابتدا۔

ii۔ زرد رنگت خون کی کمی جو بتدریج بڑھے،مریض حد سے زیادہ حساس۔

iii۔ جسم کے مخارج سے سیلان خون ہونا،نکسیر،پھیپھڑوں سے،آنتوں سے پیچش میں یا معدے سے۔

iv۔ ایسے لوگ زیادہ مبتلائے مرض ہوتے ہیں جن میں پانی کا جزو زیادہ ہوتا ہے (Hydrogenoid)

☆ **مخصوص حاد سوزش اور کمی خون**

❀ تین بڑی علامات ہومیوپیتھک جب ایک بڑی علامت بائیوکیمک کے لئے کافی ہے ❀

121۔ فیرم پکریم

جزوی فالج، جلد، کان، آلات تناسل

i۔ کسی بھی جسمانی عضو کو ضرورت سے زیادہ استعمال کرنے سے اس کا فعل معطل ہو جانا۔

ii۔ مسے (Warts) پھوڑے پھنسیاں، گوگھرو جن (Corns)، ہاتھوں کی پشت اور ہتھیلیوں پر۔

iii۔ کانوں کا بجنا، زیادہ آواز یا شور شرابے کی کثرت سے بہرہ پن (Deafness)۔

iv۔ نامردی، بڑھاپے میں پروسٹیٹ گلینڈ بڑھنا نکسیر۔

☆ **مخصوص جزوی فالج**

نوٹ: یہ دوائی ہر دوسری دوا کی بہترین معاون تصور کی جاتی ہے۔

122۔ فلورک ایسڈ

آتشکی اثرات، ہڈیاں، وریدیں، قبل از وقت بڑھاپا۔

i۔ آتشک کے مزمن فتور جس کے بد اثرات جسم کے ہر رگ وریشے ہوتے ہیں۔

ii۔ ہڈیوں کے ناسور، دانتوں کا گلنا سڑنا اور گرنا، ناخن بدرنگ جلدی ٹوٹیں اور گریں۔

iii۔ وریدوں کا پھیلنا، بستر کے زخم (Bed sore) نہ ٹھیک ہونے والے جلدی زخم، بالخصوص زیادہ بچے جننے والی عورتوں میں۔

iv۔ سفلس کے اثرات بد سے قبل از وقت بڑھاپا خاص کر نوجوانوں میں۔

☆ **مخصوص سفلس کے مضر اثرات**

نوٹ: انتہائی گہرائی میں اثر کرنے والی دوا ہے پرانی بیماریوں کے لئے مسلسل مطالعے میں رکھیں

123۔ فارمیکاروفا

جوڑ، گردے، رسولی، چھرے کی ٹی، بی۔

i۔ تمام چھوٹے بڑے جوڑوں کی سوزش اور درد، نقرس کا زہر اور ٹانگوں کی فالجی کمزوریاں۔

ii۔ گردوں کی پرانی سوزش، پیشاب میں یوریٹس (Urates) کا اخراج۔

iii۔ رسولی اور گومڑی بننا ناک، رحم، مثانے اور پاخانے کی آنت میں۔

iv۔ چہرے کی جلد کی ٹی، بی یا کینسر جلدی خارش اور سرخی۔

☆ **مخصوص** نقرسی جوڑوں کی دردیں (Gauty arthritis)۔

124۔ جیلسیمیئم

اعصاب، دوران خون، پٹھے، اسباب

i۔ عصبی وہسٹریکل مزاج اہم مقامات پر جانے کا خوف اور دست، سستی غنودگی اور تھکاوٹ۔

ii۔ خون کا دباؤ کم (Low B.P) تکان سن ہونے کا احساس آنکھیں بوجھل و بھاری۔

iii۔ ابتدائی سوزش پٹھوں میں عدم تعاون، پٹھوں کا فالج، رعشہ سر درد اور چکر۔

iv۔ علامات غصے، ڈر خوف، تمباکو، نشہ کے استعمال اور دھوپ سے پیدا ہوں۔

☆ **مخصوص** پٹھوں کی کمزوری اور رابطے کا فقدان۔

125- گلونائن

اجتماع خون، کثرت خون، سر درد، ہائی بلڈ پریشر

i- دماغ میں خون کا اجتماع سارے جسم میں تکلیف سر اور دل کی جانب گردشِ خون بڑھ جائے۔

ii- رگوں کی پھڑکن، رگوں کا سوجنا خاص کر خونی بواسیر کے مسے گردن کی رگیں تڑپتی ہوئیں۔

iii- چولہے، گیس کی گرمی یا تیز دھوپ کے اثرات بدیعنی لو لگنا (Sun strock) اور سر درد۔

iv- خون کی زیادتی والے لوگوں میں ہائی بلڈ پریشر سر درد گردن کی رگوں میں پھڑکن کیساتھ سن یا ایسے عوارضات۔

☆ **مخصوص اجتماع خون کے بد اثرات**

126- نیفالکم

عرق النسا، گھٹیا، آنتیں، آلات تناسل

i- عرق النسا (Sciatlca)، نا قابل برداشت درد جو سُن ہونے کیساتھ تبدیل ہوتا رہے۔

ii- مزمن درد کمر (Lambag) نقرسی گھانٹھیں اور درد کمر اور گردن کے پٹھوں میں درد۔

iii- صبح سویرے دستوں کا ہونا، بچوں کا ہیضہ۔

iv- مردوں میں پروسٹیٹ کی سوزش عورتوں میں قلت حیض، درد بھرے بوجھ کے ساتھ (Ameonorrhea)

☆ مخصوص عرق النسا اور گھٹیا کے درد۔

127۔ گریفائٹس

جلد،معدہ،سن یاس،موٹاپا

i۔ گندی جلد پھوڑے پھنسیاں،سر خباد، پھٹاؤ،چنبل،گردن،کان کے پیچھے اور جنگاسوں پر بالخصوص

ii۔ معدے،آنت،مقعد وغیرہ کے السر،ناسور یا کینسر،تیزابیت کی زیادتی اور مزمن قبض۔

iii۔ عورتوں میں قلت حیض،لیکوریا کی زیادتی اور ایسی تمام شکایات جو سن یاس سے متعلق ہوں۔

iv۔ جسم بتدریج موٹا ہوتا جائے چربی کی زیادتی خاص کر عورتوں میں حیض کی تکالیف کے ساتھ۔

☆ **مخصوص آکسیجن کی کمی کے فتور**

128۔ گریشی اولا

معدہ آنتیں،ذہن،تندی شہوت،حیض

i۔ معدے کی تیزابیت تشنجی دردیں خالی پن کا احساس پرانی قبض یا دست۔

ii۔ ہسٹریکل مزاج،ذہنی طور پر مغرور اور اس کے بد نتائج شدید چڑچڑاپن اور بد مزاج۔

iii۔ سخت گیر خواتین میں جذبات کی برانگیختگی سے تندی شہوت۔

iv۔ حیض بکثرت (Menorrhagio) وقت سے پہلے اور لیکوریا۔

☆ **مخصوص ہسٹریکل عورتیں۔**

﴿ پیٹ میں اپنڈکس کی جگہ والا حصہ بہت سی بیماریوں کے لئے انتہائی حساس ہے ﴾

129۔ گرینڈیلیا

تنفس،دل،معدہ،تلی

i۔ مزمن دمہ و برانکائٹس، پھیپھڑوں کا جزوی فالج نیند آتے ہیں گلے میں گھٹن ہوتی ہے۔

ii۔ دل کمزور، چال مدہم اور غیر ہموار دل کی دھڑکن اور تنگی تنفس۔

iii۔ سوزش، معدہ تیزابیت زخم معدہ، متلی قے سانس کی علامات کیساتھ۔

iv۔ ملیریا کے مزمن اثرات سے تلی کا بڑھ جانا۔(Splenonegaly)۔

☆ **مخصوص دل و پھیپھڑے۔**

130۔ گوائیکم

آتشکی،،فتور ،ہڈیاں،عضلات،جوڑ

i۔ آتشک کے برے اثرات جبکہ جسم کے مخارج سے نہایت بد بودار رطوبتیں خارج ہوں۔

ii۔ مزمن گھٹیاوی دردیں جو سردی سے کم اور گرمی سے شدت اختیار کریں۔

iii۔ پٹھوں کی کمزوری، درد اکڑن اور سکڑن دکھاؤ۔

iv۔ جوڑوں کی سوزش بدوضعی اسکے ساتھ کم وبیش ٹانسلز کی سوزش بھی ہو۔

☆ **مخصوص ہڈیاں و ٹانسلز**

131۔ ھیمامیلس

وریدیں،بواسیر،سیلان خون،درد

i۔ وریدوں کاورم ان میں اجتماع خون،وریدوں کا گھچے بننا(Vericose Vein)جلد کی رنگت نیلگوں سبز۔

ii۔ وریدوں کے ورم سے خونی بواسیر مسے سوجھے ہوئے سیاہ خون کا اخراج۔

iii۔ جسم کے مخارج سے خون کا اخراج آسانی سے ہو جس کی رنگت سیاہی مائل ہو۔

iv۔ متاثرہ جگہ میں پھوڑے یا چوٹ کا سا شدید درد، چوٹ، رگڑ، کٹنے اور موچ کے اثرات بد۔

☆ **مخصوص ورم ورید اور اخراج خون**

نوٹ: مدر ٹنکچر وریدوں کے ورم(Vericose vein)پر جبکہ بواسیر کے لئے مرہم اکسیر ہے۔

132۔ ہکلالاوا

ھڈیاں،دانت،ناسور،غدود

i۔ ہڈیوں کے تباہ کن امراض،گلنا سڑنا،سوزش،درد،جبڑے کی ہڈی خاص کر متاثر ہو۔

ii۔ دانت درد،چہرے کا درد،مسوڑھوں کی سوزش(Gingivitis)بچوں کے دانت مشکل سے نکلیں۔

iii۔ ہڈیوں،دانتوں کے کینسر،ناسور اور پھوڑا بننے کا رجحان۔

iv۔ گردن کے غدود بڑھنا اور سخت ہوتے جانا۔

133- ہیلی بورلیس

دماغ،اعصاب،استسقا،جنون

i- اجتماع خون سے دماغ کے پردوں کی سوزش اور دماغ مفلوج ہونا۔

ii- سرخ بخار(Scarlatina) سے مالیخولیائی جنون،آنکھیں کھلی ہوئیں ہونٹ کاٹے اور کپڑے نوچے۔

iii- حواس میں سُستی جو بتدریج فالج تک جائے سننے اور چکھنے کی صلاحیت ختم ہوجائے۔

iv- دماغی استسقائی قہوہ جیسا پیشاب جبکہ ایک ٹانگ اور ایک پاؤں خود بخود ہلتے رہیں۔

☆ **مخصوص دماغی پردوں کی سوزش اور اس کے اثرات**

134- ہیلونیس

کمزوری رحم،کمر درد،پٹھے،گردے

i- رحم کی کمزوری سے رحم کا ٹلنا(Displacement) رحم کا گر جانا(Prolapsus)۔

ii- رحم کی تکالیف سے وابستہ شدید کمر درد اور بوجھ رکھا ہونے کا احساس۔

iii- پٹھے نہایت کمزور ان میں جلن زبردست سُستی تھکان اور بے خوابی۔

iv- گردوں کی سوزش(Nephritis)،پیشاب بکثرت جلندار اور ذیابطیس۔

☆ **مخصوص رحم کی کمزوری سے جسمانی کمزوری۔**

135- پائیوزینیم

ناک کی سوزش، گلن سڑن، تنفس، جلد

i- آتشکی کے اثرات سے ناک کی پرانی اندرونی سوزش۔

ii- ناک کی اندرونی گلن سڑن، بدبو کا ہونا زخم اور ٹی، بی کی گانٹھیں۔

iii- بوڑھوں کا برانکائٹس دمہ ٹی، بی آواز کا بگڑ جانا، کھانسی میں بکثرت بلغم۔

iv- مہلک سرخباد، پھوڑے اور زخم بازوؤں پر گانٹھیں۔

☆ **مخصوص ناک کی اندرونی بیماریاں**

136- پائیڈراسٹس

بلغمی جھلیاں، معدہ، جگر، کینسر کا رجحان

i- بلغمی جھلیوں کا نزلاوی ورم ان سے گاڑھا، زردی مائل ریشے دار مواد کا اخراج ہو۔

ii- معدے کی تیزابیت، زخم، بدہضمی جس سے منہ کے چھالے ضدی اور پرانی قبض۔

iii- صفراوی خرابیاں، یرقان بھوک کی کمی وزن میں کمی ہوتے جانا۔

iv- جسم کے کسی بھی حصے میں کینسر کا رجحان جہاں درد ہو لیکن زخم ابھی نہ بنا ہو۔

☆ **مخصوص امراض معدہ قبض**

﴿مرکزی بیماری یا علامات کے ساتھ ضمنی یا عارضی علامات اکثر دھوکہ دیتی ہیں﴾

137- ہائیڈروکوٹائل

جلد، کینسر، کوڑھ، رحم

i- جلد موٹی، بدرنگ اُدھڑنے والی، چنبل، پھوڑے، پھنسیاں، کیلیں اور نا قابل برداشت خارش۔

ii- جسم کے مختلف حصوں میں کینسر ہونے کا شبہ جلد کی رغبت زیادہ ہو۔

iii- کوڑھ (Leprosy) سفید جلدی داغ برص (Leucoderma)، چہرے کی ٹی، بی (Lupulus)۔

iv- رحم کی گردن کا کینسر شدید درد، رحم میں گرمی کا احساس لیکوریا اور خارش۔

☆ **مخصوص** **برص (Leucoderma)۔**

138- ہائیڈروسیانک ایسڈ

تشنج، فالج، ہیضہ، حنجرہ

i- مسلسل اور شدید تشنج جسم کمان کی طرح پیچھے کی طرف کھنچ جاتا ہے۔

ii- فالج جو ٹانگوں سے اوپر چل کر بازوؤں تک جائے اس کے ساتھ اینٹھن۔

iii- ہیضے میں نزع جیسی حالتیں تیز دل کی دھڑکن، نبض بے قاعدہ اور جسم برف جیسا سرد۔

iv- حنجرہ کی تشنجی سکڑن جس سے خشک پھاڑنے والی کھانسی۔

☆ **مخصوص** **ہیضہ اور تشنج**

139۔ ہائیڈروفوبینیم

اعصاب،تشنج،ہڈیاں،آلات تناسل۔

i۔ اعصاب کے تمام حواس کی صلاحیت میں اضافہ اور تشدد آمیز غصہ۔

ii۔ تیز روشنی، بہتے یا گرتے پانی یا اس جیسی پتلی چیزوں کے سوچنے سے بھی تشنج۔

iii۔ ہڈیوں پٹھوں میں تیز درد اور تھکن کا احساس۔

iv۔ جماع کی خواہش بڑھی ہوئی مردوں میں بوقت جماع انزال نہ ہو۔

☆ **مخصوص سیال اشیا سے ڈرنا۔**

نوٹ: اس دوا کا دوسرا نام لائی سین (Lyssin) ہے۔

140۔ ہائی اوسیامس

دماغ،جنون،پٹھے،تندی شہوت

i۔ دماغی پاگل پن، ہذیانی و تشنجی دورے، شدید عصبی جوش، اعضائے پوشیدہ کو ننگا کردے۔

ii۔ جنونی مریض بے شائستہ بے شرم گالیاں دینا جھگڑا کرنا بے حد باتونی، حاسد اور شکی مزاج۔

iii۔ پٹھوں اور مختلف اعضا کی تشنجی پھڑکن ولرزہ اور دردیں۔

iv۔ مریض کے اندر دماغی و اعصابی ابتری سے شہوت کی زیادتی جس میں بے شرمی حد درجے کی ہو۔

☆ **مخصوص دماغی،عصبی پاگل پن**

141- ہائی پریکم

زخمی اعصاب،زخم، کینگرین،متفرق

ایسے زخم یا چوٹیں جن سے اعصاب متاثر ہوں جبکہ متاثرہ جگہ میں ناقابل برداشت درد ہوں۔

i- تیز دھار چیز کا زخم، چوٹ، آپریشن کے بعد زخم اور کسی جانور کے کاٹے ہوئے زخم وغیرہ۔

ii- زخمی اعضاء میں خون کی بے ترتیبی اور اس حصے کا گلنا سڑنا یعنی گینگرین۔

iii- اعصاب کی زخمی ہونے سے تشنج، سنسناہٹ، دمہ اور اعصابی صدمہ ہو سکتے ہیں۔

iv- ☆ **مخصوص بیرونی زخم اور اثرات بد۔**

142- آئی بیرس

اعصاب،دل،دوران خون،تنگی تنفس۔

i- شدید اعصابی جوش، خوفزدہ، چڑچڑا پن اور آہیں بھرنا۔

ii- دل کا بڑھ جانا، دیواریں موٹی پڑ جاتی ہیں شدید درد اور چبھن ہوتی ہے۔

iii- خون کا بڑھا ہوا جوش، نبض بھری ہوئی بے قاعدہ اور رک رک کر چلتی ہے۔

iv- دل کی خرابی سے سانس کی تنگی معمولی حرکت سے اضافہ، سر چکرنا اور گلا گھٹے۔

☆ **مخصوص امراض دل**

143۔ اگنیشیا

متضاد علامتیں، تشنج و کھچائو، معدہ و آنتیں، اسباب

i۔ ہسٹریائی وخیالی تکالیف ذہنی اور جسمانی علامات تیزی سے تبدیل ہوں جو باہم متضاد ہوں۔

ii۔ مختلف اعضا میں تشنجی کھچاؤ اور تناؤ کا احساس۔

iii۔ معدے میں خالی پن وڈوبنے کا احساس، ہچکی گہری آہیں آنتوں کی کمزوری سے کانچ نکلنا (Prolopsus of anus)۔

iv۔ رنج وغم، ناکام محبت، وطن سے دوری، غم وغصے، تمباکو، جذبات اور بری خبر کے نتائج بد۔

☆ **مخصوص** **طاعون (Plague)**

144۔ آئیوڈم

تھائیرائیڈ گلینڈ، غدود، ٹی، بی، کمزوری۔

i۔ تھائیرائیڈ گلینڈ کی خرابی سے جسم کے اندر بیماریاں پروان چڑھنا یا قوت حیات کی شدید کمزور۔

ii۔ تمام غدود بڑھنے کا رجحان بشمول گلہڑ (Goitter) جبکہ پستان کے غدود سوکھتے جائیں۔

iii۔ نمونیا پھیپھڑوں اور آنتوں کی ٹی، بی پسینے کی کثرت کے ساتھ کمزوری۔

iv۔ کمزوری، سوکھا پن باوجود بہترین غذا کے مریض بتدریج کمزور ہوتا چلا جائے۔

☆ **مخصوص** **مریض جتنا زیادہ کھاتا ھے اس نسبت سے تیزی سے کمزور ھوتا جاتا ھے۔**

﴿ایک ہی دوا میں دو متضاد اور برعکس علامات مرض کے درجات کے اعتبار سے ہوتی ہیں﴾

145- ایکاک

معدہ ،آلات تنفس،اخراج خون،صفراوی علامات

i- معدے کی تیزابیت، ثقیل غذا سے بدہضمی ،اسہال کی کثرت متلی و قے ،جراثیمی پیچش اور ہیضہ۔

ii- مسلسل اور زوردار کھانسی، دمہ تنگی تنفس آواز کا بگڑ جانا، نزلہ وزکام۔

iii- جسم کے مخارج سے بکثرت چمکدار اور سرخ خون بہنے کا رجحان۔

iv- جگر اور تلی کی بیماریاں ملیریا بخار اور اس کے بعد کا فتور۔

☆ **مخصوص مسلسل متلی یا قے۔**

146- آئرس ورسیکلر

سر درد،بلغمی جھلیاں،صفراوی علامات،معدہ آنتیں۔

i- شدید پھٹنے والا سر درد جس سے متلی اور صفرا کی کڑوی زرد قے ہو۔

ii- غدود اپنی رطوبتیں بڑھا دیں گلے کے غدود اور پنکریاس خاص طور پر۔

iii- صفراوی بہاؤ بے قاعدہ جس سے جسم میں تیزابیت بڑھ جائے۔

iv- معدہ کی جلن آنتوں کی سوزش سے کثرت دست مقعد کی جلن اور چھیلن کا احساس اور ہیضہ

☆ **مخصوص سر درد اور تیزابیت**

147۔ کالی بائیکرام

بلغمی جھلیاں،معدہ آنتیں،جگر،آلات بول

i۔ زخرے کی بلغمی جھلیوں کی سوزش نزلہ زکام سونگھنے کی حس کمزور پڑھ جائے تاردار رطوبتیں۔

ii۔ زخم معدہ قے آنتوں کی پرانی سوزش دست و پیچش مروڑ وا ینٹھن۔

iii۔ جگر کی چربیلی خرابیاں اور بڑھتی ہوئی عام جسمانی کمزوری۔

iv۔ گردوں کی سوزش، جو معدہ یا جوڑوں کے درد سے بدلا کرے پیشاب میں خون، پیپ اور البیومن کا اخراج۔

148۔ کالی بروم

اعصاب،دماغ،جلد،جنسی بیماریاں۔

i۔ مرگی، تشنج، اعصاب میں توازن کا فقدان، چلبلا پن مریض ہر وقت ہاتھ اور پاؤں حرکت میں رکھے۔

ii۔ کند ذہن، افسردہ، بچوں میں رات کے ڈر، تکلیف لکنت (Steamring)، نیند میں چلنا (Sommnabulision)۔

iii۔ چنبل، بدنما داغ دانے اور خارش جوانی کے کیل مہاسے اور چھائیاں۔

iv۔ کثرت مباشرت کے برے نتائج یعنی حافظہ کمزور دونوں جنسوں میں تند ہی شہوت۔

☆ **مخصوص دماغی اور اعصابی کمزور**

149- کالی کارب

آلات تنفس،درد،چربیلی خرابیاں،استسقا

i- پلیوریسی، دمہ تنگی تنفس جس میں سوئی گڑھنے جیسے درد ہوں جو گہرا سانس لینے سے زیادہ ہوں۔

ii- کمر، جوڑوں، سینے، دل کے قریب اور وضع حمل کے بعد سوئی گڑھنے جیسے شدید درد ہوں۔

iii- دل اور جگر کی چربیلی خرابیاں بوڑھے لوگ بالخصوص زیادہ مبتلائے مرض ہوں۔

iv- استسقا کا رجحان پپوٹوں کے اوپر تھیلی جیسی سوجن علامات تکلیف والی کروٹ، سردی سے اور صبح سویرے زیادہ ہوں۔

☆ **مخصوص متاثرہ جگہ میں سوئی گڑنے جیسے درد۔**

150- کالی آئیوڈائیڈ

آتشکی فتور،نزلہ زکام،رسولیاں،جلد

i- ہڈیوں کے پردوں کا ورم، ہڈیاں کمزور ان کا ٹیڑھا پن، عرق النسا، تلووں اور ایڑھیوں کا شدید گھٹیاوی درد۔

ii- نزلہ و زکام سے تنفس کی مزمن بیماریاں ٹی، بی، نمونیہ و کھانسی اور چھینکوں کی کثرت۔

iii- اندرون یا بیرونی جسم گانٹھیں، گلٹیاں اور رسولیاں بننے کا رجحان۔

iv- پھوڑے، پھنسیاں خارش اور نیلے جلدی داغ یعنی (Purpura)۔

☆ **مخصوص سانس اور ہڈیاں یا بچپن اور جوانی کے نہ درست ہونے والے امراض۔**

نوٹ: ردِ عمل کو ابھارتی ہے دوسری ادویات کے لئے راستہ ہموار بنا دیتی ہے۔

151۔ کالی میور

نزلاوی ورم،غدود،جوڑ،معدہ آنتیں۔

i۔ بلغمی جھلیوں کے نزلاوی ورم کا دوسرا درجہ، کان کی نالی کے ورم سے بہرا پن، کالی کھانسی۔

ii۔ غدود بڑھنے کا عمل، ٹانسلز کا ورم زبان کی جڑ میں سفید رنگ کے میل کی تہہ۔

iii۔ جوڑوں کی پانی والی سوجن درد اور بخار، گھٹنے کی چپٹی ہڈی کی سوجن بستر کی حرارت سے اضافہ۔

iv۔ ثقیل و مرغن غذا سے بدہضمی قبض، پیچش اور خونی بواسیر۔

☆ **مخصوص ٹانسلز و بہرا پن۔**

152۔ کالی فاس

اعصاب،دماغ،رسولیاں،بدبودار اخراج۔

i۔ اعصابی، ذہنی اور جسمانی کمزوری، چڑچڑا پن، ہیجان انگیز، کثرت محنت فکر وغم سے پیدا شدہ بیمار

ii۔ کمزور حافظہ، رات کے ڈر، نیند میں چلنا دماغ میں خون کی کمی سے ہونے والی تمام جسمانی بیماریا

iii۔ جسم کے کسی حصے کا گلنا سڑنا، (Gangreen) رسولیاں، کینسر اور زخم بننے کی رغبت

iv۔ تمام مخارج سے عام طور پر متاثرہ جگہ سے خاص طور پر بدبودار رطوبت کا اخراج ہو۔

☆ **مخصوص اعصابی و دماغی تھکاوٹ**

﴿پرہیز دوا کے ساتھ ضرور بتانی چاہیئے۔ جو کہ بہترین نفسیاتی حکمت بھی ہے﴾

153۔ <u>کالی سلفیوریکم</u>

آلات تنفس،جلد،رسولیاں،درد

i۔ نزلاوی ورم، دمہ بکثرت زرد بلغم، سونگھنے کی حس ختم، کھلی ہوا میں افاقہ مرض۔

ii۔ چنبل، دانے، پھنسیاں، پتی اچھلنا، سر کا چنبل بہنے والا، شہد کے چھتے جیسے زرد چھلکے اترنا۔

iii۔ آلات بول، رحم مقعد، ناک وغیرہ میں رسولیوں، گومڑیا کینسر بننے کا رجحان۔

iv۔ متاثرہ حصوں میں درد جو تیزی سے اپنی جگہ تبدیل کریں۔

☆ **مخصوص تنفس اور جلد کی بیماریاں۔**

نوٹ: ناک کی ہڈی کے آپریشن کے بعد یہ دوا استعمال کرانے سے دوبارہ ہڈی بننے کی پیدائش روک دے گی

154۔ <u>کالمیا</u>

گھٹیا،دل،معدہ،درد

i۔ گھٹیاوی ورم اور درد جو گھٹنوں، کلائی کی رگوں کیساتھ ساتھ ہو، درد عموماً نیچے سے اوپر چلتا ہے۔

ii۔ جوڑوں کا درد جو دل کی جانب منتقل ہو جائے، شدید تیز درد دل جو سانس روک دے، تیز دھڑکن۔

iii۔ معدے کا شدید درد سیدھا بیٹھنے سے کم ہو متلی و قے کے ساتھ۔

iv۔ جوڑوں کے گھٹیاوی تیز درد، جو تیزی سے اپنی جگہ تبدیل کریں۔

☆ **مخصوص گھٹیاوی دردیں اور دل**

155۔ کیریازوٹ

اخراج خون، گینگرین،دانت،سن یاس

i۔ جسم کے مخارج سے خون بہنے کا رجحان یا معمولی زخم اور چوٹ سے بکثرت خون بہنا۔

ii۔ خراشدار، جلندار اور بدبودار رطوبتیں، زخم، کینسر یا گینگرین جس میں تیزی سے سڑاؤ آئے۔

iii۔ دانت دیر سے نکلنا بوسیدہ ہونا، سکروی (Scurvy)، بچے جو کے بوڑھے دکھائی دیں۔

iv۔ سن یاس کی تکالیف، رحم کے اندرونی سوزش خراشدار لیکوریا اور خارش

☆ **مخصوص اندرونی یا بیرونی سڑائو**

156۔ لیک کینئم

حلق،اعصاب، آلات تناسل،تبدیلی علامات

i۔ حلق اور غدودوں کا ورم (Dephiteria) زخم، درد جو کانوں تک جائیں۔ مزمن نزلہ وزکام۔

ii۔ شدید غصہ مایوسی، غیر حاضر دماغی، خود کو ہوا میں اڑتا محسوس کرے۔ خواب میں سانپ دیکھنا۔

iii۔ عورتوں میں چھاتیوں کی درد بھری سوجن جو حرکت یا چھونے سے شدید ہوں حیض قبل از وقت اور درد بھرے۔

iv۔ مریض کی علامات اور درد تیزی سے پہلو اور جگہ تبدیل کریں۔

☆ **مخصوص چھاتیوں میں دودھ کی کثرت۔**

نوٹ: چھاتیوں میں دودھ کی کثرت کو خشک کرنے کے لئے بہترین دوا ہے۔

157۔ لیک ڈیفلوریٹم

قبض، سر درد، ذیابطیس، حیض

i۔ مزمن اور سخت قبض بے سود حاجت اس کے ساتھ متلی قے، بے قاعدہ نشو نما کے بد اثرات۔

ii۔ سر درد جسکا تعلق قبض سے ہو شور و غل روشنی اور حرکت سے اضافہ ہو۔

iii۔ شوگر پیشاب کی کثرت پانی کی پیاس جبکہ قبض اور سر درد بھی ہوا کریں۔

iv۔ حیض کا دب جانا، کم ہو جانا بالخصوص ٹھنڈا دودھ پینے سے۔

☆ **مخصوص سر درد اور قبض**

158۔ لیکسس

دوران خون، حساس، بائیں جانب، سن یاس

i۔ خون جمنے کی صلاحیت کا فقدان، آسانی سے خون بہے، دوران خون سر کی جانب اور ہائی بلڈ پریشر۔

ii۔ ذکی الحس معمولی چھونے سے کساؤ یا تنگ کپڑا پہننے سے، تنگ جوتا، تنگ و تاریک کمرے حتیٰ کہ قمیض کے تنگ بٹن بند ہونا بھی برداشت نہ ہو۔

iii۔ علامات بائیں جانب سے شروع ہو کر دائیں جانب رخ اختیار کرتی ہیں۔

iv۔ عورتوں میں سن یاس کی بیماریاں، جسم کے دبے ہوئے یار کے ہوئے اخراجات جاری ہونے سے علامات میں کمی۔

☆ **مخصوص نیند کے بعد علامات کا شدت اختیار کرنا۔**

159۔ لاروسیریسس

آلات تنفس،دل ،معدہ،نوزائیدہ بچے۔

i۔ تنگی سانس، تشنجی خشک کھانسی پھیپھڑوں پر فالج گرنے کا اندیشہ۔

ii۔ دل کی فعلی خرابیاں، تیز دھڑکن اور تنگی تنفس مریض دل کو ہاتھ سے تھامے رکھے۔

iii۔ خوراک کی نالی کا تشنج ،شدید درد معدہ ، ہر مائع چیز معدے میں آواز کرتی ہوئی جائے۔

iv۔ پیدائش کے فوراً بعد نومولود بچوں میں سانس نہ آنا اور ان کا نیلا یرقان۔

☆ **مخصوص سانس اور دل کی مشترکہ بیماریاں۔**

نوٹ: قوت مدافعت اور جسمانی ردِعمل اُبھارنے کے لئے عمدہ دوا ہے۔

160۔ لیڈم پال

گھٹیا،جلد،ٹھنڈاپن،تشنج

i۔ چھوٹے جوڑوں میں گھٹیاوی ورم اور درد تلووں میں درد، علامات اور درد نیچے سے اوپر چلیں۔

ii۔ چنبل، خارش، پیشانی و چہرے کی کیل پھنسیاں، کاربنکل تمام علامات بستر کی گرمی سے بڑھیں۔

iii۔ متاثرہ اعضا اور جگہ برف جیسی سرد ہو جبکہ علامات اور دردیں ٹھنڈ سے کم ہوں۔

iv۔ چوٹ، موچ، تیز زخم، کیڑے مکوڑوں کے کاٹنے یا کسی جانور کے کاٹنے کے بداثرات یا تشنج (Tatnus)۔

☆ **مخصوص گھٹیاوی دردیں جو پائوں سے اوپر چلیں۔**

❁ معالج کو بہترین دوست کے ساتھ عمدہ راز دار بھی ہونا چاہیئے ❁

Scanned by CamScanner

161- لیپٹنڈرا

جگر،معدہ،دست،بخار

i- جگر میں گردش خون کمزور، درد جگر، یرقان اور صفراوی علامات۔

ii- معدے میں بھاری پن اور درد زبان پر زرد رنگ کے میل کی موٹی تہہ۔

iii- سیاہ تارکول جیسا بدبودار پاخانہ دستوں کی طرح مقدار میں زیادہ۔

iv- ملیریا بخار جبکہ ٹائیفائیڈ بخاروں میں آنتوں کی کمزوری سے دست یا خونی بواسیر۔

☆ **مخصوص** **تارکول جیسا سیاہ پاخانہ**

162- للی ایم ٹائیگریئم

رحم،دل،اعصاب،بائیں جانب

i- رحم کا پھیلتے چلے جانا، رحم کا نیچے کی جانب اتر جانا یا گر جانے کا احساس بدبودار حیض۔

ii- درد دل جو بائیں بازو تک جائے سینے پر بوجھ، نبض بے قاعدہ اور تیز دھڑکن۔

iii- زبردست افسردگی مایوسی، ہسٹریکل، چڑچڑاپن، وہمی خیال، بزدل اور آسانی سے رو دینا۔

iv- بیماریوں کا دائرہ زیادہ تر بائیں جانب درد جو انتہائی محدود مقام تک ہوں۔

☆ **مخصوص** **رحم کی بیماریاں**

163۔ لیتھیئم کارب

کھٹیاوی دردیں، آلات بول،دل، آنکھیں۔

i۔ گھٹیاوی گانٹھیں، یورک ایسڈ کا جماؤ، جوڑوں کے پردوں کی سوزش اور شدید درد۔

ii۔ دائیں گردے میں درد، درد مثانہ پیشاب کم اور گہرا اس میں ریت کا اخراج۔

iii۔ دل کے مقام پر سوئی چبھنے جیسے درد، پیشاب یا حیض کھل کر آنے سے دل کی تکلیف میں کمی ہو جائے۔

iv۔ گھٹیاوی ورم اور درد کیساتھ نظر کی بتدریج کمزوری۔

☆ **مخصوص** **جوڑوں میں یورک ایسڈ کا اجتماع**

164۔ لوبیلیا انفلاٹا

آلات تنفس،معدہ و آنتیں،متلی و قے،اسباب

i۔ پھیپھڑوں کا تشنج، کالی کھانسی، سانس کی تنگی دمے کا دورہ اس سے قبل سوئی گڑنے جیسا درد ہو۔

ii۔ معدہ میں شدید کمزوری و غشی، تیزابیت، رال اور بھوک کی زیادتی تمباکو کی بو نا قابل برداشت ہو۔

iii۔ تقریباً تمام علامات کے ساتھ متلی و قے کمزوری معدہ میں یا دوران حمل متلی و قے۔

iv۔ جسم کے قدرتی اخراج رکنے یا دبنے سے پیدا شدہ بیماریاں۔

☆ **مخصوص** **متلی و قے**

165۔ لائکوپوڈیم

آلات تنفس، آلات بول، جگر، دائیں جانب

i۔ معدہ کمزور، تیزابیت بڑھی ہوئی۔ زبردست اپھارہ ڈکار، چند لقموں سے گلے تک بھرے ہونے کا احساس، قبض۔

ii۔ درد گردہ سرخ ریت کا اخراج، پتھری، پیشاب سے پہلے درد جبکہ بعد میں آرام ہو۔

iii۔ جگر اور پھیپھڑوں کے امراض، پٹھوں، جسمانی اور مردانہ جنسی کمزوریاں۔

iv۔ علامات دائیں سے بائیں جانب چلیں جو کہ شام چار بجے تا آٹھ 8 بجے شدت اختیار کریں۔

☆ **مخصوص بوڑھوں کی نامردی**

166۔ لائکوپس

دوران خون، دل، گلہڑ، خون بہنے کا رجحان۔

i۔ دوران خون بڑھا ہوا یعنی ہائی بلڈ پریشر، شریانیں تڑپتی اور دھڑکتی ہوئی۔

ii۔ دل کمزور، دھڑکن نبض کمزور اور بے قاعدہ دل کی خرابی سے ٹی، بی اور نیلا یرقان۔

iii۔ گلہڑ جس میں سانس کی تنگی اور آنکھیں باہر کو ابھری ہوئی ہوں (Hyperthyroidism)۔

iv۔ خون بہنے کا رجحان خاص کر شریانوں اور خونی بواسیر کے ذریعے۔

☆ **مخصوص دوران خون**

167۔ لمنامائنز

ناک کی ہڈی،نزلہ،آلات تنفس، کمی و زیادتی

i۔ ناک کی ہڈی بڑھ جائے، اندرونی طور پر پھولتی جائے باہر سے بدنما دکھائی دے ناک کی اندرونی سوزش۔

ii۔ مریض نزلہ زکام کے لئے حساس، سونگھنے کی حس ختم ہو جائے۔ سڑی ہوئی بد بو مریض خود محسوس کرے

iii۔ ناک کی رکاوٹ سے سانس کی تنگی، کھانسی اور دمہ، ناک، حلق و خنجرے کی خشکی۔

iv۔ ناک کے نتھنے باری باری کھلیں اور بند ہوں جبکہ تمام علامات بارش یا نم موسم میں زیادہ ہوں۔

☆ **مخصوص ناک کی بڑھی ہوئی ہڈی جبکہ نزلہ حلق میں گرے**

نوٹ: پوٹینسی کی شکل میں کھانے کے لئے جبکہ مدر ٹنکچر ناک کے اندر ٹپکائیں۔

168۔ لیتھائرس

ریڑھ،فالج،پولیو،بھاری پن

i۔ ریڑھ کے اگلے اطراف کے اعصاب بالخصوص متاثر ہوتے ہیں جن سے نچلے اعضا متاثر ہوں۔

ii۔ ٹانگوں کا فالج ان میں سختی اور اینٹھن، چلنے سے گھٹنے آپس میں ٹکرائیں، پنڈلی کے پٹھوں کا کھچاؤ۔

iii۔ بچوں کا فالج یعنی پولیو (Polio Myelitis) پیروں کی لاغری، پاؤں زمین سے نہ اُٹھیں، پنجوں کے بل پاؤں گھسیٹ کر چلنا۔

iv۔ تمام علامات کے ساتھ نیند کا غلبہ، جمائیاں اور بھاری پن ورعشہ لازماً پائے جاتے ہیں۔

☆ مخصوص۔ ٹانگوں کا فالج اور پولیو (Polio Myelitis)۔

169۔ میگنیشیا کارب

معدہ آنتیں، اعصاب، حیض، عصبی درد۔

i۔ تیزابیت کی زیادتی، بچوں کے جسم سے بھی کھٹی بو آئے۔ دودھ کسی طور پر ہضم نہیں ہوتا۔

ii۔ ذہنی افسردگی، اعصابی تھکان اور فکر و غم کے بدنتائج یعنی عصبی درد، بھاری پن اور قبض۔

iii۔ حیض لیٹی ہوئی حالت میں کم ہو جاتا ہے۔ حیض سے قبل گلے کی تکالیف بڑھ جاتی ہیں۔

iv۔ مختلف متاثرہ اعضاء میں شدید اینٹھن والے اعصابی درد۔

☆ **مخصوص کھٹی بو اور سبز کائی جیسے دست**

170۔ میگنیشیا میور

جگر، رحم، ہسٹریا، قبض۔

i۔ جگر بڑھا ہوا درد اور یرقان، اپھارہ تمام علامات دائیں جانب لیٹنے سے بڑھیں۔

ii۔ رحم کی سوجن، حیض جما ہوا اور سیاہ رنگت زیادتی رات کو۔

iii۔ ہسٹریکل و تشنجی دردیں رحم کی تکالیف اور درد کمر تک جائے۔

iv۔ دودھ ہضم نہ ہونا، دانت نکلتے بچوں کا قبض یا عام لوگوں میں سخت قبض۔

☆ **مخصوص دانت نکلتے بچوں میں قبض۔**

﴿ کیس اور دوا فوراً سمجھ میں آنے کے باوجود مریض کو زیادہ وقت دیں ﴾

171۔ میگنیشیا فاس

تشنجی درد، کمزوری، اعصاب، دائیں جانب

i۔ پٹھوں میں تشنج، کھچاؤ اور جھٹکے درد مرکز سے چاروں طرف پھیلیں گرمائش سے کم ہوں۔

ii۔ کمزوری، لاغری، تھکے ہارے اور محنت سے جی چرانے والے لوگ۔

iii۔ اعصاب کمزور، تھکان جذباتی انداز سے اضافہ مرض ہو۔

iv۔ دائیں جانب کے اعصاب زیادہ متاثر ہوں جن میں اینٹھن زدہ درد ہوں۔

☆ **مخصوص بجلی کی تیزی سے اینٹھن والے شدید اعصابی درد**

172۔ میگانم اسا ٹیکم

خون، ہڈیاں، فالج، بلغمی جھلیاں

i۔ خون کے سرخ اجزا کی تباہ کاریاں، شدید کمزوری، کمی خون یرقان اور جگر پر چربی چڑھنا(Faty Liver)۔ii۔ آتشکی فتور ہڈیوں اور غلاف کی سوزش ہڈیوں اور پٹھوں میں شدت کی دکھن اور درد۔

iii۔ ریڑھ کی کمزوری، ٹخنے کمزور، ٹانگوں کا فالج بتدریج بڑھتا جائے آگے کی جانب گرنے کا رجحان۔

iv۔ بلغمی جھلیاں سوجی ہوئی خاص کر گلے کی پرانی سوزش تمام علامات رات کو شدت اختیار کریں۔

☆ **مخصوص جسم کی جس جگہ کو چھوا جائے وہیں شدید درد ہوں۔**

173- میڈوریتم

سائیکوسس،ھڈیاں،آلات تناسل،نزلہ و زکام۔

i- سوزاک یاد ہے ہوئے سوزاک کے بداثرات عورتوں میں بانجھ پن جبکہ مردوں میں نامردی۔

ii- مزمن گھٹیاوی سوزش تلوؤں اور ایڑیوں میں شدت کے درد، سخت بے قراری اور بے چینی۔

iii- سوزاکی اثرات سے آلات تناسل کی خرابیاں اور کمزوریاں۔ تمام علامات نصف شب اور خشک سردی میں زیادہ ہوں۔

iv- نزلہ وزکام، ٹانسلز کا ورم، بچوں کا قد رک جانا بلغمی جھلیوں سے سردگاڑھی رطوبت کا اخراج۔

☆ **مخصوص سوزاکی اثرات**

نوٹ: انتہائی گہری دوا ہے چند علامات پر انحصار نہ کریں اس لئے بار بار مطالعہ رکھیں۔

174- ملی لوٹس

اجتماع خون،نکسیر،تشنج، کمی علامات

i- اجتماع خون سر کی جانب جس سے شدید پھٹنے والا سر درد، اعصابی سر درد اور بھاری پن۔

ii- مختلف مخارج سے سیلان خون کا رجحان لیکن نکسیر بالخصوص جس سے قبل چہرے پر سرخی ہو۔

iii- دانت نکلتے بچوں، عورتوں میں دوران حیض، تشنج جبکہ عام حالت میں قبض۔

iv- سردرد یا کسی دوسری تکلیف میں پیشاب آنے، نکسیر آنے اور حیض آنے سے کمی مرض ہو۔

☆ **مخصوص چھرے پر سرخی کیساتھ سردرد۔**

175۔ مرکیورس سال

بلغمی جھلیاں،ہڈیاں،جلد،متضاد،علامات۔

i۔ زخم وناسور،کمی خون،جھٹکے آنا،رعشہ وفالج،خون ملی پیپ،تکان ولرزہ،صفراوی بیماریاں۔

ii۔ آتشکی اثرات سے ہڈیوں کی بوسیدگی،دانت مسوڑھوں کو چھوڑیں تکالیف رات کو شدت پکڑیں۔

iii۔ بکثرت تیل جیسا پسینہ،خارش،چھالے،چنبل،پھنسیاں،جلدی علامات بستر کی گرمی سے زیادہ ہوں

iv۔ پسینے کی زیادتی سے علامات میں اضافہ،سردی وگرمی دونوں سے حساس،باوجود منہ گیلا ہونے کے پیاس کی زیادتی۔

☆ **مخصوص زبان پر دانتوں کے نشانات**

176۔ مرک کار

آنتیں و مقعد،آلات بول،آنکھیں،سوزاکی اثرات

i۔ آنتوں کی مسلسل اینٹھن ومروڑ جومقعد تک جائے پیچش جس میں بلغمی جھلی کے ٹکڑے ہوں۔

ii۔ مثانہ،گردوں کی شدید اینٹھن،گردوں کا فعل سست خون ملا پیشاب ایام حمل میں البیومن کا اخراج۔

iii۔ آنکھوں کی مزمن بیماریاں سوزش آنسو خراشدار،پپوٹے پھولے ہوئے زخم اور پیپ آنے کا رجحان۔

iv۔ سوزاکی اثرات سے بیماری خاص کر گلے کے غدو زخم یا خناق۔

☆ **مخصوص حاد پیچش اور شدید مروڑ**

﴿دوا کے ساتھ امدادی ذرائع سے ضرور کام لیں جو بعض اوقات دوا سے بڑھ کر کام کرتے ہیں﴾

177- میزریوم

جلد،اعصاب کا درد،ہڈیاں ،زیادتی

i- چنبل ،شدید خارش وجلن سر کے بالوں میں چنبل زرد موٹا کھرنڈ نیچے زرد پیپ۔

ii- شدت کی اعصابی دردیں، دانتوں میں بوسیدگی کیساتھ، چہرے میں، سر اور پٹھوں میں شدید درد۔

iii- لمبی ہڈیاں متورم اور ان کے ناسور، گومڑ اور ہڈیوں کی بوسیدگی شدید ترین درد جو نیچے سے اوپر جائیں۔

iv- مریض سردی ٹھنڈی ہوا، بستر کی گرمی اور مرطوب موسم میں تکالیف اُٹھاتا ہے۔

☆ **مخصوص جلد اور ہڈیاں**

178- ملی فولیئم

سیلان خون، آلات تنفس،حیض،اسباب مرض۔

i- جسم کے مختلف مخارج سے خون جاری ہونے کا میلان جسکی رنگت سرخ چمکدار ہو۔

ii- تنگی تنفس اور تیز دھڑکن ابتدائی ٹی۔ بی میں خون تھوکنا بواسیر کا خون رِسنے سے کھانسی۔

iii- حیض قبل از وقت ہو بکثرت اخراج جس سے کمزوری۔

iv- بوجھ اٹھانے ،گرنے ،محنت وغیرہ سے یا آپریشن کے بعد کمزوری اور چکر۔

☆ **مخصوص چمکدار سرخ خون کا اخراج**

179۔ مارفینیم

آنکھیں،معدہ،مثانہ،تنفس

i۔ پپوٹوں کا فالج، پتلیاں سکڑی ہوئی، آنکھوں کی ٹکٹکی بندھ جانا ان میں خارش اور بھینگا پن۔

ii۔ معدہ کمزور، مسلسل اور تکلیف دہ متلی اور اپھارہ ڈایافرم کے تشنج سے ہچکی۔

iii۔ مثانے کا جذوی فالج پیشاب آہستہ آہستہ، قطرہ قطرہ اور مشکل سے آئے۔

iv۔ مریض کو بستر نہایت سخت محسوس ہو خشک تشنجی کھانسی جورات کو شدت اختیار کرے۔

☆ **مخصوص جزوی فالجی عوارضیات**

180۔ ماسکس

اعصاب،ہسٹریا،آلات تناسل،ذیابطیس

i۔ ذہنی و اعصابی تناؤ، غصے کے دورے، تشنجی پٹھوں کا کھچاؤ، اعصابی لرزہ اور بار بار غشی۔

ii۔ ہسٹریائی مریض، پیٹ کا اپھارہ اور تشنجی اعصابی ہچکی، کھانے کے خیال سے متلی۔

iii۔ عورتوں اور مردوں دونوں میں جنسی خواہش کی زیادتی اور غلبہ شہوت۔

iv۔ ذیابطیس جس سے مردوں میں نامردی ہو جائے۔

☆ **مخصوص ہسٹریائی علامات اور جنسی بیماریاں۔**

181- <u>میورکس</u>

رحم،غلبہ شہوت،حیض،لیکوریا۔

i- رحم کا مزمن ورم، رحم کا ٹل جانا پیٹ سے نیچے رخ دباؤ کا احساس جس کو دبانے کے لئے مریضہ ٹانگ پر ٹانگ چڑھائے بیٹھے۔

ii- لاغر، کمزور اور عصبی مزاج خواتین میں غلبہ شہوت جو معمولی سا چھونے سے ہو جائے۔

iii- دائیں طرف رحم اور بائیں طرف پستان میں درد، حیض بے قاعدہ اور لوتھڑوں کی شکل میں بہے۔

iv- لیکوریا جو خراشدار اور چھیلن دار ہو جس سے خارش ہو۔

☆ **مخصوص رحم و آلات تناسل زنانہ**

182- <u>میورٹک ایسڈ</u>

کم درجہ حرات ، کمزوری،بواسیر، کانچ نکلنا۔

i- تیز بخار گزرنے کے بعد کم درجہ حرارت والے بخار تھکان، خون کے اندر زہر پھیل جانا منہ کے چھالے

ii- مریض انتہائی کمزور اور سردی کا احساس مریض پیروں کے بل کھسکتا جاتا ہے۔

iii- خونی بواسیر سوئی گڑنے جیسا درد بوجھ دار خارش کے ساتھ، بستر کے زخم (Bed sore)۔

iv- کمزوری مقعد کا نچ نکلنا اور پیشاب کرتے وقت پاخانے کا اخراج مقعد کے چھلے کا فالج۔

☆ **مخصوص خون کا اخراج منہ یا مقعد سے**

183۔ مائی ریکا

جگر،نزلاوی ورم،پتی نکلنا،بے خوابی

i۔ دردجگر کالا یرقان(Hepatitisc) گر کا پھوڑا،معدے و پیٹ میں بھراؤ اور بوجھ۔

ii۔ مختلف حصوں میں نزلاوی ورم،پھیپھڑوں،نرخرے،آنتوں اور معدے وغیرہ کا۔

iii۔ یرقان اور جگر کی بیماریوں کے ساتھ جلد پر خارش اور پتی نکلنا۔

iv۔ یرقان کے ساتھ پریشان کن مسلسل بے خوابی جس سے سر،کنپٹیوں اور پیشانی میں درد ہو۔

☆ **مخصوص یرقان کے ساتھ پتی اور بے خوابی**

184۔ ناجا

دل،تنفس،ذہن،بائیں جانب

i۔ شدید سوئیاں چبھنے جیسا درد دل(Anjina) نبض بے قاعدہ اور دِل کی جھلیوں کا ورم(Endocardiatis)۔

ii۔ دل کا بڑھنا انس کے ساتھ خشک کھانسی و دمہ نیند آتے ہی دم گھٹنے لگتا ہے۔

iii۔ خودکشی کی دیوانگی،مزمن اعصابی دھڑکن بے قراری اور موت کا خوف۔

iv۔ دائرہ اثر بائیں جانب،پیشانی اور کنپٹیوں میں درد باقی اعضاء ایک دوسرے کی جانب کھنچتے محسوس ہوں۔

☆ **مخصوص دل کے مہلک امراض۔**

کوشش رہے کہ کلینک میں موجود اوزار سے ضرور کام لیا جائے۔

185- نفتھالین

آلات تنفس، آلات بول، آنکھیں، جلد

- i- تشنجی دمہ اور کالی کھانسی، ٹی، بی زکام، ہے فیور، بوڑھوں کا مزمن برانکائٹس اور دم گھٹنا۔
- ii- گردوں مثانے کی سوزش، پیشاب کی رنگت سیاہ، درد بھری کٹن کیساتھ نوشادر جیسی بدبو۔
- iii- موتیا Cataract، جالا، ناخونہ، نظر کی بتدریج کمزوری سے اندھاپن۔
- iv- جلد خراب ناخنوں کے گرد داغ پڑنا خارش اور منہ کے کونوں پر زخم ودانے۔

☆ **مخصوص سانس کی بیماریاں یا موتیا۔**

186- نیٹرم آرسنکیم

آلات تنفس، ناک، جلد، آنکھیں۔

- i- کھانسی، دمہ بچوں کا برانکائٹس، گلے کی بینگنی رنگ کی سوزش، بار بار نزلہ زکام ہوتے رہنا۔
- ii- ناک کے اندر چھلکے ناک بند محسوس ہو جبکہ کھانسی میں زرد گاڑھا بلغم خارج ہو۔
- iii- جلدی خارش، جلد خشک و بے رونق چنبل۔
- iv- آنکھیں پر درد اور جلن پپوٹے بوجھل اور لٹکے ہوئے ہوا لگنے سے آنسو نکل آئیں۔

☆ **مخصوص نزلہ و زکام کا رجحان**

187۔ نیٹرم کارب

سر درد، آلات ہضم، جلد، رحم

i۔ دماغی محنت، گیس کی روشنی اور دھوپ سے شدید سر درد، موسم گرما سے بے حد کمزوری اور نقاہت۔

ii۔ تیز ابیت کی زیادتی اور پرانی بدہضمی دودھ اور شہد کے استعمال سے دست بکثرت۔

iii۔ جلد سفید دودھیا اور اس پر چھلکے، ہلکی خارش موسم گرما میں زیادتی۔

iv۔ پٹھوں کی کمزوری سے ٹخنے آسانی سے موچ کھا جائیں رحم کے پٹھوں کی کمزوری سے بانچھ پن۔

☆ **مخصوص موسم گرما یا لُو لگنا (Sun Strock)۔**

188۔ نیٹرم میور

کمی خون، بلغمی جھلیاں، بخار، سر درد۔

i۔ باوجود اچھی خوراک کے لاغری، سبز یرقان تلی اور جگر کی خرابی کیساتھ نمکین چیزوں کی خواہش۔

ii۔ بہنے والا زکام، ہے فیور سونگھنے اور چکھنے کی صلاحیت ختم ہو جائے۔

iii۔ ٹائیفائیڈ اور ملیریا بخار جن کے بعد ہونٹوں پر موتیوں جیسے آبلے یا نچلے ہونٹ کا شگاف (Fissure)۔

iv۔ دوران خون سے یا طالب علموں کا سر درد جو طلوع آفتاب سے غروب آفتاب تک ہو۔

☆ **مخصوص قبض، دلاسے اور تسلی دینے سے علامات میں اضافہ ہو۔**

189- نیٹرم فاس

تیزابیت،سوزش،جوڑ،متفرق

i- تیزابیت بہت زیادہ کھٹاس وجلن دودھ ہضم نہ ہو،ترش ڈکارو قے سبز رنگ کے دست۔

ii- زبان کی نوک پر چھالے،تالواورزبان کے پچھلے حصے میں گہرا زرد رنگ کا میل اور ٹانسلز کا ورم۔

iii- جوڑ سوزش زدہ چلتے وقت جوڑوں میں کڑکڑاہٹ کی آوازیں۔

iv- جلد پتی نکلنا،آنتوں کے چھوٹے کیڑے اور بغیر خواب کے احتلام

☆ **مخصوص معدے میں لِکٹک ایسڈ کا بڑھنا اور اس کے بد اثرات۔**

190- نیٹرم سلف

جگر،سر یا دماغ،آلات تنفس،جوڑ

i- جگر کی کمزوری اور یرقان،تیزابیت بدہضمی اور اپھارہ قبض جبکہ بکثرت دست صبح سویرے۔

ii- دماغی جھلیوں کے ورم سے ہذیان،دماغ یا سر پر چوٹوں کے مزمن اثرات سے پاگل پن یا دلگیر دماغی خرابیاں۔

iii- مزمن کھانسی اور دمہ سانس کی تنگی تمام علامات کا نم یا مرطوب موسم میں شدت اختیار کرنا۔

iv- گٹھیاوی درد اور سوزش خاص کر ہاتھ اور پاؤں کی انگلیوں میں،جلدی امراض یا مسے خاص کر موسم بہار میں۔

مخصوص نم مرطوب موسم میں اضافہ

191- نکولم

سر درد، معدہ، اعصاب، آلات تنفس

i- نازک اور اعصابی مزاج لوگوں کا شدید سر درد جسکے ساتھ لازماً قبض اور نظر کی کمزوری ہو۔

ii- معدہ کمزور، بھوک و پیاس کی زیادتی، دودھ سے پتلے دست و اینٹھن، ہچکیاں۔

iii- اعصاب کمزور، سوچنے اور یادداشت کی صلاحیت کمزور، ہسٹریکل لوگ۔

iv- شدید کھانسی، نزلہ و زکام اور گلے کی خراش مریض کھانستے وقت سینے کو دونوں ہاتھوں سے تھامے۔

☆ **مخصوص** **قبض و سر درد۔**

192- نائٹرک ایسڈ

آتشکی فتور، نزلاوی ورم، زخم و ناسور، درد

i- آتشکی اثرات سے سوزش تمام اعضاء میں جزوی طور پر ہڈیوں میں کلی طور پر۔

ii- اندرونی جھلیوں کے نزلاوی ورم ان کی گلن سڑن جبکہ ان کے اخراجات نہایت بد بودار ہوں۔

iii- منہ، زبان، پاخانے کی آنت، آلات بول، ہڈیوں وغیرہ کے زخم، کینسر یا ناسور اور سوزش۔

iv- درد والی جگہوں میں سخت پھانس رکھے ہونے اور سوئی گزرنے کا احساس جبکہ درد تیزی سے آئیں اور جائیں۔

☆ **مخصوص** **اندرونی ورم و سوزش**

﴿پولی کرسیٹ ادویات کا مسلسل مطالعہ کامیابی کا راز ہے﴾

193- نیوفرلئیم

آلات تناسل،جریان و احتلام،آنتیں،کمزوری

i- مردوں میں خواہش نفسانی کا ختم ہونا، نامردی عضو مخصوص چھوٹا اور سکڑا ہوا۔

ii- جریان(Spermaterhea)،احتلام پاخانے یا پیشاب کے ساتھ از خود انزال۔

iii- آنتوں کی سوزش سے پتلے دست جو صبح سویرے شدت اختیار کریں۔

iv- ٹائیفائیڈ بخار کے دستوں سے جریان منی سے جسمانی و اعصابی کمزوری۔

☆ **مخصوص مردانہ کمزور**

194- نکس ماسکاٹا

ہسٹریکل،معدہ،بلغمی جھلیاں،غنودگی

i- اعصابی و ہسٹریکل مزاج جو لمحے میں تبدیل ہو جائے، غیر حاضر دماغی، غم زدہ، چلتے ہوئے ڈگمگانا۔

ii- ہسٹریکل اپھارہ ہچکی، رفع حاجت کے وقت غشی و بے ہوشی، تنگی تنفس اور دھڑکن۔

iii- بلغمی جھلیوں کی شدید خشکی جس سے زبان تالو کے ساتھ چپک جائے بغیر پیاس کے۔

iv- تمام علامات کے ساتھ زبردست اُونگ نیند کا غلبہ اور نیم بے ہوشی شامل ہوں۔

☆ **مخصوص ہسٹریا کا اپھارہ**

195۔ __نکس وامیکا__

دماغ و اعصاب،معدہ،جگر،اسبابِ مرض۔

i۔ شدید بدمزاجی، چڑچڑاپن، بے حد ذکی الحس،مریض کے لئے معمولی سی تکلیف نا قابل برداشت ہو۔

ii۔ تشنجی دورے،ہذیان، پٹھوں کی کمزوری ریڑھ کی کمزوریوں سے ہونے والے فالج۔

iii۔ معدے وجگر کی شدید خرابیاں،منہ کا ذائقہ کڑوا،قبض، بواسیر۔

iv۔ مصالحہ دار چیزوں،نشہ آور چیزوں،غلط ادویات کے استعمال یا بیٹھے رہنے لوگوں کا مرض۔

☆ **مخصوص صبح سویرے غیر معمولی کمزوری و افسردگی۔**

196۔ __اوپیئم__

اعصاب،قبض،غنودگی،اسباب مرض۔

i۔ فالجی کمزوریاں،عضلات ڈھیلے،ہذیان و تشنجی بے ہوشی، گہری خراٹے دار سانس۔

ii۔ آلات ہضم کمزور آنتوں کا فعل اُلٹ جائے فالجی کمزوری سے پرانی اور پریشان قبض۔

iii۔ ہر علامت کے ساتھ غنودگی و سستی جبکہ حقیقی نیند کا فقدان ہو۔

iv۔ کوئی بھی تکلیف جوڈر اور خوف کے نتیجے میں یا افیون کے کثرت استعمال سے ہو۔

☆ **مخصوص کسی بھی علامت میں درد نہیں ہوتا۔**

نوٹ: قوتِ منعکسہ کو ابھارتی ہے جبکہ بالمثل ادویات اثر نہ کریں اور جسم کا ردِعمل کمزور و سست پڑجائے۔

197۔ اونٹھے کروکاٹا

مرگی،تشنج،آلات، تنفس،جِلد

i۔ مرگی کے تشنجی دورے بالخصوص دوران حمل یا حیض کے وقت چہرے کی اینٹھن۔

ii۔ زچگی کے عفونتی بخار (Puerperal Fever) اور تشنج پیٹ کا تن جانا اور متلی وقے۔

iii۔ سانس کی گھٹن و تشنجی کھانسی اور گہرے خرائے حجرہ کا تشنج۔

iv۔ خارش جس کے ساتھ نکسیر ہو،کوڑھ (Leprosy)،جلد ٹھنڈی۔

☆ **مخصوص مرگی**

198۔ اولینڈر

اعصابی،دِل،آنتیں،جِلد

i۔ بغیر درد کے فالجی کمزوریاں،ادھرنگ Hemiplegia سن ہونے کا احساس،آنکھوں کا بھینگا پن۔

ii۔ دل کی کمزوری دھڑکن اور درد دورانِ خون بے قاعدہ وکمزور۔

iii۔ آنتوں کی فالجی کمزوری سے غیر ہضم شدہ غذا کے دست اور تیز گڑ گڑاہٹ کیساتھ۔

iv۔ خارش،پھنسیاں کھوپڑی پر،پیشانی،کانوں کے پیچھے اور سر کے بالوں کی جڑوں میں۔

☆ **مخصوص آنتوں کی گڑگڑاہٹ سے دست۔**

199۔ اولیئم اینیمل

اعصاب،درد،آلات تنفس،اعضاء

i۔ اعصابی درد چیر نے پھاڑ نے جیسے خاص کر آدھے سر کا درد اور کثرت پیشاب۔

ii۔ سوئی گڑنے جیسی جلندار گرم درد یں دانتوں، آنکھوں، سر اور جسم کے دیگر حصوں میں۔

iii۔ مردوں میں غلبہ شہوت، سرعت انزال اور منی کی نالیوں میں شدید اعصابی درد۔

iv۔ متاثرہ اعضاء درد کے ساتھ کچھے ہوئے محسوس ہوتے ہیں۔

☆ **مخصوص منی کی نالیوں میں اعصابی درد۔**

200۔ اولیئم جیکورس

ٹی،بی،سوکھا پن،درد،چہرے کے بال

i۔ ٹی بی کا ابتدائی درجہ بخار اور خشک کھانسی کے ساتھ گلے میں بار بار گداہٹ اور دل کی تیز دھڑکن۔

ii۔ ناقص پرورش سے بچوں میں سوکھا پن، لاغری و سستی جبکہ ہاتھ اور پاؤں گرم رہتے ہوں۔

iii۔ جگر، گلے، سینے، گردوں اور جوڑوں میں شدت کا درد اور پرانا گھنٹیا۔

iv۔ عورتوں میں جنسی غدودوں کی ابتری سے چہرے اور ہاتھوں پر غیر ضروری بالوں کا اگنا۔

☆ **مخصوص سوکھا پن اور ٹی بی کی کمزوری۔**

﴿ادویات ا... یوں کے خواص کو اچھی طرح سمجھنا چاہیئے﴾

201۔ انوسموڈئیم

اعصاب،فالجی کمزوریاں،آنکھیں،آلات تناسل۔

i۔ شدید اعصابی تکالیف، ذہنی یکسوئی کی کمی، پٹھے کمزوران میں آپس کے تعاون میں فقدان۔

ii۔ چھوٹے پٹھوں کی فالجی کمزوریاں جو بتدریج ترقی کرتی جائیں۔

iii۔ آنکھوں کے پٹھے کمزور باریک کام سے تھکن و بوجھ اور سر درد، نظر کمزور و دھندلی۔

iv۔ مردوں میں نامردی و سرعت انزال، عورتوں میں خواہش جماع کی زبردست کمی جبکہ پستان سوکھتے جائیں۔

☆ **مخصوص جزوی فالجی کمزوریاں**

202۔ اورینتھوگیلم

معدہ،آنتیں،پائلورس،کینسر

i۔ معدے میں شدید غضبناک درد اور جلن درد معدے سے چاروں طرف پھیلیں۔

ii۔ آنتوں میں سوزش، غذا جب ڈیوڈینئم سے نیچے گزرے تو شدید اذیت ناک درد ہوں۔

iii۔ پائلورک کا کینسر درد، جلن زبردست اپھارہ سیاہ رنگ کی خون میں قے۔

iv۔ معدے اور پائلورس کا کینسر نہایت بدبودار قے اور دست غذا معدے میں نہیں ٹھہرتی۔

☆ **مخصوص پائیلورس (Pyloris) کا کینسر درد اور جلن۔**

203۔ اوگسلیکم ایسڈ

اعصاب،درد،آلات بول،بائیں جانب

i۔ اعصابی وفالجی کمزوریاں، گلے اور سینے کا تشنج، درد یا تکلیف کے بارے میں سوچنے سے اضافہ مرض۔

ii۔ درد انتہائی محدود مقام پر محسوس ہو معدے، کمر جوڑوں، گردوں اور منی کی نالیوں میں کھچاؤ والے شدید درد۔

iii۔ گردوں کی سوزش سے پیشاب کی تنگی، پیشاب میں اگزیلیٹ (Oxilate) کا اخراج، سوئی گڑنے جیسے درد۔

iv۔ بائیں پھیپھڑے میں سوئی گڑنے جیسا درد سانس کی تنگی اور جھٹکے دار درد دِل اورٹا کی خرابی (Aorta)۔

☆ **مخصوص محدود مقام پر سوئی گڑنے جیسے درد۔**

204۔ اوکسی ٹروپس

اعصاب،فالج ،پٹھے،درد

i۔ ذہنی پستی اور پٹھوں کی بڑھتی ہوئی بتدریج کمزوریاں جو فالج کی طرف بڑھیں۔

ii۔ ریڑھ کی بے حسی اور اجتماع خون سے ہونے والا فالج مریض کا پیچھے کی طرف چلنا یا گرنا۔

iii۔ پٹھوں میں عدم تعاون جس سے، ڈگمگاتی چال پٹھوں میں ربط کی کمزوری۔

iv۔ پٹھوں اور متاثرہ اعضاء کا درد جو سوچنے سے شدت اختیار کرے۔

☆ **مخصوص فالجی کمزوریاں**

205- پیونیا

بواسیر،آنتیں،ناسور،زخم

i- خونی بواسیر،مقعد سے بدبودار پسینے کا اخراج مسے دکھن وخارش۔

ii- آنتیں کمزور زیادہ تر دست جسکے بعد شدید درد جلن اور جاڑ محسوس ہو۔

iii- ناسور مقعد(Anus Fistila)چیر(Fissure)شگاف،پاخانے کے بعد مسلسل نمی رسنا۔

iv- بستر کے زخم،(Bed sore) تنگ جوتے کے زخم،ٹانگوں،انگلیوں،پستانوں کے زخم وآبلے ان سب میں گولی سا درد۔

☆ **مخصوص ناسور مقعد**

206- پلیڈیوم

رحم،اعصاب،دل،درد

i- دائیں بیضۃ الرحم میں سوزش اور درد،رحم کا ٹلنا،لیکوریا،دائیں پستانوں میں گولی لگنے جیسا درد۔

ii- مریض خوشامد پسند،اپنی تعریف سننا چاہے محفل سے بہتر جبکہ محفل کے بعد اضافہ مرض ہو۔

iii- اعصابی درد دل جو بائیں بازو اور کندھے تک جائے۔

iv- کولہے میں،کمر میں عرق النساء،سر درد،جبکہ کان کا درد دوسرے کان تک جائے۔

☆ **مخصوص خوشامد پسند**

207۔ پیٹرلیئم

معدہ، چکر، جلد، سرد موسم

i۔ معدے کی تیزابیت وزخم مسلسل کھانے سے آرام رال اور بھوک کی زیادتی خون کی کمی اور یرقان۔

ii۔ کسی بھی قسم کی سواری کرنے سے متلی وقے اور چکر کھڑے کھڑے پر چکروں کی زیادتی۔

iii۔ پھوڑے، پھنسیاں، چنبل جلد کا چیر اور کٹاؤ اور درد، کھوپڑی کی تر پھنسیاں۔

iv۔ تمام بیماریاں اور علامات بالخصوص جلدی بیماریاں موسم سرما میں زیادہ ہوں۔

☆ **مخصوص سواری کرنے سے اضافہ مرض۔**

208۔ فیلانڈریم

پستان، آلاتِ تنفس، دائیں جانب، متفرق

i۔ دائیں پستانوں میں شدید چبھن دار درد جو پیچھے تک جائے دودھ پلاتے وقت نا قابل برداشت درد ہو

ii۔ پھیپھڑوں کی ٹی بی خون تھوکنا اور بخار بلغم کی کثرت نہایت بدبودار، ہر چیز میٹھی لگے۔

iii۔ [illegible] دائیں جانب رہتا ہو۔

iv۔ ٹی بی کے دست، شام کو چہرے کی رنگت ارغوانی، زچہ میں نیند کا غیر معمولی غلبہ

☆ **مخصوص پستانوں اور ٹی بی سے وابستہ علامات**

﴿سب علامات قابلِ غور نہیں ہوتیں بلکہ مرکزی علامات اہم ہوتی ہیں﴾

209- فاسفورک ایسڈ

اعصاب و دماغ، کمزوری، ذیابطیس ٹائیفائیڈ بخار

i- اعصابی ودماغی کمزوری وتکان، یاداشت اور نظر کی بتدریج کمزوری، دماغی کام زیادہ کرنے سے سردرد بالوں کا گرنا اور سفید ہونا۔

ii- رطوبات زندگی کے ضیاع سے جسمانی کمزوری، ہڈیوں کا ٹیڑھاپن، ہڈیوں کے پردوں کی سوزش۔

iii- ذیابطیس میں پیشاب بکثرت اور دودھ جیسا سفید جبکہ مردوں میں جریان، احتلام اور نامردی۔

iv- ٹائیفائیڈ بخار میں بے حد غنودگی بے شعوری بکثرت پتلے دست جو بعض اوقات بے خبری میں نکل جائیں۔

☆ **مخصوص رطوبات زندگی کے ضیاع سے اعصابی و مردانہ کمزوری۔**

210- فاسفورس

ریڑھ واعصاب، دوران خون، آلات تنفس، معدہ و جگر

i- دراز قد تنگ سینہ، صاف جلد والے لوگوں میں اعصابی کمزوری سے فالجی کمزوریاں جبکہ ذہن ہر وقت جنسی خواہش میں لگا رہے۔

ii- سرخ خلیات کی تباہی، جسم کے مختلف مخارج سے خون بہنے کا رجحان ہڈیوں کی ٹی، بی، ناسور اور ان کا بھربھراپن۔

iii- پھیپھڑوں کی جھلیوں کی سوزش ٹی بی، نمونیہ، دمہ شدید کھانسی بخار اور خون ملی تے۔

iv- یرقان اور جگر کی چربیلی خرابی، خون کی شدید کمی، زخم معدہ تیزابیت بڑھی ہوئی کھایا پیا فوراً تے ہو جائے

☆ مخصوص متاثرہ حصے کی شدید جلن اور بائیں کروٹ نہ لیٹ سکنا۔

211۔ فاکسوسٹگما

اعصاب،ریڑھ،پٹھے،آنکھیں۔

i۔ جزوی فالجی کیفیات بتدریج فالج کی صورت اختیار کرلیں،لقوہ،اختیاری وغیرہ اختیاری افعال کی کمزوری۔

ii۔ ریڑھ کی سوزش جبکہ درد کا احساس ختم ہوجائے تشنجی جھٹکے، چکر اور حرکت کرنے میں دقت۔

iii۔ پٹھوں کا لرزہ کھچاؤ اور سکڑاؤ کی صلاحیت ختم ہوجائے، پٹھے کمزور اور سخت۔

iv۔ پپوٹوں کا فالج، پتلیاں سکڑی ہوئی، دھندلا پن، سبز موتیا(Gloucoma) باریک کام کرنے سے قریب نظری(Myopia)۔

☆ مخصوص آنکھوں کی فالجی کمزریاں۔

212۔ فائیٹولاکا

غدود،ہڈیاں،خناق،درد

i۔ غدود پتھر جیسے سخت اور ان میں پکنے کی رغبت بشمول ٹانسلز جبکہ پستان کے غدود شدید درد بھرے۔

ii۔ آتشکی زہر سے ہڈیوں، ریشوں اور پٹھوں کی سوزش اور شدید درد خاص کر ایڑیوں میں۔

iii۔ خناق گلا گہرا سرخ نگلتے وقت بے حد تکلیف ٹانسلز کا مزمن ورم درد جو کانوں تک جائے۔

iv۔ متاثرہ حصے میں بجلی کی تیزی سے شدید گولی لگنے جیسے ناقابل برداشت درد۔

☆ مخصوص غدود سوجھے درد بھرے۔

213۔ پکرک ایسڈ

اعصابی کمزوری،ریڑھ،فالج،آلات تناسل

i۔ اعصابی وجسمانی کمزوری، ذہنی تکان، دماغی کام، کاروباری کام اور سوچ بچار کرنے والوں کی دماغی تھکاوٹ۔

ii۔ ریڑھ کمزور اس میں جلن، کمر درد، پٹھے کمزور تھکے ہوئے، ریڑھ کی سوزش ہاتھ پاؤں میں سوئی گڑنے جیسے درد۔

iii۔ ریڑھ کے اعصاب کے سبب فالج، لقوہ، تھکاوٹ و بھاری پن، اعصابی نظام کی بوسیدگی اور خون کی کمی

iv۔ مردوں میں غلبہ شہوت، منی کے کثرت اخراج سے شدید کمزوریاں، بوڑھوں میں پروسٹیٹ کی سوزش۔

☆ **مخصوص اعصابی و دماغی کمزوریاں۔**

214۔ پلوکرپس جبورانڈی

غدود، آلات تنفس، آنکھیں، گلھڑ

i۔ تھوک اور پسینے کی کثرت، متلی گرمی کی لپٹیں اور تمتماہٹ، منہ میں رال جلد پر پسینہ بکثرت۔

ii۔ کھانسی اور سانس کی تنگی ٹی بی میں رات کے بکثرت پسینے اور ان سے پیدا شدہ کمزوری۔

iii۔ قریب نظری (Myopia) پتلیاں سکڑی ہوئیں، بھینگا پن، سفید داغ نظر آنا اور اچانک ڈنگ لگنے جیسے درد۔

iv۔ گلھڑ، کن پیڑ (Mumps)، ان کے ساتھ دل کی دھڑکن شریانیں پھڑکتی ہوئیں اور تشنجی جھٹکے۔

☆ **مخصوص ٹی بی کا بخار اور پسینہ**

نوٹ: اس کا ٹنکچر بالوں کے کافی امراض کے لئے اچھا کام کرتا ہے جیسے گنجا پن، گرنا اور قبل از وقت سفید ہونا

215۔ **پلانٹیگو میجر**

دانت، کان، اعصابی درد، مثانہ

i۔ دانت کا شدید درد، رال کی کثرت، کیڑا لگے دانت کا درد، پائیوریا ذہنی افسردگی اور سگریٹ کی خواہش

ii۔ کان کا شدید درد جو ایک کان سے شروع ہو کر دوسرے کان تک جائے۔

iii۔ چہرے، دانت، کانوں اور آنکھوں وغیرہ میں سے کسی کا شدید اعصابی درد۔

iv۔ پیشاب کی کثرت، ذیابطیس مثانہ کمزور رات کو بستر میں بلا ارادہ پیشاب نکل جانا (Bedweitng)۔

☆ **مخصوص دانتوں اور کانوں میں اعصابی درد۔**

نوٹ: سگریٹ نوشی کی عادت بعض اوقات چھڑا دیتی ہے ٹنکچر دانت درد اور مرہم کی صورت میں بواسیر کے مسوں پر لگایا جاتا ہے۔

216۔ **پلاٹینا**

ہسٹریکل، تشنج، درد، رحم

i۔ ہسٹریکل ضدی، گھمنڈی، غدود تکبر ہر چیز یا دوسروں کو خود سے کم تر جاننا، شدید عصبی کمزوری۔

ii۔ ہسٹریا تشنج اینٹھن، مقامی طور پر فالج و بے حسی سردی کا احساس ولرزہ۔

iii۔ درد بتدریج بڑھے اور اسی طرح بتدریج کم ہو، جسمانی و ذہنی علامتیں ایک دوسرے سے بدلا کریں۔

iv۔ رحم کی سوزش و بانجھ پن، غلبہ شہوت، حیض بکثرت گہرے چھیچھڑے خارج ہوں۔

☆ **مخصوص رحم کے عوارض اور قبض**

217- پلمبم میٹ

ریڑھ و اعصاب،پیٹ،پٹھے، خون کی کمی۔

i- ریڑھ کی کمزوری سے پھیلاؤلانے والے پٹھوں کا سکڑاؤ، بے حسی اور اعصاب کے آخری سروں کا فالج

ii- درد شکم پیٹ اندر دھنسا ہوا پیٹ کی دیواریں رسی سے کمر کی جانب کھینچتی ہوئی ہوئی محسوس ہوں۔

iii- پٹھوں کی بتدریج کمزوری، اعصاب کی سوزش سے ہذیان غشی اور تشنج، پیٹ کے پٹھوں سے قبض اور ہرنیاں۔

iv- سرخ جسیموں کے تباہ کاری شدید لاغری، پیلا پن اور یرقان، شریانوں کا تناؤ اور سختی۔

☆ **مخصوص مسوڑھوں کے سروں پر صاف نیلی لکیر**

218- پوڈوفائیلم

صفراوی علامات، آنتیں، رحم، دانت

i- یرقان، جگر کی سستی نالیوں کی رکاوٹ اور وریدوں میں بھراؤ جس سے خونی بواسیر یا کانچ نکلنا ہو۔

ii- پتلے دست بکثرت اور بدبودار پھل کھانے سے موسم گرما اور صبح کے وقت بالخصوص زیادہ۔

iii- رحم کا ٹل جانا، نیچے رخ بوجھ، ایام حمل کی متلی و قے معدے کی تیزابیت بڑھی ہوئی اور صفراوی قے۔

iv- بچوں کے دانت مشکل سے نکلیں جس کے نتیجے میں دست، قولنج اور بچوں میں ہیضے کی شکایات۔

☆ **مخصوص موسم گرما اور صبح سویرے۔**

219۔ سورائی نم

بدبودار اخراج،سرد مزاج،ردِعمل کا فقدان،جِلد

i۔ جسم کے تمام اخراجات جیسے پسینہ، پاخانہ و پیشاب، لیکوریا، دست، تھوک وغیرہ نہایت بدبودار۔

ii۔ مریض گرمیوں میں بھی سردی محسوس کرے۔ سردی نا قابل برداشت گرم کپڑے اوڑھنا یا پہننا چاہے۔

iii۔ قوت حیات کمزور جسمانی ردِعمل شدید کمزور، پرانی بیماریاں جن میں صحت مند ہونے کی صلاحیت نہ ہو

iv۔ نا قابلِ برداشت خارش، چنبل، کانوں کے پیچھے، پاؤں پر بکثرت پسینہ علامات، بستر کی گرمی سے زیادہ ہو۔

☆ **مخصوص سرد موسم میں اضافہ مرض۔**

220۔ پلسٹلا

سیمابی طبیعت ،پیاس کا فقدان ، گاڑھی رطوبات،ہوا کی خواہش۔

i۔ علامات تیزی سے تبدیل ہوں متضاد برعکس حرکتیں، ہسٹریائی نرم مزاج و غمگین لوگ، درد بھی تیزی سے جگہ بدلیں۔

ii۔ منہ کی خشکی کے باوجود پیاس کا نہ ہونا جبکہ مرغن چیزوں سے بدہضمی تیزابیت بکثرت میٹھی رال۔

iii۔ رطوبات ناک، کان، آنکھوں، بلغم وغیرہ سے بے ضرر زردی مائل گاڑھی ہوں۔

iv۔ نزلہ وزکام کے علاوہ باوجود سردی کے مریض کھلی ہوا میں رہنا پسند کرے اور اس سے بہتر محسوس کرے

☆ **مخصوص رحم کے امراض سے بیماریاں۔**

221- پائروجینم

بدبودار اخراج،ٹائیفائیڈ،پیپ کے فتور،دل

i- خون کا زہریلا پن ہونے سے سڑاؤ جیسی بدبودار رطوبتیں جسم کے تمام اخراج کی رطوبتیں بدبودار ہوں

ii- خناق،ملیریا،انفلوانزہ،بالخصوص ٹائیفائیڈ بخار بستر نہایت سخت محسوس ہو،بکثرت پسینہ۔

iii- خفیہ یا ظاہری پیپ کے اثرات بدیعنی شدید بخار ایام زچگی کی چھوت اور پرسوتی بخار (Puerperal Fever)۔

iv- دل کے فیل ہوجانے کا ڈر،دھڑکن نبض غیر معمولی طور پر تیز،درد دل اور گھبراہٹ۔

☆ **مخصوص پرسوتی بخار،ٹائیفائیڈ اور قبض۔**

222- ٹیلیا

جگر،دائیں جانب،معدہ،آلات تنفس۔

i- درد جگر،متورم درد جو بازوؤں اور ٹانگوں تک جائے،یرقان و بھاری پن دائیں کروٹ لیٹنے سے آرام۔

ii- علامات دائیں جانب ہوں۔زبان سرخ،رال کی کثرت،پیشانی سے ناک کی جڑ تک شدید درد۔

iii- بدہضمی متلی و قے تیزابیت و اینٹھن کھانے کے بعد معدے میں خالی پن کا احساس ہو۔

iv- سانس کے مراکز پر دباؤ دمہ،لیٹنے سے دم گھٹنے کا احساس اور دل کی تیز دھڑکن۔

☆ **مخصوص جگر کی بیماری۔**

223۔ ریڈیم بروم

جلد ،جوڑ،زخم و ناسور،دورانِ خون

i۔ پرانے اور ضدی جلدی امراض،چنبل،کیل مہاسے،سر کی خشکی،کینسر آگ جیسی جلن۔

ii۔ تمام جوڑوں میں درد،پرانا گھٹیا درد تیزی سے آتا اور جاتا ہے گردن کے مہروں اور کمر کی تکون ہڈی میں درد۔

iii۔ اندرونِ جسم اور جلد پر زخم اور کینسر کا رجحان،قوت منعکسہ،کمزور اور ردِ عمل کا فقدان۔

iv۔ دوران خون کمزور،ہائی بلڈ پریشر،زبردست کمزوری،خون کی کمی،خون کے سفید ذرات بڑھنا(Leaukemia)۔

☆ **مخصوص** **نہ درست ہونے والے زخم اور جلدی امراض۔**

224۔ رینن کولس بلب

سینہ،جلد،پٹھے،تشنج

i۔ سینے کی ہڈیوں اور پٹھوں میں کچلے جانے کا سا گھنٹیا وی درد،سانس لینے اور حرکت سے اضافہ۔

ii۔ تیز خارش،جلن،کیل۔مسے،گٹے Corns آبلے دار دانے (Herpes Zaster)۔

iii۔ پٹھوں کا شدید درد،پرانا عرق النساء،سوئیاں چبھنے اور تیز گولی لگنے کے سے درد۔

iv۔ ہذیان تشنجی ہچکی،سینے کا ورم تمام جسم میں جھٹکے آنا شراب نوشی کے بدنتائج۔

☆ **مخصوص** **پلیورسی،ہرپیراسٹر**

﴾ پیشے،فرض اور پیسے میں سے کسی ایک کا انتخاب کریں ﴿

225- ریفینس

جگر و تلی،جلد،اپھارہ،غلبہ شہوت

i- جگراور تلی کے مقام پر سوئیاں چھبنا،ابتدائی حمل میں شدید دانت درد،پپوٹوں کی اینٹھن ،بینائی کم۔

ii- جلد چکنی،آبلے،سر کا درد اور موٹا کھر نڈ خارش کے دانے اور گرمی کا احساس۔

iii- ہسٹریائی اپھارہ،پیٹ ڈھول کی طرح پھولا ہوا،ہوا رک جائے نہ اوپر اور نہ نیچے خارج ہو۔

iv- آلات تناسل کا جوش جس سے نیند نہ آئے بالخصوص عورتوں میں تندی شہوت۔

☆ **مخصوص اپھارہ و تنگی تنفس**

226- ریٹینا

بواسیر،پستان،دانت درد،قبض

i- مقعد کا پھٹاؤ (Fissure) سکڑن و جلن،پاخانے کے بعد گھنٹوں جلن و درد ہو۔باریک کیڑوں سے خارش۔

ii- دودھ پلاتی عورتوں کے پستانوں کے نپل کٹے پھٹے چیر یا شگاف (Fissure) اور شدت کا درد۔

iii- ابتدائی حمل میں دانت درد جبکہ دانت لمبے محسوس ہوں،آنکھوں کا سفید پردہ موٹا پڑ جائے۔

iv- درد معدہ،پرزور ہچکی،قبض،پاخانہ سخت مقعد میں شیشے کے ٹکڑے رکھے ہونے کا احساس۔

☆ **مخصوص شگافِ مقعد اور بواسیر۔**

227۔ رینیمنس کیلیفورنیکا

گھٹیا،دردِ دل،حیض،درد۔

i۔ گھٹیاوی سوزش اور پٹھوں کا شدید درد، پٹھوں پر کنٹرول کمزور پڑ جانے سے ڈگمگاتی چال۔

ii۔ نبض کی چال سست بے قاعدہ دردِ دل جو گھٹیاوی درد کا ردِعمل ہو پسینے کی کثرت کیساتھ۔

iii۔ حیض درد بھرے، پٹھوں کے درد کے ردِعمل میں درد ہو، مسوڑھوں، ہونٹوں کا سڑاؤ یا کینسر۔

iv۔ مختلف جگہوں کے شدید اعصابی درد، جیسے سر، معدہ، مثانہ، گردن چہرے کمر، پسلیاں وغیرہ۔

☆ **مخصوص بیشتر حصوں میں انتہا کے درد۔**

228۔ روڈوڈنڈران

گھنٹیاوی درد،درد فوطہ،طوفانی موسم،اعصابی درد۔

i۔ چھوٹے بڑے جوڑوں کی سوزش اور چیرنے پھاڑنے جیسے گھنٹیاوی درد۔

ii۔ گھنٹیاوی یا سوزا کی اثرات سے خصیوں کا ورم (Hydrocel) اور ان میں کچلے جانے کا احساس۔

iii۔ ایسی تمام تکالیف اور درد جو طوفان و باد و باراں یا اس قسم کے موسم میں شدت اختیار کریں۔

iv۔ پلکوں، پٹھوں اور دیگر اعضا کا شدید اعصابی درد، مریض ٹانگ پر ٹانگ چڑھائے بغیر سو نہیں سکتا۔

☆ **مخصوص طوفانی موسم یا موسم گرما۔**

﴿علاج کو روحانی تسکین تصور کر کے کرنے سے عمدہ نتائج مرتب ہوتے ہیں﴾

229۔ رسٹاکس

جوڑوپٹھے،درد،جِلد،ٹائیفائیڈ

i۔ جوڑوں کی سوجن، پٹھوں میں شدید درد اور فالجی کمزوریاں متاثرہ حصے میں چیونٹیاں رینگنے کا احساس۔

ii۔ متاثرہ جگہوں کا شدید درد، زور پڑنے، چوٹ، موچ پسینے سے بھیگ جانے یا گرم جسم کا فوراً سردی کھا جانا۔

iii۔ خون کی پراگندگی، پیپ کے فتور، خارش، چنبل، پتی اچھلنا، سرخباد اور آنسوؤں کی تھیلی کا ورم۔

iv۔ ٹائیفائیڈ بخار، جوڑوں کمر، داڑھ، بندھنوں، باریک ریشوں، عرق النساء وغیرہ کے شدید درد۔

☆ **مخصوص مسلسل حرکت سے آرام۔**

230۔ رسی نس کمیونس

معدہ،آنتیں،دودھ کی کمی،ہیضہ،کمزوری

i۔ جلن، متلی و قے اور شدید پیاس، بچوں میں بکثرت اسہال اور مزمن پیچش۔

ii۔ بچوں کی پیدائش کے بعد عورتوں کی چھاتیوں میں دودھ کی کمی یا رک جانا۔

iii۔ ہیضے میں قے اور دست مقدار میں زیادہ تیزی سے بدحال اور مردنی چھا جائے۔

iv۔ خون کی کمی، لاغری، مردنی کے آثار، شکم اور اعضاء میں درد کرنے والی اینٹھن۔

☆ **مخصوص عورتوں میں دودھ کی کمی۔**

231۔ رومیکس

آلات تنفس،حلق ،معدہ،جلد

i۔ گلے میں سرسراہٹ سے شدید خشک کھانسی ٹی بی کا رجحان، کھانسی گلے کو چھونے بولنے سے زیادہ ہو۔

ii۔ حلق وحنجرے میں سرسراہٹ کھانستے وقت زخم کے سے درد، ٹھنڈی ہوا سے تھکا دینے والی کھانسی۔

iii۔ سانس کی تکالیف، کیساتھ دردِ معدہ، اپھارہ، گوشت سے نفرت اور تکلیف دہ ہچکیاں۔

iv۔ ٹانگوں پر خارش، یرقان میں خارش جسم ننگا ہونے، ٹھنڈی ہوا لگنے سے خارش۔

☆ مخصوص گلے میں سرسراہٹ سے شدید کھانسی۔

232۔ روٹا گریوا

جوڑ،ھڈیاں، آنکھیں، آنتیں

i۔ ہڈیوں کے سروں کا بڑھنا، بندھنوں، ریشوں، کریوں یا ہڈیوں کا اتر جانا یا موچ کھا جانا وغیرہ۔

ii۔ ہڈیوں اور اس کے ریشوں پر ضرب لگنا، وزن پڑنا، موچ کھا جانا جبکہ متاثرہ جگہ میں کھچے جانے کا سا درد ہو۔

iii۔ بہت زیادہ باریک کام کرنے سے بینائی کا کم ہونا، سردرد، جلن دکھن اور تھکن ہونا، نچلے پپوٹوں کا تشنج

iv۔ پاخانے کا مشکل سے اترنا، مقعد پر شدید بوجھ اور درد، کانچ نکلنا، نچلی آنتوں کا کینسر۔

☆ **مخصوص تمام جسم پر چوٹ کا سا درد۔**

﴿ذہنی مریضوں کو دوا کم بھرپور ہمدردی اور توجہ کی زیادہ ضرورت ہوتی ہے﴾

233- روبینیا

معدہ، قے، سر درد، آلات تناسل۔

i- معدے میں کھٹاس اور تیزابیت کی زیادتی، کھٹے اور ترش ڈکار نشاستے کے عمل کا فعل بگڑا ہوا۔

ii- کھٹے مواد کی قے جس سے دانت بھی کھٹے ہو جائیں، درد قولنج وا پھارہ۔

iii- تیزابیت کی زیادتی سے بچوں کے پسینے اور پاخانے سے بھی کھٹی بد بو آئے جبکہ بڑوں میں قبض اور سر درد۔

iv- عورتوں میں تندی شہوت، تیزابی بد بو دار رطوبت، لیکوریا، خارش، حیض دیر سے اور درد بھرے۔

☆ **مخصوص کھٹاس اور تیزابیت**

234- سپاڈلا

نزلہ زکام، تشنج، ڈفتھیریا، کیڑے

i- انفلوانزہ، نزلہ و زکام، ھے فیور، بکثرت چھینکیں ناک سے پتلی رطوبت، پپوٹے سرخ و جلن اور گرم آنسو

ii- اعصابی کپکپاہٹ، تشنج اور جھٹکے نوبتی بخاروں میں ہذیان جبکہ بیماریوں کے بارے میں وہم۔

iii- خناق بائیں جانب احساس اذیت متواتر نگلتے رہنا، گلا خشک گرم خوراک سے آرام۔

iv- آنتوں کے باریک کیڑے جن سے عورتوں میں تشنج اور غلبہ شہوت جبکہ بچوں میں درد و اسہال۔

☆ **مخصوص چھینکیں، سردی برداشت نہ ہونا۔**

235۔ سیپل سیرولاٹا

آلات بول،غدود،آلات تنفس،کمزوری

i۔ پیشاب کی تنگی،جلن اور تکلیف یابلاارادہ اخراج،فوطوں کے اندر رسولی بننا،مثانہ ورحم کی سوزش۔

ii۔ مردوں میں پروسٹیٹ غدود کی سوزش جبکہ عورتوں میں پستان کمزوراور غیر نشونمایافتہ۔

iii۔ مزمن برانکائٹس،ٹی بی کارجحان دمہ وکھانسی،نزلہ ورم حنجرہ اس کی ٹی بی،آواز کابیٹھ جانا۔

iv۔ پوشیدہ اعضاء،رحم،ریشوں،پٹھوں،اور معدے کی کمزوریاں اور ناقص پرورش۔

☆ **مخصوص آلاتِ بول۔**

236۔ سیائنا

آلات تناسل،رحم،اعصاب،جوڑ

i۔ عورتوں میں بکثرت چمکدار خون کا اخراج،مردوں میں سوزاک کی اثرات سے خارش،جلن اور مہاسے۔

ii۔ رحم کمزورجس سے تیسرے ماہ اسقاط حمل،کمراور تکونیہ ہڈی (Pubis) سے پیڑوتک شدید درد۔

iii۔ اعصابی مریض جن میں موسیقی یا گانا ناقابلِ برداشت ہو جس سے متاثرہ ہڈیوں یا دماغ میں چیرتی ہوئی دردیں ہوں۔

iv۔ جوڑوں میں ورم اور شدید دردیں،نقرس (Gaut)،ایڑیوں اور ٹخنوں میں درد۔

☆ **مخصوص رحم اسقاط حمل**

237- سلی سلک ایسڈ

گھنٹیاوی درد،چکر،معدہ،بھرہ پن

i- گھٹنے سوجھے ہوئے،شدت کے درد جو اپنی جگہ بدلا کریں،چھونے حرکت اور پسینے سے اضافہ مرض ہو

ii- پاؤں کا پسینہ رکنے سے کان کے امراض اور چکر،انفلوانزہ کے بعد کی کمزوریاں۔

iii- بدہضمی،خمیر کے باعث اپھارہ،گرم اور ترش ڈکاریں،کینسر،السر وزخم جبکہ سانس بدودار ہو۔

iv- نزلاوی ورم سے کان گونجیں،بہرہ پن اور چکر،گھنٹیا بجنا اور گرج سنائی دینا۔

☆ **مخصوص بھرہ پن اور چکر**

238- سموکس نائیگرا

آلات تنفس، کھانسی،نزلہ وزکام،اعصاب

i- دم گھٹنے والی کھانسی،تشنجی کھانسی،سانس کی تنگی،کھانسی کے دورے جو زیادہ تر آدھی رات کو ہوں۔

ii- کھانسی سے جسم نیلا پڑ جائے،بچے سانس اندر آسانی سے لے سکیں لیکن باہر نہ نکال سکیں۔

iii- بچوں کا خشک زکام،ناک میں بولنا،نیا دمہ،تنفس کی بیماریوں میں جسم کا استسقائی ورم۔

iv- دماغی جذبات سے،فکر وغم،صدمہ اور بکثرت جماع سے پیدا شدہ اثرات اور اعصابی کمزوری۔

☆ **مخصوص ہر علامت کیساتھ پسینے کی کثرت۔**

239۔ <u>سینگونیریا</u>

سردرد، آلات تنفس، نزلہ، معدہ و جگر

i۔ سن یاس یا خون کی گردش سینے، چہرے اور سر کی جانب بڑھنے سے شدت بھرا درد سر متلی و قے کے ساتھ۔

ii۔ بلغمی کھانسی ٹی بی، دمہ اور نمونیا معدے کی خرابیوں سے ہونے والا دمہ یا کھانسی۔

iii۔ ناک کی پرانی سوزش، ہے فیور، ناک کی بد بو گلن سڑن، نزلہ وزکام کا اخراج رکھنے سے دست شروع ہو جائیں۔

iv۔ معدہ وجگر متاثر تیز تیزابیت، لعاب دہن کی زیادتی متلی اور صفراوی قے علامات زیادہ تر دائیں جانب۔

☆ **مخصوص** **متاثرہ حصے یا ہاتھ پائوں میں گرم پانی سے جھلسا ہونے کا احساس یا جلن۔**

240۔ <u>سینی کولا</u>

سوکھا پن، قبض، متلی وقے، جلد

i۔ بچوں کا سوکھا پن، دوران نیند سر اور گردن پر بکثرت پسینہ بچے میلے اور بوڑھے دکھائی دیں۔

ii۔ مقعد اور مثانے سے پیشاب پاخانے کا بلا ارادہ اخراج یا شدید پرانی وضدی قبض۔

iii۔ متلی وقے سفر یا سواری کرنے سے جبکہ بچوں میں نیچے رخ ہونے سے معدے میں شدید خوف محسوس ہو۔

iv۔ گندی، جھریوں والی جلد، چنبل، سر سے خشکی جھڑنا، مچھلی کی بو والا لیکوریا۔

☆ **مخصوص** **ضدی پرانے امراض اور قبض**

﴿کسی دوا کا نقشہ ذہن میں رکھ کر مریض سے سوالات نہ کریں﴾

241- سارسپریلا

آلات بول، آلات تناسل، جِلد، سوکھا پن۔

i- مثانے و گردے میں پتھریاں بننے کا رجحان، پیشاب کی تنگی اختتام پر نا قابلِ برداشت درد۔

ii- مردوں میں سوزا کی اثرات سے خون آمیز منی عورتوں میں حیض کم پستان مرجھائے ہوئے اندر دھنسے ہوئے۔

iii- جلد سکڑی ہوئی جھریوں والی، پھٹنے والی، پتی اچھلنا شدید خارش، موسم بہار میں اضافہ۔

iv- بچوں میں سوکھا پن شکل سے بوڑھا دکھائی دے آتشکی اثرات سے ہڈیوں میں چیرنے پھاڑنے جیسا درد۔

☆ **مخصوص پیشاب کی تکالیف اور پتھری۔**

242- اسکروفیولیریا

غدود، جِلد، بواسیر، آلاتِ تناسل۔

i- جسم کے غدود بڑھنے کا میلان، بشمول گلہڑ، عورتوں میں چھاتیوں کے گومڑ اور رسولیاں، گانٹھیں۔

ii- جِلد کی خارش، کان کا چنبل، چہرے کے جِلد کی ٹی بی (Lupus)، جلد کا کینسر اور پٹھوں میں درد۔

iii- پر درد خونی بواسیر، مقعد اور جگر میں درد، بواسیر کے مسے باہر نکل آتے ہیں۔

iv- مردوں میں فوطوں کی ٹی بی، عورتوں میں چھاتیوں کے گومڑ اور اندام نہانی کی خارش۔

☆ مخصوص قبل از دوپہر گہری غنودگی اور نیند۔

243۔ سکیل کار

دوران خون، کمزوری، رحم و حیض، جِلد

i۔ خون جمنے کی صلاحیت کمزور مسلسل پتلا بد بودار کالا خون بہے جسم کے مخرج سے عام طور پر رحم سے خاص طور پر۔

ii۔ شدید لاغری و کمزوری، عضلات ڈھیلے، اعصابی چڑے چڑے مریض، جسم پر جھریاں پڑ جائیں، خاص کر بوڑھے لوگ۔

iii۔ بے قاعدہ بکثرت حیض، بد بودار لیکوریا تیسرے ماہ اسقاط حمل کا خطرہ، زچگی کی تمام پیچیدگیاں۔

iv۔ جلد برف جیسی سرد، گینگرین اور سڑاؤ، چھونے سے حساس اور جلد کے نیچے چیونٹیاں چلنے کا احساس۔

☆ **مخصوص تمام جسم جلتا ہوا لگے ٹھنڈے پانی میں نہانے کی خواہش۔**

244۔ سیلینیم

جگر، کمزوری، آلات تناسل، جِلد

i۔ جگر کی پرانی بیماریاں یرقان، درد، جگر بڑھا ہوا، اس پر باریک دانے، ضدی پریشان کن پرانا قبض۔

ii۔ شدید اعصابی و جسمانی کمزوری تھکاوٹ پرانی، بیماریوں، ٹائیفائیڈ اور گرمیوں کے اثرات بد سے کمزوری۔

iii۔ مردانہ کمزوریاں، احتلام، سرعت انزال منی پتلا پڑنے پر خود بخود اخراج ہوتا رہے، بوڑھوں میں پروسٹیٹ بڑھنا۔

iv۔ چنبل، کھرنڈ زیدہ نیچے تیل جیسی چکنی پیپ، سر، مونچھوں، ابروؤں، داڑھی وغیرہ کے بال گریں۔

☆ **مخصوص قبض اور مردانہ امراض۔**

245- سینشیو

حیض ورحم، آلات بول، آلات تنفس، آلات تناسل۔

i- حیض کی بے قاعدگی رک جائے خاص کر نو جوان لڑکیوں میں حیض نہ ہو جبکہ اس کے ساتھ شدید کمر درد ہو۔

ii- اینٹھن کے ساتھ مسلسل پیشاب کی حاجت خون ملا پیشاب سوزِش گردہ ومثانہ اور درد۔

iii- تنفس کی بیماریاں جو حیض رکنے سے ہوں جیسے شدید بلغمی کھانسی، ٹی بی اور خونی بلغم۔

iv- سوزا کی اثرات سے منی کی نالیوں مین درد شہوانی خواب و احتلام بوڑھوں میں پروسٹیٹ کی سوزش۔

☆ **مخصوص حیض رکنا یا اس کی بے قاعدگیاں۔**

246- سینگا

آلاتِ تنفس، نزلہ و زکام، گلا، آنکھیں۔

i- پھیپھڑوں کے پردوں میں پانی پڑنا، شدید کھانسی، ٹی بی، دمہ بکثرت بلغم لیکن تھوکا نہ جا سکے۔

ii- سانس کی نالیوں کا نزلہ، کھانستے ہوئے چھینک آجانے سے کھانسی بند ہو جائے۔

iii- گلے میں کچا پن اور خراش، حجرہ متاثر فالجی کمزوری آواز کا بگڑ جانا یا دب جانا۔

iv آنکھوں کی فالجی کمزوریاں اور بھینگا پن، دو نظری، آنکھیں بڑا ہونے کا احساس جیسے اپنے حلقے میں نہیں سما سکیں گی۔

☆ **مخصوص کھانسی اور بھینگا پن۔**

247۔ سیپیا

رحم ،ہسٹریکل،جگر و معدہ،جِلد

رحم کا ٹلنا، نیچے کی جانب بوجھ کا احساس جیسے ہر چیز پیڑو سے باہر نکل جائیگی دبلی پتلی مریضائیں۔

i۔ ہسٹریکل مزاج، چڑچڑاپن، بدمزاج اپنے عزیزوں، رشتے داروں سے نفرت اور بے پرواہ۔

ii۔ جگر کی پرانی بیماریاں معدے میں خالی پن، بدہضمی، حمل کا قبض، بواسیر اور ناسور مقعد۔

iii۔ چنبل کھلی ہوا میں پتی نکلنا، لڑکیوں کے چہرے کے داغ، پسینے کی کثرت۔

iv۔

☆ **مخصوص عورتوں کا بانجھ پن**

248۔ سیرم انگولیلر

آلات بول، گردے،دِل، آلات تنفس

i۔ شدید سردی لگنے سے گردوں کی سوزش، پیشاب رک جانا، بند ہو جانا۔

ii۔ گردے فیل ہونے کے قریب پیشاب کی جگہ خون اور البیومن کا اخراج شروع ہو جائے۔

iii۔ گردوں کی ناکامی سے دل فیل ہونے کا خطرہ، شریانوں میں تناؤ اور دل کے سکڑاؤ کا فقدان۔

iv۔ دل اور گردوں کی ناکارکردگی سے سانس کی تنگی بدبودار سانس، خون میں یوریا کا شامل ہو جانا۔

☆ **مخصوص خون میں یوریا شامل ہونا (Uremia)۔**

نوٹ: گردے فیل ہونے اور یوریمیا میں اس دوا کا خاص درجہ حاصل ہے۔

﴿تین کی تکون سے قابلِ فخر نتائج i۔فزیالوجی ii۔پیتھالوجی iii۔میٹیریامیڈیکا﴾

249۔ سیلیشیا

ناقص نشونما، ہڈیاں، پیپ دار بیماریاں، سرد مزاج

i۔ تمام جسمانی اور اعصابی کمزریاں جو جسم میں غذا کو جذب کرنے کی صلاحیت میں فقدان سے پیدا ہوں

ii۔ ہڈیاں کمزور اور ان کا ناسور، بچوں میں سوکھا پن، خنازیری مزاج کے لوگ پسینے کی کثرت اور قبض۔

iii۔ تمام پھوڑوں، دانوں، ناسور، کاربنکلر، بسہری وغیرہ میں پکنے یا پیپ پڑنے کا رجحان۔

iv۔ لو بلڈ پریشر، ہاتھ پاؤں سرد کانپتے رہنا، سردی سے شدید حساس آگ کے پاس یا گرم جگہ رہنا چاہے۔

☆ **مخصوص پیپ دار بیماریاں۔**

250۔ سکوکم چک

زکام، ناک، کان، جِلد

i۔ ھے فیور، چھینکوں کی کثرت مزمن نزلہ جس میں سبزی مائل زرد رطوبت کا اخراج ہو۔

ii۔ نزلے کے اثرات سے ناک سے بدبو کا آنا جبکہ خون میں یورک ایسڈ جمع ہونے سے جوڑوں کے درد

iii۔ کان میں درد اور اندرونی نالی کی سوزش اور پتلی بدبودار رطوبت کا اخراج۔

iv۔ جلد خشک، چنبل، شدید خارش پتی اچھلنا، سر کے بالوں کی خشکی اور بالوں کا تیزی سے گرنا۔

☆ **مخصوص پرانے ضدی امراض۔**

251۔ سولیڈیگو

گردے، آلات بول، نزلہ، آلاتِ تنفس۔

i۔ گردے کی فعلی خرابیاں، گردے انتہائی زکی الحس کسی قسم کا وزن یا بوجھ برداشت نہ کریں۔

ii۔ پیشاب صاف مگر بدبودار مقدار میں کم، پتھری اور ریت شدید گردوں کا درد جو مثانے تک جائے۔

iii۔ ھے فیور، بکثرت تیزابی رطوبت کا اخراج، حلق میں پٹھوں میں درد سردی و گرمی یکے بعد دیگرے۔

iv۔ برانکائٹس گھٹن اور دمہ، ٹی بی کے مریضوں کو بار بار زکام ہونا اور شدید کمزوری۔

☆ **مخصوص گردے کی پتھری اور پیشاب کی تنگی**

252۔ اسپائی جیلیا

دل، اعصاب، درد، گھنٹیا، کیڑے

i۔ شدید دردِ دل جو دونوں بازوؤں تک پھیلے، دل کے پردوں کی سوزش تنگی سانس واضح اور صاف دھڑکن

ii۔ تیز چھری لگنے جیسے اعصابی درد سر، آنکھوں، چہرے، دانتوں، پیٹ وغیرہ میں۔

iii۔ خنازیری مزاج میں گھنٹیاوی دردیں جو دردِ دل سے وابستہ ہوں، خون کی کمی والے کمزور لوگ خاص طور پر۔

iv۔ بچوں میں پیٹ کے باریک کیڑے، مقعد کی خارش اور دردِ شکم بچے بار، بار پیٹ درد میں مبتلا ہوں۔

☆ **مخصوص دل کے امراض اور بائیں جانب۔**

253۔ سپونجیا ٹوسٹا

آلات تنفس،دل،غدود،آلات تناسل

i۔ ‏ حنجرہ کی خشکی اس میں جلن اور سکڑاؤ کے ساتھ شدید خشک کھانسی، کالی کھانسی، کروپ کھانسی، ٹی بی

ii۔ ‏ دردِ دل تیز دھڑکن تنگی تنفس پسینے کی زیادتی دل سے وابستہ دمہ (Cardiac Asthma)۔

iii۔ ‏ غدود سخت سوجھے ہوئے درد بھرے، تھائرائیڈ کی خرابی گلہڑ جو دل اور تنفس کی علامات سے وابستہ ہوں۔

iv۔ ‏ مردوں میں منی کی نالیوں اور فوطوں میں ورم اور درد عورتوں میں دوران حیض دل کی تیز دھڑکن۔

☆ **مخصوص آرہ کشی کی سی خشک کھانسی۔**

254۔ سکیولا میریٹما

آلات تنفس،تِلی، آلات بول، گھنٹیا

i۔ ‏ بوڑھوں کا برانکائٹس، برانکونمونیہ، چھینکیں کھانسی سانس کی تنگی اور سینے میں چبھن۔

ii۔ ‏ تلی کی سوجن اور سوئی گڑنے جیسا درد، تلی کی بیماریوں سے کھانسی دمہ اور استسقاء۔

iii۔ ‏ پیشاب میں ریت، پانی جیسا پتلا اور بکثرت پیشاب کھانستے وقت پیشاب کا بلاارادہ اخراج۔

iv۔ ‏ گھنٹیاوی دردیں ہاتھ پاؤں سرد جبکہ باقی جسم گرم جبکہ بائیں کندھے میں درد اور جھٹکے۔

☆ **مخصوص سانس اور تلی کی بیماریاں۔**

255۔ سٹینم

آلات تنفس، کمزوری،درد،تشنج

i۔ ٹی بی کار جحان کھانسی جس میں بکثرت پیپ والا بلغم نکلتے آواز بگڑ جائے، بخار اور رات کو بکثرت پسینہ

ii۔ شدید جسمانی واعصابی کمزوری بولتے وقت سینے میں زبردست کمزوری وناتوانی کا احساس۔

iii۔ جسم کے متاثرہ حصوں میں اعصابی درد جو بتدریج بڑھیں انتہا کو پہنچ کر بتدریج کم ہوتے جائیں۔

iv۔ قلم کاروں، ٹائپ کرنے والوں میں ہاتھوں کا تشنج، فالجی کمزوریاں، سوزش واعصاب ٹانگیں فوراً شل ہوجائیں۔

☆ **مخصوص تنفس کے امراض میں شدت کی کمزوری۔**

256۔ سٹفی سگیریا

آلات بول و تناسل،اعصابی مزاج،دانت ،زخم

i۔ جلق یا کثرت جماع کے بدنتائج، پیشاب کی تنگی، پروسٹیٹ کی سوزش احتلام، جریان، سرعت انزال۔

ii۔ انتہائی حساس، چڑچڑاپن، غصے والے لوگ، ہتک عزت، بے عزتی اور غصے کے برے اثرات۔

iii۔ دانتوں کا سیاہ ہوکر گرنا دانت درد، پائیوریا، دانت نکالنے کے برے اثرات۔

iv۔ تیز دھار، چیز سے زخم، آپریشن کے بعد کے زخم یا کسی جگہ کی اعصاب کی سوزش کے اثرات۔

☆ **مخصوص جلق بے عزتی یا غصے کے اثرات**

﴿کسی نامور ڈاکٹر کے نسخے یا دوا کو اپنا آئیڈیل نہ بنائیں﴾

257- سٹکٹا پلمونیریا

آلات تنفس،نزلہ و زکام، گھنٹیا،دائیں جانب۔

i- خشک کھانسی، ٹی بی یا خسرہ کے بعد کی کھانسی جو گہری سانس لینے اور رات کو شدت اختیار کرے۔

ii- ھے فیور، ناک کی جھلیاں، خشک ناک کو سلسل صاف کرنے کی کوشش لیکن کچھ خارج نہ ہو۔

iii- گھٹنے کی چپٹی ہڈی کا ورم اور درد متاثرہ جوڑوں پر ورم اور سرخ داغ پڑ جائیں۔

iv- علامات دائیں جانب زیادہ ہوں، سینے میں تکلیف کا احساس جو دائیں سینے سے نیچے پیٹ تک جائے

☆ **مخصوص نزلہ و زکام،الرجی خشک کھانسی۔**

258- سٹلنجیا

آتشکی فتور،ہڈیاں،آلات تنفس،جگر

i- آتشک اثرات سے دماغی طور پر کسی مصیبت آنے کا خطرہ جبکہ گردن کے غدودوں کی سوجن۔

ii- ہڈیاں متورم ان پر گانٹھیں بننا اور شدت کے گولی لگنے جیسے درد جو رات کو شدت اختیار کریں۔

iii- حجرے میں گھٹن سے تشنجی خشک کھانسی، مقررین کے گلے کی خراش، اور آواز کا بیٹھ جانا۔

iv- جگر بڑھ جائے جگر فعل میں سستی یرقان اور قبض حرکت سے اضافہ ہو۔

☆ **مخصوص ہڈیوں کی بیماریوں میں غضب کی دردیں۔**

259۔ سٹرے مونیئم

دماغ،فالج و تشنج،آنکھیں،اسباب

i۔ ہذیان و دیوانگی،عبادت گزار،منت سماجت کرنا اور مسلسل بولتے رہنا مریض روشنی اور رفاقت کو پسند کرے۔

ii۔ پٹھے بے عمل اور ان میں ربط کی کمی اینٹھن ،رعشہ،اور لرزے والا فالج۔

iii۔ آنکھیں کھلی ہوئیں، پتھرائی ہوئیں، چھوٹی چیزیں بڑی نظر آئیں، بھینگا پن اور اندھیرے سے خوف۔

iv۔ دماغی جھلیوں کے ورم سے،سرخ بخار کے دانے دبنے سے بیماریاں یا خوفناک ہذیانی بڑبڑاہٹ۔

☆ **مخصوص ہلکی روشنی اچھی لگے لیکن شدید چمک اور پانی سے خوف کھائے۔**

260۔ سٹرونیشیا کارب

چوٹ یا موچ، گھنٹیاوی درد،ورم اعصاب،بلڈپریشر۔

i۔ موچ پڑنے سے ٹخنے کی استسقائی سوجن پنڈلیوں اور تلووں میں اینٹھن یا پرانی موچ کے بداثرات۔

ii۔ گھنٹیاوی درد نا قابل برداشت،ران کی ہڈی زیادہ متاثر ہو،عرق النساء اضافہ مرض رات کو۔

iii۔ آپریشن کے بعد کی تمام کیفیات یعنی اعصاب کا ورم،شدید کمزوری جسم کا ٹھنڈا پڑ جانا یا صدمہ (Shock)۔

iv۔ شریانوں کا تناؤ اور سختی، چہرے کی سرخی، سکتہ ہائی بلڈ پریشر جس سے متلی و قے اور سر درد ہو۔

☆ **مخصوص متاثرہ جگہ میں کھچاوٹ اور تنائو کا احساس۔**

261- سٹروفینتھس

دل،تنفس،پٹھے،بوڑھے لوگ

i- دردِدل نبض تیز بے قاعدہ تمباکو یا نشہ آور چیزوں کے استعمال سے دل کے پٹھوں کی خرابیاں۔

ii- سانس کی تنگی اونچائی چڑھنے میں گھٹن،استسقائی ورم،دل کی خرابی سے پیدا شدہ دمہ۔

iii- پٹھوں کے سکڑاؤ کی صلاحیت بڑھ جائے جبکہ دل کے پٹھے کمزور اور دل کی چربیلی خرابیاں۔

iv- بوڑھے لوگوں میں شریانوں کی سختی،پٹھے کمزور ناتوانی،دل کی بیماریاں اور ہائی بلڈ پریشر۔

☆ **مخصوص بوڑے مریضوں میں ہائی بلڈ پریشر**

262- سٹرکنم

اعصاب،پٹھے،ریڑھ،درد

i- مکمل تشنج جسم کمان کی طرح اکڑ جاتا ہے۔تشنجی دورے،مریض کا چلانا،ڈرنا،چہرے پر مردنی سے جھاگ۔

ii- پٹھوں کی اینٹھن،دردوں کے وقفے میں پٹھے ڈھیلے پڑ جاتے ہیں چھونے سے آواز سے بدبو سے اضافہ ہوتا ہے۔

iii- ریڑھ کی کمزوری کے تحت اعصابی تشنج گردن کے پٹھے سخت،اکڑن جبکہ ریڑھ برف جیسی سرد ہو۔

iv- متاثرہ اعضاء میں غضب کے اینٹھن والے درد اور جھٹکے درد تیزی سے آئے کچھ دیر بعد ختم ہو جائے۔

☆ **مخصوص تشنجی جھٹکے**

263۔ سٹر کنیافاس

عصبی نظام،دوران خون،ہسٹریا،بکثرت پسینہ

i۔ ریڑھ میں خون کی کمی،جلن اور فالجی حالتیں درد جو سینے تک آئے،ہنسنے کی زبردست خواہش۔

ii۔ خون کی گردش ناقص،نبض بے قاعدہ،دل کی تیز دھڑکن،دل کا پھیل جانا،اور چربی آنے کی ابتدا۔

iii۔ ہسٹریائی عوارض پٹھوں میں کھچاؤ،تشنج رعشہ اور فالج،ذہنی یکسوئی کا فقدان۔

iv۔ پاؤں نہایت ٹھنڈے،ہاتھوں اور بغل میں بکثرت لیسدار چپچپا پسینہ آتا ہے۔

☆ **مخصوص عصبی ریڑھ کی کمزوریاں۔**

نوٹ: نومولود بچوں میں پیدائش کے بعد اگر پھیپھڑوں میں مکمل پھیلاؤ نہ آئے تو اس دوا کو یاد رکھیں۔

264۔ سلفر

سورا کے فتور،بدبودار اخراج،معدے کا خالی پن،جلن

i۔ خارش،جلن،گرمی،گندے مریض تمام جلدی تکالیف گرم بستر ے اور نہانے سے زیادہ ہوں۔

ii۔ جسم کے تمام اخراجات بدبودار ہوں جبکہ مریض کا ذہن فلسفیانہ،کائنات کے بارے میں تجسس۔

iii۔ معدے میں زبردست کمزوری وخالی پن بالخصوص گیارہ بجے دن،قوت حیات کمزور،کسی مرض کا بار بار لوٹنا۔

iv۔ مختلف جگہوں کی جلن سر کی چوٹی،پاؤں کے تلوے بالخصوص جلد میں اور بواسیر کی جلن۔

☆ **مخصوص مریض زیادہ،دیر تک کھڑا نہیں رہ سکتا۔**

﴿مسلسل تحقیق سے اندھی تقلید کا رستہ خود ختم ہو جاتا ہے﴾

265۔ سلفیورک ایسڈ

تیزابیت،سن یاس، کمزوری ،پسینہ

i۔ معدے کی تزابیت،جلن زخم معدہ،ترش چیزوں کی خواہش معدے کی خرابی سے منہ کے چھالے اور پائیوریا۔

ii۔ سن یاس میں گرمی کی تمتماہٹ لرزہ وکمزوری وپسینہ، چوٹ لگنے کے بعد جلد نیلا پن اور گینگرین ہونا۔

iii۔ شدید کمزوری ناتوانی، کھٹی تیزابیت کیساتھ جبکہ قے، پسینے اور بچوں میں دستوں سے بھی کھٹاس والی بوہو

iv۔ جلد پر بینگن داغ (Purpura)، پسینے کی زیادتی ٹی بی میں رات کے کمزور کردینے والے بکثرت پسینے

☆ **مخصوص کھٹاس جو ہر مخرج سے محسوس ہو۔**

266۔ سمفائیٹم

ہڈیاں،السر، گھنٹیاوی درد،زخم یا چوٹ

i۔ ہڈیاں اور جوڑ زیادہ متاثر ہوتے ہیں آپریشن کے بعد کی دردیں اور کمر کا پھوڑا۔

ii۔ دردمعدہ وشکم،معدے اور بارہ انگشتی آنت کے زخم اور السر(Duodonial ulcer)۔

iii۔ گھنٹیاوی درد،ٹوٹی ہڈیاں نہ جڑیں جبکہ ان میں ورم اور شدید سوئی گڑنے جیسے درد۔

iv۔ تمام جسمانی یا ہڈیوں کی ایسی بیماریاں جو چوٹ یا زخم سے آئی ہوں ایسے زخم جو ہڈیوں کی گہرائی تک پہنچ جائیں۔

☆ **مخصوص چوٹوں اور زخموں سے ہڈیوں کا متاثر ہونا۔**

267۔ سفلی نیم

آتشکی اثرات،درد،زخم،اضافہ مرض

i۔ سفلس کے اثرات سے پرانے گھنٹیاوی درد، ایسے درد جو اپنی جگہ تبدیل کرتے رہیں۔

ii۔ متاثرہ حصوں کے شدید درد جو بتدریج بڑھتے جائیں اور بتدریج کم ہوں۔

iii۔ مختلف اعضاء کے زخم جیسے منہ، مقعد، آلات تناسل جبکہ جلدی کا رنگ نیلگوں ہو جو ٹھیک ہونے کے بعد دیگر بنتے رہیں۔

iv۔ تمام درد اور تکالیف رات کو شدت پذیر ہوں جبکہ صبح سویرے غیر معمولی تھکان ہو۔

☆ **مخصوص مریض رات ہونے سے ڈرتا ہے چونکہ تکلیفات غروب آفتاب سے طلوع آفتاب تک ہوں۔**

268۔ ٹیباکم

ہیضہ،بلڈ پریشر،متلی وقے،تشنج

i۔ چہرہ مردوں جیسا پیلا، نبض ضرب چھوڑتی ہوئی جسم برف جیسا سرد پسینے کی کثرت اور معدے کا ڈوبنا۔

ii۔ دردِ دل، تیز دھڑکن، وریدوں اور شریانوں کی تنگی سے ہائی بلڈ پریشر، دل کا پھیل جانا سانس کی تنگی اور دمہ۔

iii۔ چکر، متلی و قے مختلف بیماریوں میں جیسے ہیضہ، دورانِ حمل، سفر، دردِ سر وغیرہ میں۔

iv۔ تشنج یا اینٹھن مثانے، گلے، پاخانے کی آنت، ٹانگوں اور پیٹ میں جبکہ تمام پٹھے کمزور۔

☆ **مخصوص مریض پیٹ کو ننگا کرنا چاہے جس سے علامات سے آرام ہو۔**

269۔ ٹیرنٹولا کیوبس

پیپ کے فتور، درد، طاعون، جِلد

i۔ پیپ کا زہریلا پن خون میں شامل ہونے سے خناق، نوبتی بخار جو شام کو زیادتی اختیار کریں۔

ii۔ سخت ورم اور درد جن سے مریض بتدریج کمزور ہوتا جائے۔ متاثرہ جگہ بینگنی مائل سبز ہو۔

iii۔ گانٹھ دار طاعون (Plague) پاؤں میں بے چینی متواتر پاؤں حرکت میں رہیں۔

iv۔ آلات تناسل کی خارش، پھوڑے، کاربنکل، خون بھرے شدید جلن اور ڈنگ لگنے جیسے درد کیساتھ۔

☆ **مخصوص کاربنکل یعنی بینگنی پھوڑے۔**

270۔ ٹیرنٹولا ہسپانیہ

اعصاب، ہسٹریا، بے قراری، غلبہ شہوت

i۔ شرم وحیا کا زبردست فقدان، رعشہ، سرخ، سیاہ اور سبز رنگوں سے نفرت، ذہنی طور پر عیار اور مکار۔

ii۔ ہسٹریا مرگی جبکہ ریڑھ کی اینٹھن اور جوش پٹھوں میں جھٹکے زبردست گھٹن کا احساس۔

iii۔ زبردست ذہنی و جسمانی بے چینی مریض مسلسل ٹہلتا رہے جبکہ جلد بہت زیادہ حساس ہو ٹانگ مسلسل ہلتی رہے۔

iv۔ دونوں جنسوں میں جنون کی حد تک غلبہ شہوت، مردوں میں خون آمیز منی، عورتوں میں اندام نہانی کی خارش۔

☆ **مخصوص ریڑھ کے اعصاب انتہائی حساس ذہنی و جسمانی بے چینی**

271۔ ٹیریکسیکم

صفراوی علامات،درد سر،زبان،ٹائیفائیڈ

i۔ صفراوی درد، جگر کا بڑھ جانا اور سخت ہو جانا، یرقان جلد زرد، پیٹ کا ہسٹریائی ابھارہ۔

ii۔ جگر کے خرابی اور بدہضمی کے سبب سر درد، سر کے پٹھے حساس اور درد بھرے جنھیں چھوا نہ جا سکے۔

iii۔ بدہضمی اور صفراوی علامات سے زبان پر نقشہ کے سے نشانات اور اس پر سفید جھلی۔

iv۔ ٹائیفائیڈ بخار گھٹنوں میں درد، چہرے اور پاؤں کی انگلیوں میں سردی، رات کو نیند آتے ہی بکثرت پسینہ آنا۔

☆ **مخصوص جگر و تلی کی بیماریوں میں سر درد۔**

272۔ ٹیلوریئم

جلد،درد،بدبودار اخراج،کان

i۔ چنبل جو چہرے کانوں کے پیچھے اور سر کی پشت پر نمودار ہوں جبکہ کھوپڑی پر خارش کے دانے۔

ii۔ ریڑھ کے مہرے حساس، کمر درد، عرق النساء، گھٹنوں کی رگوں میں سکڑاؤ، تکالیف رات کو اور دبانے سے زیادہ ہوں۔

iii۔ جسم کی رطوبتیں بدبودار ہوں جیسے چنبل، پاؤں کے پسینے، ناک اور کان سے نکلنے والے اخراج۔

iv۔ کان سے مچھلی کی سی بو والا پیپ ملا اخراج جو جہاں سے گزرے دانے پڑ جائیں۔

☆ **مخصوص پیشاب کی درد بھری تنگی اور خون ملا پیشاب۔**

﴿ہومیوپیتھی سائنسی عمل ہے جو رکتا نہیں مسلسل تجربات سے نکھار اور بہتری ہی آتی ہے﴾

273- ٹیوکریم

ناک، گومڑیاں،نزلہ زکام،مقعد

i- ناک کے اندر گومڑنما سے اندرونی گلن سڑن سونگھنے کی حس ختم ہو جائے، ناک میں رینگن کا احساس۔

ii- جسم کے اندرنئی پیدائش یا گومڑیاں ناک، پپوٹوں، پیشاب کے راستوں،مقعداوررحم وغیرہ میں۔

iii- مزمن نزلہ زکام،چھینکیں،سر درد،نزلہ اندر باہر گرتا ہے،ٹی بی کا خدشہ اور کھانسی۔

iv- آنتوں کے کیڑے جن سے مقعد میں خارش ہو،بستر میں اور رات کو شدید بے قراری ہو۔

☆ **مخصوص ناک میں گوشت اورمزمن نزلہ۔**

274- تھیریڈون

اعصابی جوش،چکر،ٹی بی،ھڈیاں

i- انتہائی اعصابی ذکی الحس معمولی رگڑیا کاغذ کی کڑکڑاہٹ سے جبکہ پریشانی،غشی اور ٹھنڈا پسینہ ساتھ ہو

ii- چکرآنکھیں بند کرنے پر زیادتی،سر درد،اس کے ساتھ متلی و قے حمل یا سفر کے دوران چکر متلی و قے۔

iii- پھیپھڑوں کی ابتدائی ٹی بی جو تیزی سے بڑھے خاص کر بائیں جانب دردِل اور سینے میں درد کیساتھ۔

iv- ہڈیوں کا ٹیڑھاپن، ناسور گلن سڑن اور ڈنگ لگنے جیسے درد، دانت درد میں آواز چیرتی ہوئی ۔لگے۔

☆ **مخصوص درد والی جگھوں میں آواز تھرتھراھٹ کیساتھ ٹکراتی محسوس ھو۔**

275۔ تھلاسپی برسا

سیلان خون، آلات بول، رحم کی رسولی، یورک ایسڈ

i۔ جسم کے مخارج سے خون بہنے کا رجحان جیسے ناک، آنتوں، پیشاب خاص کر رحم سے نہ بند ہونے والا خون کا اخراج۔

ii۔ گردے ومثانے کی سوزش، پتھریاں، اینٹ کے رنگ جیسی تلچھٹ، پیشاب کی شدید درد بھری تنگی۔

iii۔ رحم کی ریشہ دار رسولیاں جس سے بکثرت اخراج خون اور شدید کمر درد جبکہ کھڑے ہونے سے رحم میں شدت کے درد۔

iv۔ گردوں کی خرابیاں، مسلسل یورک ایسڈ کا رجحان اور اس سے بیماری یعنی پتھری بنتے رہنا۔

☆ **مخصوص رحم سے اخراج خون اور پتھری۔**

276۔ تھوجا

جِلد، آلات تناسل، درد، اعصاب

i۔ مسے، تل، گومڑ، ٹی بی کی گانٹھیں کا بشکل ڈھکی ہوئی جگہوں پر دانے جبکہ بغیر ڈھکی جگہوں پر بکثرت پسینہ

ii۔ سائیکوسس کے دبے ہوئے فتور، سوزاک، رحم کی نالیوں کی سوزش جبکہ مردوں میں گھٹیاوی ورم اور درد

iii۔ پٹھوں میں چیرنے پھاڑنے جیسے درد جو سردی، نمی اور مرطوب موسم میں شدید ہوں خشک موسم میں بہتر ہوں۔

iv۔ اعضاء شیشے کے بنے ہونے کا احساس مریض کسی کو نزدیک نہ آنے دے کہ جسم بکھر جائے گا۔

☆ **مخصوص۔ چیچک کے ٹیکے کے برے اثرات یا مرطوب موسم میں اضافہ۔**

277۔ تھائی مول

اعصابی کمزوری،مردانہ امراض، آلات بول، کیڑے

i۔ نفسانی خواہش کی زیادتی اور کثرت کار کے باعث اعصابی و جنسی کمزوری، کمر درد اور تھکن۔

ii۔ اعصابی نامردی، مسلسل اور پر درد ایستادگی، احتلام، جریان اور سرعت انزال۔

iii۔ آلات بول کی سوزش، پیشاب کی تنگی اور قطرہ قطرہ آنا یوریٹس (Urates) بڑھ جائیں فاسفیٹس کم ہو جائیں۔

iv۔ آنتوں کے اندر ہک ورم یعنی کانٹے کی شکل کے کیڑے، جس سے کمزوری چڑ چڑا پن۔

☆ **مخصوص احتلام یا مردانہ امراض**

278۔ تھائیروڈینیئم

تھائیرائیڈ گلینڈ،لاغری ، گومڑ، متفرق۔

i۔ گلہڑ جس میں آنکھیں باہر نکل آئیں (Myxoedema) دل کی دھڑکن نبض کمزور، بے قراری و گھٹن۔

ii۔ خون کی کمی پٹھوں کی لاغری، بچوں کے فوطے پیٹ سے نیچے نہ اتریں، گھٹیاوی درد اور ہڈیوں کا ٹیڑھاپن۔

iii۔ مختلف حصوں میں گومڑ یا رسولیاں جیسے پستان، رحم، گردن، گردوں وغیرہ کی ریشہ دار رسولیاں۔

iv۔ ایام حمل کی متلی و قے، جسم کا سوکھتے جانا، پستانوں میں دودھ کی کمی، رات کو بستر میں پیشاب کا نکل جانا

☆ **مخصوص تھائیرائیڈ کی ناقص نشونما سے ہونے والے جسمانی و ذہنی امراض۔**

279۔ ٹریلیم

اخراج خون، رحم، ٹی بی، پیچش

i۔ مختلف مخارج سے خون بہنے کا میلان نکسیر دانتوں، معدے، کھانسی، آنتوں اور رحم وغیرہ سے۔

ii۔ پیڑو اور رحم کے پٹھے کمزور ڈھیلے اسقاط حمل کا خطرہ بکثرت اخراج خون ریشہ دار رسولیوں کے مسبب

iii۔ پھیپھڑوں کی ٹی بی دم گھٹے چھینکیں، کھانسی، سینے میں درد، خون اور پیپ ملے بلغم کے ساتھ۔

iv۔ پرانے دست یا خونی پیچش جس میں خون کی مقدار زیادہ ہو اس کے ساتھ بے ہوشی اور چکر۔

☆ **مخصوص سیلان خون کے ساتھ بے ہوشی اور چکر۔**

280۔ ٹیوبرکولینیم

ٹی بی، کمزوری، علامات بدلنا، قوت حیات کمزور۔

i۔ مریض کا رجحان ٹی بی کی طرف، تنگ سینہ، دماغی طور پر تیز، صحت مند ہونے کی رفتار کمزور، موسم کی تبدیلی فوراً اثر انداز ہو۔

ii۔ بتدریج کمزوری باوجود اچھی خوراک کے، معمولی بداحتیاطی سے نزلہ زکام، کھانسی، یا ٹانسلز ہو جائیں۔

iii۔ علامات فوراً تبدیل ہوتی رہتی ہیں مریض زیادہ عرصہ ایک جگہ یا ایک شہر میں نہیں رہ سکتا۔

iv۔ قوت حیات، نہایت کمزور، ہر بیماری آسانی سے حملہ آور ہو جبکہ بہترین منتخب ادویات شفاء نہ دے سکیں۔

☆ **مخصوص علامات تبدیل ہوتے رہنا۔**

281۔ یورینیم نائٹریکم

ذیابطیس،معدہ ،کمزوری،استسقاء

i۔ پیشاب کثرت سے بار بار ہو، بلاارادہ نکل جانا، پیشاب کی نالی میں جلن، پیاس کی زیادتی اور شوگر

ii۔ معدے آنت کا السر ورم تیزابیت زیادہ، شدید درد اور اپھارہ بھوک اور پیاس کی زیادتی۔

iii۔ جگر کا کام سست اس کے ساتھ کمزوری ولاغری، کمر درد بلغمی جھلیاں اور جلد خشک۔

iv۔ گردوں یا شوگر کی خرابیوں سے استسقاء عام، خون کی رگیں تنگ ہونے سے ہائی بلڈ پریشر۔

☆ **مخصوص زخم معدہ اور شوگر**

282۔ ارٹکا یورینس

جلد،جوڑ،آلات بول،دودھ کی کمی

i۔ شدید خارش اور پتی اچھلنا، سرخباد، آبلے نمادانے (Herpezoster) ڈنگ لگنے جیسے درد۔

ii۔ یورک ایسڈ، گھٹیاوی درد، جوڑوں کی سوجن اور درد پتی دبنے کے اثرات بِد جوڑوں پر۔

iii۔ گردے یا مثانے کی پتھری پیشاب کی دردبھری رکاوٹ اور استسقاء، تلی کا درد اور پیچش۔

iv۔ عورتوں میں دودھ کی کمی، فرج میں ڈنگ لگنے جیسی خارش، خراشدار لیکوریا۔

☆ **مخصوص پتھری اور دودھ کی کمی**

نوٹ: بیرونی طور پر جلی ہوئی جگہ یا ہر پیز اسٹر کے لئے استعمال کریں۔

283۔ اسٹی لیگو

آتشکی اثرات،سیلان خون،جلد ،آلات تناسل

i۔ آتشکی اثرات سے بیماری جیسے بالوں اور ناخنوں کا گرنا، بالوں کے دائروں کی شکل میں گر جانا۔

ii۔ خون جاری ہونے کا میلان عام طور پر رحم سے بکثرت اور مسلسل خون بہنے کا عمل خاص طور پر۔

iii۔ چنبل جلد خشک تانبے کے رنگ کے چھوٹے دانے، سر کا تر واداو پر موٹا کھر نڈ ہو۔

iv۔ مردوں میں جنسی خواہش کا غلبہ خاص کر جلق کی دیوانگی، کمر درد جبکہ عورتوں میں بائیں پستان میں درد ہو

☆ **مخصوص جلق کی نہ رکنے والی خواہش اور رحم سے خون کا نہ رکنا۔**

284۔ ویلیریانا

ہسٹیریا،تشنج،درد،معدہ

i۔ ہسٹیر ائی اور مراقی مزاج سیمابی طبیعت، چڑچڑا، وہم، خوشی اور غمی یکے بعد دیگرے، بے خوابی۔

ii۔ ہسٹیر یائی مزاج لوگوں میں اینٹھن گلے، پیٹ، تنفس کے اعضاء وغیرہ میں۔

iii۔ پٹھوں اور جوڑوں کا شدید اینٹھن دار اعصابی درد، گھنٹیاوی درد اور جھٹکے آنا۔

iv۔ درد معدہ، دایا فرم کا تشنج اور تکلیف دہ ہچکی، زبردست اپھارہ، شیر خوار بچوں میں دودھ کی قے۔

☆ **مخصوص اعصابی و ہسٹیریائی علامت۔**

نوٹ: قوت حیات اور جسمانی ردعمل کو ابھارتی ہے۔

285۔ وریٹرم البم

دماغ،تشنج،ہیضہ،دل

i۔ ہذیان، دیوانگی، مذہبی، شہوانی یا عاشقانہ جنون، مختلف چیزوں کو کاٹنا، پھاڑنا چاہے۔

ii۔ مختلف اعضاء کی اینٹھن اور کڑل پڑنا خاص کر معدے میں اور پنڈلیوں میں جبکہ جسم برف جیسا سرد اور پسینے سے تر ہو۔

iii۔ ہیضے میں نزع جیسی کیفیت جسم ٹھنڈا چہرہ سفید نیلا اور زرد، پیشانی پر بکثرت ٹھنڈا پسینہ۔

iv۔ بوڑھوں میں رگوں کی سختی سے ہائی بلڈ پریشر،نبض کمزور بے قاعدہ، دل کی دھڑکن، متلی و قے۔

☆ **مخصوص بلغمی جھلیوں کی خشکی سے قبض یا دست یا ہر علامت کے ساتھ جسم ٹھنڈا اور بکثرت پسینہ۔**

نوٹ: امراض دل میں بطور ٹانک اس دوا کو دوسری بالمثل ادویات کے ساتھ یاد رکھیں۔

286۔ وریٹرو ورائیڈ

دل ،دوران خون،تشنج،متلی و قے

i۔ دل کے پٹھوں کی بیماری، درد دل نبض کمزور سست، پورے جسم کی رگیں تڑپتی ہوئیں، خون کی زیادتی اور ہائی بلڈ پریشر۔

ii۔ خون کا دورہ بے قاعدہ، پھیپھڑوں میں خون کا اجتماع، نمونیہ، سرسام، لولگنا، اور شدید درد۔

iii۔ مختلف اعضاء میں تشنجی پھڑکن و اکڑن جو بتدریج فالج کی جانب بڑھے دماغی جھلیوں کی سوزش سے ہذیان۔

iv۔ متلی و قے، معدے کے تشنج سے ہچکی، درد سر میں متلی و قے یا حیض رکنے سے سر میں اجتماع خون سے۔

☆ **مخصوص زبان کے درمیان سرخ لکیر ہونا۔**

287۔ وریاسکم

اعصابی درد، آلات تنفس، آلات بول، کان

i۔ شدید چیرنے، پھاڑنے جیسے درد خاص کر چہرے کی ہڈیوں جبکہ مقررہ وقت پر آنے والے جبڑوں کا درد۔

ii۔ نزلہ وزکام، گہری کھوکھلی کھانسی، آواز بگڑ جائے، دمہ ٹی بی، کھانسی رات سوتے میں شدت اختیار کرے

iii۔ متورم اور پر درد خونی بواسیر، مثانہ کمزور دباؤ کا احساس رات کو سوتے میں بلا ارادہ پیشاب کا اخراج۔

iv۔ کانوں کا شدید درد، بہرہ پن، کانوں کی نالی کی خشکی، کھرنڈ نکلنا، کان بند ہونے کا احساس۔

☆ **مخصوص کان در د میں مدر ٹنکچر کا استعمال۔**

نوٹ: اس کا عام اور مستعمل نام ملین آئل ہے۔

288۔ وِنکامائنیر

سیلان خون، جلد، خناق، حیض

i۔ جسم کا مخارج سے خون بہنے کا رجحان خاص کر رحم سے بکثرت اور مسلسل خون بہنا، یا بار بار نکسیر ہونا۔

ii۔ چنبل سر اور چہرے کا، سر کے بالوں میں جوئیں، سر کے چنبل سے بال آپس میں گتھ جائیں۔

iii۔ گلا زخمی نگلنا دشوار ہو مریض بار بار گلا صاف کرتا ہے سرخی ذکی الحس اور خناق۔

iv۔ کثرت حیض لگاتار اور مسلسل سیلان خون جو حیض نہ ہوتے ہوئے بھی رحم کی رسولی کے سبب بہتا ہے۔

☆ **مخصوص چنبل جس سے سر کے بال آپس میں الجھ جائیں۔**

﴿ایک دوا کا دل جمعی سے مطالعہ دراصل دس ادویات کا مطالعہ ہوتا ہے﴾

289- <u>وائیبرنم اوپیولس</u>

اینٹھن،رحم،متلی،بائیں جانب

i- جسم کے عام اعضاء کی تشنجی اینٹھن ،عام طور پر جبکہ حمل میں پیٹ اور ٹانگوں میں چھوٹے دردزہ خاص طور پر۔

ii- رحم کمزور اسقاط حمل کا خطرہ،بیضۃ الرحم میں اجتماع خون دوران حیض شدید اینٹھن زدہ درد۔

iii- پیڑو کے بدترین مروڑنے والے تشنجی درد جن کے ساتھ متلی پائی جائے۔

iv- علامات زیادہ بائیں جانب اسقاط حمل کی عادی خواتین میں بانجھ پن کا خطرہ،ہیسٹریکل عورتیں۔

☆ **مخصوص درد بھرے حیض اور ابتدائی ایام میں بار بار حمل گرنا۔**

290- <u>وائیولا اوڈراٹا</u>

درد،کان،آنکھ،متفرق

i- داہنی کلائی اور ہاتھ کی انگلیوں کے جوڑوں میں شدید درد،گھنٹیاوی دردیں۔

ii- چہرے سے کانوں تک شدید تناؤ کھچاؤ،بہرہ پن،کان بہنا اور گولی لگنے جیسے درد،موسیقی سے نفرت۔

iii- پپوٹے بھاری آنکھوں کے آگے شعلے،ابرؤوں اور پیشانی کے آر پار درد،کھوپڑی کی جلد تنی ہوئی۔

iv- ٹی بی کے مریضوں کو ہیسٹریا،پیشاب دودھیا،ایام حمل میں تنگی سانس بے قراری،بچوں میں پیٹ کے کیڑے اور بلا ارادہ پیشاب۔

☆ **مخصوص داھنی کلائی اورجوڑوں میں درد۔**

291۔ وائی اولاٹریکلر

جلد،چنبل، آلات بول، آلات تناسل

i۔ سائیکوسس کے اثرات، پھنسیاں سراور چہرے پران پر موٹا کھرنڈ، پیپ اور نا قابل برداشت خارش وجلن۔

ii۔ مزمن چنبل سر، چہرے، بازوؤں، پاؤں، گردن وغیرہ پر نیچے لیسدار پیپ ہو۔

iii۔ بار بار پیشاب آنا، پیشاب کارکنا، پیشاب سے بلی کے پیشاب سی بوآئے جبکہ جلدی بیماریاں ساتھ ہوں۔

iv۔ مردوں میں شہوانی خیالات کیساتھ بکثرت احتلام ہونا اور اس کے ساتھ پریشان کن بے خوابی۔

☆ **مخصوص ایگزیما**

292۔ وائی پیرا

دماغ و اعصاب، دوران خون، سیلان خون، متفرق

i۔ غیرارادی اعصاب کی تیزی سے جزوی فالج، جو نچلے دھڑ سے اوپر کے رخ بتدریج بڑھے۔

ii۔ وریدوں کا ورم اور سوجن رگوں کا گچھوں کی شکل ہو (Varicose vein) متاثرہ حصے کالٹکانے سے پھٹنے جیسا درد۔

iii۔ مختلف مخارج سے آسانی سے خون بہے خاص کر نکسیر میں، علامات مقررہ سال اور اوقات میں لوٹا کریں

iv۔ جگر کا بڑھنا، سن یاس کے عوارض، خون ملا پیشاب، دل کی خرابی سے استسقاء، حرام مغز اور ریڑھ کی سوزش۔

☆ **مخصوص متاثرہ عضو کو لٹکانے سے احساس جیسے درد سے پھٹ جائیگا۔**

293۔ وسکم البم

گھنٹیا،درد،اعصاب،دل

i۔ جوڑوں میں سوزش اور درد ایسی گھنٹیاوی شکایات جسکے ساتھ بہرہ پن کھانسی سانس کی تنگی اور دمہ ہو۔

ii۔ شدت کے چیرنے پھاڑنے جیسے اعصابی درد، رحم کی تکلیف سے کمر درد، عرق النساء، اعضاء کا درد۔

iii۔ اعصابی کمزوریاں، مرگی، رعشہ پٹھوں میں جوشِ تشنجی جھٹکے کھچاؤ اور درد۔

iv۔ دل اور رگوں کا پھیل جانا جس سے لو بلڈ پریشر نبض سست تناؤ کم بوجھ اور دم گھٹنے کیساتھ۔

☆ **مخصوص لو بلڈ پریشر اور عرق النساء**

294۔ وتھیا

سوزش حلق، آلات تنفس، نزلہ و زکام، بواسیر

i۔ حلق میں سوجن اور درد خشکی جس سے مریض مسلسل کھنکارتا ہے، نتھنوں کے پچھلے حصے میں خارش ہونا۔

ii۔ حلق و حنجرے کی نالی میں گدگداہٹ سے کھانسی خشک دمہ، مقررین یا گانے والوں میں آواز کا بگڑنا۔

iii۔ وبائی انفلوانزہ، نزلہ وزکام، ہے فیور سانس کی نالیوں، پھیپھڑوں اور حلق میں جلن ہو۔

iv۔ خونی و بادی بواسیر قبض، مقعد میں خارش رات کو پتلا اور سیاہ رنگ کا پاخانہ۔

☆ **مخصوص گلے کی مزمن سوزش میں مسلسل کھنکھارتے رہنا۔**

295۔ زنتھا کسیلم

اعصاب،حیض،درد،بے خوابی

i۔ اعصابی و ہسٹریکل مزاج، اعصابی کمزوری بائیں جانب بے حسی اور فالج اور آدھے سر کا درد۔

ii۔ لاغر اور کمزور جسم عورتوں میں قبل از وقت بکثرت اور شدید اینٹھن بھرے حیض، زچگی کے بعد درد۔

iii۔ جسم میں مختلف جگہوں پر اعصابی درد جیسے قولنج، رحم، عرق النساء وغیرہ کے درد، درد تیزی سے آتے ہیں

iv۔ کمزور جسم، اعصابی کمزوری اور درد بھرے عوارضات کیساتھ بے خوابی جبکہ سونے سے تازگی نہیں آتی۔

☆ **مخصوص درد بھرے حیض اور زچگی کے بعد دردیں۔**

296۔ ایکس رے

جلد، آلات تناسل،خون کی کمی، کمزور رد عمل

i۔ خارش، چنبل، کھردری خشک اور پھٹی ہوئی جلد نہ مندمل ہونے والے زخم، کینسر اور شدید درد۔

ii۔ جنسی غدود شدید متاثر، سوزاک کے اثرات بد مردوں کی نامردی یا دونوں جنسوں میں بانجھ پن۔

iii۔ ہیموگلوبین کی کمی سفید خلیات کا بڑھ جانا، ہڈیوں میں گودے کی خرابیاں اور تباہ کاریاں۔

iv۔ قوت حیات کمزور، ردِعمل کا زبردست فقدان، جلدی ابھار اور سائیکوسس کے چھپے ہوئے بگاڑ۔

☆ **مخصوص جلدی امراض اور بانجھ پن۔**

﴿ کسی دوا کو ایک بیماری کے ساتھ وابستہ کرنے سے اس کی باقی علامات چھپی رہ جاتی ہیں ﴾

297۔ زنکم میٹالکم

اعصاب، کمزوری، اخراج دبنا، بے چینی

i۔ زبردست اعصابی ودماغی تکان، ریڑھ کی لمبائی میں جلن، تشنج، رعشہ، فالج لرزہ اور بے قراری۔

ii۔ خون کی کمی جسمانی کمزوری چہرے پر پیلا پن یا سفیدی مریض اتنا کمزور کہ جسم سے کوئی چیز خارج نہ کر سکے۔

iii۔ ایسی تمام بیماریاں جو جسمانی اخراج یا رطوبتوں کے دبنے سے ہوں جیسے جلدی ابھار، حیض، بلغم، پیشاب وغیرہ۔

iv۔ پٹھوں کی کمزوری، مسلسل اعصابی بے چینی اور چلبلاہٹ، پاؤں مسلسل ہلتے رہیں حتیٰ کہ نیند میں بھی۔

☆ **مخصوص دبے ہوئے اخراج جاری ہونے سے علامات میں کمی۔**

298۔ زنکم ویلیریانہ

اعصابی درد، ہیسٹریا، ہچکی، ریڑھ

i۔ شدت کے اعصابی درد جو زیادہ تر سر، چہرے، گردن اور بیضۃ الرحم میں۔

ii۔ ہیسٹریا، مرگی کے دورے اچانک اور بغیر شعلے کے ہوں۔ بچوں میں بے خوابی۔

iii۔ ہسٹیرائی اپھارہ اور نہ رکنے والی ضدی اور پیچیدہ قسم کی ہچکی۔

iv۔ ریڑھ کی کمزوری و عصبی درد، عرق النساء، ٹانگیں متواتر حرکت میں رہیں، ریڑھ کی سوزش۔

☆ **مخصوص ہسٹیریکل مزاج اور اعصابی درد۔**

299۔ زنجیبر

معدہ، تنفس، گردے خوش مزاجی

i۔ بدہضمی، بھاری پن خصوصاً تکالیف خربوزے یا تربوز کھانے سے معدے کی تیزابیت اور درد۔

ii۔ خشک کھانسی، نزلہ زکام، تنگی سانس دگھٹن سینے میں سوئی لگنے جیسا درد معدے کی خرابی سے دمہ۔

iii۔ گردوں کا فعل کمزور یا گردوں کی مکمل خرابی پیشاب کا رک جانا یا پیشاب قطرہ قطرہ گرنا۔

iv۔ اس دوا کی تمام بیماریوں میں یا علامات میں مریض ذہنی طور پر بے چین اور فکر مند نہیں ہوتا۔

☆ **مخصوص بدھضمی سے دمہ اور سانس کے امراض۔**

300۔ بربرس ویلگرس

صفراوی اعضاء، وریدی نظام، گھنٹیا، آلاتِ بول

i۔ جگر، تلی اور پتے کے امراض جس میں صفرا کے بہاؤ میں رکاوٹ ہو اور پتے کی پتھریاں۔

ii۔ صفراوی خرابیوں سے وریدی نظام متاثر ہو جس کا بڑا اثر خونی یا بادی بواسیر کی شکل میں ہو۔

iii۔ شدید گھنٹیاوی دردیں جو مرکز سے چاروں طرف پھیلیں اور تیزی سے اپنی جگہ تبدیل کریں۔

iv۔ گردے اور مثانے کی پتھریاں، عرق النساء، علامات کا دائرہ زیادہ تر بائیں جانب ہوتا ہے۔

☆ **مخصوص متاثرہ جگہ سے گرم بلبلے اٹھنے کا احساس**

301 برائیٹا کارب

غدود،دورانِ خون،بچپن و بڑھاپہ،اعصاب

i۔ جسم کے تقریباً تمام غدود بڑھنے کا رجحان یعنی خنازیری مزاج۔

ii۔ دورانِ خون بے قاعدہ، رگوں کی تنگی ان میں ریشے دار گومڑ بننے کا رجحان اور ہائی بلڈ پریشر۔

iii۔ بچوں میں ذہنی اور جسمانی بونا پن، ٹانسلز کے ساتھ، بوڑھوں میں بچوں جیسی عادتیں پراسٹیٹ بننے کے ساتھ۔

iv۔ اعصاب نہایت کمزور، سوچنے اور سمجھنے کی صلاحیت نہایت پست

☆ **مخصوص** **کُند ذ ھنی کے ساتھ بچوں یا بوڑھوں میں غدود بڑھنا۔**

302 برائیٹا میور

دل ،غدود ،دماغ،اعصاب

i۔ بوڑھوں میں دل کی کمزوریاں، دردِ دل، دھڑکن، شریانوں کے تناؤ اور سکڑاؤ سے ہائی بلڈ پریشر۔

ii۔ جسم کے غدود بڑھنے کا رجحان خاص کر بچوں میں ٹانسلز جبکہ رگوں میں گومڑیاں۔

iii۔ ہر دو جنسوں میں خواہشِ نفسانی کی زیادتی تشنج اور دماغی پاگل پن کے ساتھ۔

iv۔ اعصاب کے تحت پٹھوں کی فالجی کمزوریاں، جسم برف جیسا سرد، قوت ارادی کی کمزوری۔

☆ **مخصوص** **دوران خون اور غدود۔**

303۔ برائی اونیا

بلغمی جھلیاں ،جوڑ و پٹھے۔صفراوی اعضاء،دائیں جانب

i۔ بلغمی جھلیاں شدید خشک جس کی وجہ سے پانی کی شدید پیاس جو لمبے وقفے سے ہو اور قبض۔

ii۔ جھلیوں کی خشکی سے ہڈیوں اور پٹھوں میں سوئی چبھنے جیسے، چیرنے پھاڑنے والے درد۔

iii۔ صفراوی حصوں کی تکالیف جیسے یرقان اور صفرا کا بے قاعدہ بہاؤ۔

iv۔ تکالیف کا زیادہ تر حصہ دائیں جانب بنتا ہے۔

☆ **مخصوص متاثرہ جگہ کو دبانے سے آرام کرنے سے آرام جبکہ حرکت سے اضافہ**

(بالمثل علاج ایک فن ہے اس لئے ڈاکٹر کو فنکار ہونا چاہیئے)

304۔ بسمتھ

معدہ،نزلاوی ورم اینٹھن،قئے

i۔ شدید درد معدہ، زخم معدہ، کھائی ہوئی خوراک کچھ دیر میں واپس ہو جائے۔

ii۔ معدے کی بلغمی جھلیوں کا نزلاوی ورم جس سے جلن اور تیزابیت ہو۔

iii۔ معدے کی تکالیف سے وابستہ چہرے، منہ کے عضلات اینٹھن زدہ درد۔

iv۔ معدے کی بیماریوں کے ساتھ کم و بیش قئے لازماً پائی جاتی ہے۔

☆ **مخصوص دردِ معدہ جو سر درد کے ساتھ تبدیل ہوتا رہے۔**

305۔ بیسی لینیم

آلاتِ تنفس، غدود، جلد، نزلاوی ورم

i۔ نہ درست ہونے والے سانس کے امراض مثلاً کھانسی، دمہ، ٹی بی بلغم کم نکلا کرے بالخصوص بوڑھوں میں۔

ii۔ جسم کے مختلف حصوں کے غدود بڑھنے کا رجحان یعنی خنازیری مزاج۔

iii۔ جلدی بیماریاں، زخم، خارش، پھوڑے اور نہ ٹھیک ہونے والا چنبل۔

iv۔ اندرونی بلغمی جھلیوں کا نزلاوی ورم۔ نزلہ اور زکام کا رجحان۔

☆ **مخصوص امراض تنفس**

306۔ بپٹیشیاء

ٹائیفائیڈ، انفلونزاہ، بدبودار رطوبتیں، غنودگی

i۔ خون کے اندر ٹائیفائیڈ اور ملیریا بخاروں کا زہر شامل ہو جانا شدید بخار پٹھوں میں دکھن کیساتھ۔

ii۔ حادوبائی انفلوانزہ آنکھوں میں جلن اور بکثرت پانی جیسا اخراج جبکہ تمام جسم میں چوٹ کا سادرد۔

iii۔ جسم کے تمام مخارج سے نکلنے والی رطوبتیں بدبودار اور سڑاؤ جیسی ہوں۔

iv۔ کم وبیش ہر بیماری کے ساتھ جسم کے پٹھوں کی دکھن اور غنودگی پائی جاتی ہے۔

مخصوص ٹائیفائیڈ اور غنودگی

(ہومیو پیتھ فیل ہوسکتا ہے ہومیو پیتھی نہیں)

307۔ بالسم پیرو

آلات تنفس،ٹی بی،نزلہ و زکام،بلغم

i۔ ہوا کی نالیوں کا مزمن ورم جس سے پریشان کن پرانی کھانسی ہو۔

ii۔ ٹی بی اور اس کا بخار جس سے رات کے پسینے اور شدید نقاہت ہو۔

iii۔ مریض نزلہ وزکام کے لئے بہت حساس معمولی ٹھنڈ سے نزلہ وزکام۔

iv۔ تمام نزلاوی ورموں میں پیپ جیسے بلغم کا بکثرت اخراج ہوتا ہے۔

مخصوص **آلات تنفس کی بیماری**

نوٹ نہ مندمل ہونے والے زخموں، ہاتھوں پاؤں کے پھٹنے اور خارش کے لئے خارجی استعمال ہوتا ہے۔

متضاد ادویات

نوٹ:- درج ذیل ادویات کبھی بھی ایک دوسرے کے بعد استعمال نہیں ہونی چاہییں۔

ادویات	متضاد ادویات	ادویات	متضاد ادویات
برائی اونیا	کلکیریا کارب	کاسٹیکم	فاسفورس
اسٹیفس سیگریا	رینن کولس بلب	ایپس میلیفیکا	رسٹاکس
چائنا	سیلی ئیم	ارجنٹم نائٹریکم	نیٹرم میور
پلسٹلا	ایپس میلیفیکا	سلفر	کلکیریا کارب،نکس موسکاٹا
بیلاڈونا	ایسٹک ایسڈ	برومیئم	دودھ
کیلیڈیئم	آرم ٹرائفلم	کالوفائلم	کافیا کروڈا
کلیمیٹس	کیمفر	کوکا	جیلسیمیئم
کوکولس	نکس وامیکا	ڈیجی ٹیلس	چائنا
ڈلکامارا	بیلاڈونا	ڈلکامارہ	لیکسس
اگنیشیا	ٹیاکم،نکس وامیکا	کیریازوٹ	کاربوویج
لیکسس	ایسٹک ایسڈ	نائیٹرک ایسڈ	لیکسس
نکس وامیکا	زنکم میٹیلکم	فائی ٹولاکا	مرکری اوراس کے مرکبات
رینن کولس بلب	سلفر	سیپیا	لیکسس
پلسٹلا	سیپیا	زنکم میٹلیکم	کیمومِلا
ارجنٹم نائیٹریکم	کافیا کروڈا	کافیا کروڈا	اگنیشیا امارہ
امونیم کارب	لیکسس	ایلئیم سٹیوا	ایلئیم سیپیا
ایلوز	ایلئیم سٹیوا	برائٹا کارب	کلکیریا اوراس کے مرکبات
بسمتھ	فاسفورس	آرسنکم البم	بسمتھ
بسمتھ	اٹم کروڈم	بوریکس	ایسٹک ایسڈ
پوڈوفائیلم	کھانے کا نمک	سٹرامونیئم	کافیا کروڈا
سسبٹس کیناڈس	کافیا کروڈا	سیلیشیا	مرکری اوراس کے مرکبات

07	سورائیئم	ایپس ملیفیکا	سورائیلیم	کروٹن ٹگلیئم
	سورائیلیم	لیکسس	بپیپیا	لیکسس
	فیرم میٹلیکم	تھیا یعنی چائے	کاربالک ایسڈ	گلسرین اور عام تیل
i۔	کافیا کروڈا	کینتھرس	کافیا کروڈا	کاسٹیکم
ii۔	کافیا کروڈا	کوکولس	کیریازوٹ	چائنا
iii	کوکولس	کاسٹیکم	کونیئم	سورائی نم
iv	کیمفر	چائے ،قہوہ	لائیکوپوڈیم	قہوہ
ـه	اسیڈ لِکٹک	قہوہ	لیڈم پال	چائنا
نو	نائٹری اسپرٹس	ڈیجی ٹیلس	نکس وامیکا	پلسٹلا

کتاب میں استعمال ہونے والی ہندی اردو اور فارسی اصطلاحیں

نمبر	اردو	English
1	مرگی	Epilepsy
2	فوطوں کی سوجن	Hydrocele
3	سوکھا پن	Marsamus
4	ورمِ باریطون	Peritonitis
5	ہذیان	Deliruim
6	رعشہ	Corrhoea
7	مراقی مزاج	Anxiety
8	ورم حنجرہ	Laryngitis
9	کری ہڈیاں	Cartilages
10	سن یاس	Menopass
11	بوائیاں	Chilblains
12	پتی اچھلنا	Urticaria
13	دنبل	Carbuncles
14	سرخباد	Erysipeias
15	بسہری	Onychea
16	ناسور مقعد	Anus Fistula
17	چیر، شگاف	Fissure
18	گٹے	Corns
19	استقاء	Odema
20	لال بخار	Scarlartina
21	سرسام	Menengitis
22	لُو لگنا	Sunstrock
23	حرارت عزیزی	Low Blood Pressure
24	اینٹھن	Cramps
25	گردن توڑ بخار	Menengitis
26	ہڈ توڑ بخار	Deango Fever
27	سبز تھبس	Green Anaemia
28	آبی مزاج	Hydrogenoid
29	مسے	Warts
30	گوگھرو جن	Corns
31	بستر کے زخم	Bed Sore
32	نقرس	Gaut
33	گنٹھیا	Arthritis
34	ناسور	Cancer
35	خناق	Diphtheria
36	کالا یرقان	Hepatitis"C"
37	احتلام	Night Emisition

English	اردو	نمبر
Premature Ejucalation	سرعت انزال	38
Leprosy	کوڑھ	39
Hemiplegia	ادھرنگ	40
Mumps	کن پیڑ	41
Migrein	درد شقیقہ	42
Urticaria	نقاطسی دانے	43
Dropsy	جلندھر	44
Septicaemia	عفونت	45
Sensetivity	ذکی الحس	46
Prostate Gland	غدہ مذی	47
Ovalve	کوا	48
Bilious	صفراوی	49
Blood Deaseas	دموی	50
Rickits	کساح	51
Pimpls	کیل	52
Anus	سیون	53
Mensis	نفاس	54
Peritonium Membrein	پردہ صفاق	55

چند اہم میڈیکل اصطلاحیں (MEDICAL TERMS)

AGALACTIA	دودھ کم بننا	ABORTION	استقاط حمل
ANGINA	دردِ دل	ALOPECIA	گنجا پن
ASCITES	پیٹ میں پانی پڑنا	APOPLEXY	سکتہ
		ANXIETY	تشویش
BLEPHRITIS	پپوٹوں کی سوزش	BELLS PARALYSIS	لقوہ
CONJUNCTIVITIS	آشوب چشم	CONVULSION	جھٹکے پڑنا
CARIES	دانت میں کیڑا لگنا	COMEDONES	کیل مہاسے
CHLOROSIS	سبز یرقان	CATALAPSY	اچانک بے ہوشی
		CHOLECYSTITIS	پتے کی سوزش
		DWARFISHNESS	بونا پن
ENCEPHLITIS	ورم دماغ	ECLAMPSIA	سمیتِ حمل
EPISTAXIS	نکسیر	EPIDEMIES	وبائی امراض

GLEET	سوزاک میں پیپ آنا	GALACTORRHOEA	دودھ کی زیادتی
		GRAVEL	پیشاب میں ریت آنا
HAEMOPTYSIS	خونی قے	HAEMTURIA	خونی پیشاب
HOARSENESS	آواز بیٹھنا	HAEMORRHAIDS	بواسیر
INSOMINIA	بے خوابی	IMPOTENCY	نامردی
		LAUCOCYTHAEMIA	خون کے سفید زرات بڑھنا ۔
NEURASTHENIA	اعصابی کمزوری	NUMBNESS	سن ہو جانا
NAUSEA	متلی	NAEVUS	پیدائشی نشانات
NOCTURNAL ENURESIS	بستر پر پیشاب کرنا	NEURITIS	ورم اعصاب
		NYMPHOMANIA	جنسی جنون
		OTORRHOEA	کان بہنا
PLAGUE	طاعون	POLYURIA	پیشاب زیادہ آنا

PANOPHTHALMITIS	آنکھوں کا ورم	PTERYGIUM	ناخونہ
		PERNICIOUS ANAEMIA	خون کی مہلک کمی
SPERMATORRHOEA	جریان میں منی	SOMMNABULISM	نیند میں چلنا
SPRAIN	موچ پڑنا	STERILITY	بانچھ پن
SCALDS	مائع چیز سے جلنا	SPONGYLITIS	مہروں کی سوزش
SCARLATINA	خسرے کا بخار	SEPTICAEMIA	خون میں زہر
SNEEZING	چھینکیں	STAMMERING	لکنت
SPLENOMEGALY	تلی کا بڑھنا	SNORING	خراٹے
		SPORING CATARH	آنکھوں کی الرجی
TINNITUS	کان بجنا	TREMOR	رعشہ
TRACHOMA	ککرے	TRICHIASIS	پڑبال